مَا خَرَجَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مِنْ بَیْتِیْ قَطُّ اِلَّا رَفَعَ طَرْفَہٗ اِلَی السَّمَآءِ

نہیں نکلے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم میرے گھر سے کبھی مگر کہ اٹھاتے نگاہ اپنی طرف آسمان کی

فَقَالَ اللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُ بِكَ اَنْ اَضِلَّ اَوْ اُضَلَّ اَوْ اَظْلِمَ اَوْ اُظْلَمَ اَوْ اَجْهَلَ

پھر کہا یا الٰہی تحقیق میں پناہ مانگتا ہوں ساتھ تیرے اس سے کہ گمراہ ہوں میں یا گمراہ کیا جاؤں یا ظلم کروں میں یا ظلم کیا جاؤں یا جاہل

اَوْ یُجْهَلَ عَلَیَّ وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ اِذَا خَرَجَ الرَّجُلُ مِنْ

یا جہل کیا جاؤں مجھ پر اور روایت ہے انس سے کہا فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے جب نکلے کوئی شخص اپنے

بَیْتِهٖ فَقَالَ بِسْمِ اللّٰهِ تَوَكَّلْتُ عَلَی اللّٰهِ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ یُقَالُ لَهٗ حِیْنَئِذٍ

گھر سے پھر کہے نکلتا ہوں میں ساتھ نام اللہ کے بھروسا کیا میں نے اللہ پر نہیں پھرنا گنا ہوں سے اور نہیں قوت عبادت پر مگر ساتھ مدد اللہ کے کہا

هُدِیْتَ وَكُفِیْتَ وَوُقِیْتَ فَتَتَنَحّٰی لَهُ الشَّیْطٰنُ وَیَقُوْلُ شَیْطَانٌ اٰخَرُ كَیْفَ

راہ راست دکھایا گیا تو اور کفایت کیا گیا تو اور محفوظ رہا تو پس کنارہ ہو جاتا ہے اس سے شیطان اور کہتا ہے دوسرا شیطان کیونکر میسر ہو گا

لَكَ بِرَجُلٍ قَدْ هُدِیَ وَكُفِیَ وَوُقِیَ رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ وَرَوَی التِّرْمِذِیُّ اِلٰی

تجھ کو بر شخص اس شخص پر کہ تحقیق ہدایت کیا گیا اور کفایت کیا گیا اور محفوظ رہا سب برائیوں سے نقل کی یہ ابوداود نے اور نقل کی ترمذی نے بسبب

قَوْلِهٖ لَهُ الشَّیْطٰنُ وَعَنْ اَبِیْ مَالِكِ الْاَشْعَرِیِّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی

لفظ لہ الشیطان تک اور روایت ہے ابی مالک اشعری سے کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ

عَلَیْهِ اِذَا وَلَجَ الرَّجُلُ بَیْتَهٗ فَلْیَقُلِ اللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْاَلُكَ خَیْرَ الْمَوْلَجِ وَخَیْرَ الْمَخْرَجِ

علیہ وسلم نے جس وقت کہ داخل ہو آدمی اپنے گھر میں پس چاہیے کہ کہے یا الٰہی تحقیق میں مانگتا ہوں تجھ سے بھلائی داخل ہونے کی اور بھلائی نکلنے کی

بِسْمِ اللّٰهِ وَلَجْنَا وَعَلَی اللّٰهِ رَبِّنَا تَوَكَّلْنَا ثُمَّ لِیُسَلِّمْ عَلٰی اَهْلِهٖ رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ

ساتھ نام اللہ کے داخل ہوئے ہم اور اللہ پر کہ رب ہمارا ہے بھروسا کیا ہم نے پھر سلام علیک کرے اپنے اہل پر نقل کی یہ ابوداود نے

وَعَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ كَانَ اِذَا رَفَّاَ الْاِنْسَانَ اِذَا تَزَوَّجَ

اور روایت ہے ابوہریرہ سے یہ کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم تھے جس وقت کہ دعا دیتے آدمی کو جب نکاح کرتا

قَالَ بَارَكَ اللّٰهُ لَكَ وَبَارَكَ عَلَیْكُمَا وَجَمَعَ بَیْنَكُمَا فِیْ خَیْرٍ رَوَاهُ اَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِیُّ

فرماتے برکت دی اللہ نے تجھ کو اور برکت دی تم دونوں کو اور جمع کرے درمیان تمہارے بھلائی کے نقل کی یہ احمد اور ترمذی

وَاَبُوْدَاوٗدَ وَابْنُ مَاجَةَ وَعَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَیْبٍ عَنْ اَبِیْهِ عَنْ جَدِّهٖ عَنِ

اور ابوداؤد اور ابن ماجہ نے اور روایت ہے عمرو بن شعیب سے اپنے باپ سے اس نے اپنے دادا سے

النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِذَا تَزَوَّجَ اَحَدُكُمُ امْرَاَةً اَوِ اشْتَرٰی خَادِمًا فَلْیَقُلِ

نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے فرمایا جس وقت کہ نکاح کرے ایک تمہارا کسی عورت سے یا خرید ہی برد ا پس چاہیے کہ کہے

اللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْاَلُكَ خَیْرَهَا وَخَیْرَ مَا جَبَلْتَهَا عَلَیْهِ وَاَعُوْذُبِكَ مِنْ شَرِّهَا

یا الٰہی تحقیق میں سوال کرتا ہوں تجھسے بھلائی اسکی اور بھلائی اسچیز کی کہ پیدا کیا تو نے اسکو اسپر اور پناہ مانگتا ہوں نہیں پناہ تیری برائی اسکی سے

وَشَرِّ مَا جَبَلْتَهَا عَلَیْهِ وَاِذَا اشْتَرٰی بَعِیْرًا فَلْیَاْخُذْ بِذُرْوَةِ سَنَامِهٖ وَلْیَقُلْ

اور برائی اسچیز کی سے کہ پیدا کیا تو نے اسکو اسپر اور جبکہ خریدے اونٹ پس چاہیے کہ پکڑے بلندی کوہان اسکی اور کہے

مِثْلَ ذٰلِكَ وَفِیْ رِوَایَةٍ فِی الْمَرْاَةِ وَالْخَادِمِ ثُمَّ لْیَاْخُذْ بِنَاصِیَتِهَا وَلْیَدْعُ

مانند اسکی اور ایک روایت میں بیچ عورت اور بردے کے یوں آیا ہے کہ پھر چاہیے کہ پکڑے بال پیشانی عورت یا بردے کی اور دعا کرے

بِالْبَرَكَةِ رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ وَابْنُ مَاجَةَ وَعَنْ اَبِیْ بَكْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ

ساتھ برکت کے نقل کی یہ ابوداؤد اور ابن ماجہ نے اور روایت ہے ابی بکرہ سے کہا فرمایا رسول اللہ

صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ دَعَوَاتُ الْمَكْرُوْبِ اَللّٰهُمَّ رَحْمَتَكَ اَرْجُوْ فَلَا تَكِلْنِیْ اِلٰی نَفْسِیْ

صلے اللہ علیہ وسلم نے دعا غمزدے کی یا الٰہی تیری رحمت کا امیدوار ہوں پس نہ سونپ مجھکو طرف نفس میری کی

طَرْفَةَ عَیْنٍ وَاَصْلِحْ لِیْ شَاْنِیْ كُلَّهٗ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ وَعَنْ

ایک لحظہ اور درست کر میرے لیے کام میرا سب نہیں کوئی معبود سوائے تیرے نقل کی یہ ابوداؤد نے اور روایت ہے

اَبِیْ سَعِیْدِ نِ الْخُدْرِیِّ قَالَ قَالَ رَجُلٌ هَمُّوْمٌ لَزِمَتْنِیْ وَدُیُوْنٌ یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ

ابی سعید خدری سے کہ کہا ایک شخص نے کہ فکر بن لگیں ہیں مجکو اور قرض ہے ذمہ پر دین ہے یا رسول اللہ

قَالَ اَفَلَا اُعَلِّمُكَ كَلَامًا اِذَا قُلْتَهٗ اَذْهَبَ اللّٰهُ هَمَّكَ وَقَضٰی عَنْكَ

فرمایا کیا نہ سکھلاؤں میں تجکو ایک کلام کہ جسوقت کہے تو اسکو دور کرے اللہ فکر تیرے اور ادا کرے اللہ تجسے

دَیْنَكَ قَالَ قُلْتُ بَلٰی قَالَ قُلْ اِذَا اَصْبَحْتَ وَاِذَا اَمْسَیْتَ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ

دین تیرا کہا کہا میں نے مقرر بتلائیے فرمایا کہہ جسوقت صبح کرے تو اور جسوقت کہ شام کرے تو یا الٰہی تحقیق میں

اَعُوْذُبِكَ مِنَ الْهَمِّ وَالْحُزْنِ وَاَعُوْذُبِكَ مِنَ الْعَجْزِ وَالْكَسَلِ وَاَعُوْذُ

پناہ مانگتا ہوں ساتھ تیرے فکر اور غم سے اور پناہ مانگتا ہوں ساتھ تیرے عاجزی سے اور سستی سے اور پناہ

بِكَ مِنَ الْبُخْلِ وَالْجُبْنِ وَاَعُوْذُبِكَ مِنْ غَلَبَةِ الدَّیْنِ وَقَهْرِ الرِّجَالِ قَالَ

ساتھ تیرے بخیلی سے اور نامردی سے اور پناہ مانگتا ہوں تجھسے ساتھ تیرے غالب ہوئی قرض کے سے اور غلبہ لوگوں کے سے کہا

فَفَعَلْتُ ذٰلِكَ فَاَذْهَبَ اللّٰهُ هَمِّیْ وَقَضٰی عَنِّیْ دَیْنِیْ رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ

پس کیا میں نے یہ پس دور کیے اللہ نے فکر میرے اور ادا کیا ذمہ میرے سے دین میرا نقل کی یہ ابوداؤد نے

وَعَنْ عَلِیٍّ اَنَّهٗ جَاءَهٗ مُكَاتَبٌ فَقَالَ اِنِّیْ عَجَزْتُ عَنْ كِتَابَتِیْ فَاَعِنِّیْ قَالَ

اور روایت ہے حضرت علی سے یہ کہ آیا انکے پاس ایک مکاتب پس کہا تحقیق میں عاجز ہوں بدل کتابت اپنی سے پس مدد کر مجھ کو فرمایا

اَلَا اُعَلِّمُكَ كَلِمَاتٍ عَلَّمَنِیْهِنَّ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَوْ كَانَ عَلَيْكَ مِثْلُ

کیا نہ سکھلاؤں میں تجھکو وہ کلمات کہ سکھلائے مجھکو رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے اگر ہو تجھ پر مانند

جَبَلٍ كَبِيْرٍ دَيْنًا اَدَّاهُ اللّٰهُ عَنْكَ قُلِ اللّٰهُمَّ اكْفِنِیْ بِحَلَالِكَ عَنْ حَرَامِكَ

پہاڑ بڑے کی دین ادا کرے ادسکو اللہ تعالیٰ تیری ذمہ سے کہہ یا الٰہی کفایت کر مجھ کو ساتھ حلال اپنے کے حرام اپنے سے

وَاَغْنِنِیْ بِفَضْلِكَ عَمَّنْ سِوَاكَ رَوَاهُ التِّرْمِذِیُّ وَالْبَيْهَقِیُّ فِی الدَّعَوَاتِ الْكَبِيْرِ

اور بے پروا کر مجھکو ساتھ فضل اپنے کے اس شخص سے کہ سوا تیرے ہے یہ نقل کی یہ ترمذی نے اور بیہقی نے دعوات کبیر میں

وَسَنَذْكُرُ حَدِيْثَ جَابِرٍ اِذَا سَمِعْتُمْ نُبَاحَ الْكِلَابِ فِیْ بَابِ تَغْطِيَةِ الْاَوَانِیْ

اور ذکر کریں گے ہم حدیث جابر کی اذا سمعتم نباح الکلاب پھر باب تغطیۃ الاوانی کے

اِنْ شَاءَ اللّٰهُ تَعَالٰى اَلْفَصْلُ الثَّالِثُ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ اِنَّ رَسُوْلَ

اگر چاہے گا اللہ تعالیٰ فصل تیسری روایت ہے عائشہ سے کہا تحقیق رسول

اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ اِذَا جَلَسَ مَجْلِسًا اَوْ صَلّٰى تَكَلَّمَ بِكَلِمَاتٍ فَسَاَلْتُهٗ عَنِ

اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تھے جب بیٹھتے ایک جگہہ یا نماز پڑھتے پڑھتے کتنے کلمے پس پوچھا میں نے اس سے

الْكَلِمَاتِ فَقَالَ اِنْ تَكَلَّمَ بِخَيْرٍ كَانَ طَابَعًا عَلَيْهِنَّ اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ وَاِنْ

وہ کلمے پس فرمایا اگر کلام کیا بھلائی کی ہونگے یہ کلمے مہر اوپر اسکے قیامت تک اور اگر

تَكَلَّمَ بِشَرٍّ كَانَ كَفَّارَةً لَهٗ سُبْحَانَكَ اللّٰهُمَّ وَبِحَمْدِكَ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ

کلام برا کیا جاوے ہونگے یہ کلمے سبب بخشش اسکی کی وہ کلمہ یہ ہیں پاک ہو تو یا الٰہی اور بابی بیان کرتا ہوں میں تیرے ساتھ تعریف تیری کو

اَسْتَغْفِرُكَ وَاَتُوْبُ اِلَيْكَ رَوَاهُ النَّسَائِیُّ وَعَنْ قَتَادَةَ بَلَغَهٗ اَنَّ رَسُوْلَ

بخشش چاہتا ہوں میں تجھسے اور توبہ کرتا ہوں میں طرف تیری نقل کی یہ نسائی نے اور روایت ہے قتادہ سے کو پہنچا ہے اسکو یہ کہ تحقیق رسول

اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ اِذَا رَاَى الْهِلَالَ قَالَ هِلَالُ خَيْرٍ وَرُشْدٍ هِلَالُ خَيْرٍ

اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تھے جبکہ دیکھتے چاند کو کہتے چاند ہے بھلائی کا اور ہدایت کا چاند ہے بھلائی کا

وَرُشْدٍ هِلَالُ خَيْرٍ وَرُشْدٍ اٰمَنْتُ بِالَّذِیْ خَلَقَكَ ثَلٰثَ مَرَّاتٍ ثُمَّ

اور ہدایت کا چاند ہے بھلائی کا اور ہدایت کا ایمان لایا میں ساتھ اس ذات کے کہ پیدا کیا تجھکو تین بار پھر

باب الدعوات الاوقات

يَقُوْلُ الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ ذَهَبَ بِشَهْرِ كَذَا وَجَاءَ بِشَهْرِ كَذَا رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ وَ

کہتے سب تعریف ہے واسطے اس خدا کے کہ لیگیا اس مہینے کو اور لایا اس مہینے کو نقل کی یہ ابوداؤد نے اور

عَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ كَثُرَهَمُّهٗ فَلْيَقُلِ اللّٰهُمَّ

روایت ہے ابن مسعود سے یہ کہ تحقیق رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص کہ بہت ہو فکر اسکو پس چاہیے کہ کہے یا الٰہی

اِنِّیْ عَبْدُكَ وَابْنُ عَبْدِكَ وَابْنُ اَمَتِكَ وَفِیْ قَبْضَتِكَ نَاصِيَتِیْ بِيَدِكَ

تحقیق میں بندہ تیرا ہوں اور بیٹا ہوں بندہ تیرا بیٹا ہوں لونڈی تیری کا اور میرے مٹھی میں ہوں بال پیشانی میرے کے تیرے ہاتھ میں

مَاضٍ فِیَّ حُكْمُكَ عَدْلٌ فِیَّ قَضَاءُكَ اَسْاَلُكَ بِكُلِّ اسْمٍ هُوَ لَكَ سَمَّيْتَ

ہیں جاری ہے میرے حق میں حکم تیرا عدل ہے میرے امر میں قضا تیری مانگتا ہوں میں تجھ سے ساتھ ہر اس نام کے کہ وہ واسطے تیرے ہے

بِهٖ نَفْسَكَ اَوْ اَنْزَلْتَهٗ فِیْ كِتَابِكَ اَوْ عَلَّمْتَهٗ اَحَدًا مِّنْ خَلْقِكَ اَوِ اسْتَاْثَرْتَ

ساتھ اسکے ذات اپنی کا یا اتارا تو نے اسکو کتاب اپنی میں یا سکھایا کسی کو تو نے وہ اسم کسیکو مخلوق اپنی سے یا اختیار کیا کسی کو تو نے

بِهٖ فِیْ مَكْنُوْنِ الْغَيْبِ عِنْدَكَ اَنْ تَجْعَلَ الْقُرْاٰنَ رَبِيْعَ قَلْبِیْ وَجَلَاءَ هَمِّیْ

اسکو پوشیدہ پردہ غیب کے نزدیک اپنے یہ کہ کر دے تو قرآن کو بہار دل میرے کی اور دور کرنے والا فکر

وَغَمِّیْ مَا قَالَهَا عَبْدٌ قَطُّ اِلَّا اَذْهَبَ اللّٰهُ غَمَّهٗ وَاَبْدَلَهٗ بِهٖ فَرَجًا رَوَاهُ رَزِيْنٌ

اور غم میرا کہا نہیں کہتا ہے اسکو کوئی بندہ کبھی مگر دور کرتا ہے اللہ تعالیٰ غم اسکا اور بدل دیتا ہے جگہ غم کی خوشی کی نقل کی یہ رزین نے اور

وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ كُنَّا اِذَا صَعِدْنَا كَبَّرْنَا وَاِذَا نَزَلْنَا سَبَّحْنَا رَوَاهُ الْبُخَارِیُّ وَ

اور روایت ہے جابر سے کہ کہتا ہے ہم جب اوپر چڑھتے بلند جگہ پر تو اللہ اکبر کہتے اور جب اترتے سبحان اللہ کہتے نقل کی یہ بخاری نے اور

عَنْ اَنَسٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ اِذَا كَرَبَهٗ اَمْرٌ يَقُوْلُ يَا حَیُّ يَا قَيُّوْمُ

روایت ہے انس سے یہ کہ تحقیق رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم تھے جب غمگین کرتا انکو کوئی امر کہتے اے زندہ ای قائم رکھنے والے کے

بِرَحْمَتِكَ اَسْتَغِيْثُ رَوَاهُ التِّرْمِذِیُّ وَقَالَ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ وَلَيْسَ بِمَحْفُوْظٍ

ساتھ رحمت تیری کے فریاد رسی چاہتا ہوں نقل کی یہ ترمذی نے اور کہا یہ حدیث غریب ہے اور نہیں محفوظ

وَعَنْ اَبِیْ سَعِيْدِ الْخُدْرِیِّ قَالَ قُلْنَا يَوْمَ الْخَنْدَقِ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ هَلْ مِنْ

اور روایت ہے ابی سعید خدری سے کہ کہا عرض کیا ہم نے دن خندق کے یا رسول اللہ کیا ہے کوئی

شَیْءٍ نَقُوْلُهٗ فَقَدْ بَلَغَتِ الْقُلُوْبُ الْحَنَاجِرَ قَالَ نَعَمْ اَللّٰهُمَّ اسْتُرْ عَوْرَاتِنَا وَاٰمِنْ

چیز کہ کہیں ہم اسکو پس تحقیق پہنچے ہیں دل چنبر گردن کو فرمایا ہاں یہ کہیا الٰہی ڈھانک عیب ہمارے اور امن میں رکھ

رَوَاهُ تِنَا قَالَ فَضَرَبَ اللّٰهُ وُجُوهَ أَعْدَائِهِ بِالرِّيحِ وَهَزَمَ اللّٰهُ بِالرِّيحِ رَوَاهُ أَحْمَدُ

ہمکو ڈر ہماری سے کہا ابوسعید نے پس ہی اللہ نے مونہہ دشمنون انکے کے ساتھ باد کے اور شکست دی اللہ نے ساتھ باد کے نقل کی یہ احمد نے

وَعَنْ بُرَيْدَةَ قَالَ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا دَخَلَ السُّوقَ قَالَ بِسْمِ اللّٰهِ

اور روایت ہے بریدہ سے کہ کہا تھا نبی صلے اللہ علیہ وسلم جب آتے بازار مین کہتے آپ مین ساتھ نام اللہ کے

اَللّٰهُمَّ إِنِّي أَسْأَلُكَ خَيْرَ هٰذِهِ السُّوقِ وَخَيْرَ مَا فِيهَا وَأَعُوذُ بِكَ مِنْ شَرِّهَا

یا الٰہی تحقیق مین مانگتا ہون تجھ سے بھلائی اس بازار کی اور بھلائی جو کچھ کہ اسمین ہے اور پناہ مانگتا ہون مین ساتھ تیرے برائی اسکی سے

وَشَرِّ مَا فِيهَا اَللّٰهُمَّ إِنِّي أَعُوذُ بِكَ أَنْ أُصِيبَ فِيهَا صَفْقَةً خَاسِرَةً رَوَاهُ

اور برائی جو کچھ اسمین ہے یا الٰہی تحقیق مین پناہ مانگتا ہون مین ساتھ تیری اس سے کہ پہونچون مین اسمین معاملہ نقصان کے کو نقل کی یہ

الْبَيْهَقِيُّ فِي الدَّعَوَاتِ الْكَبِيرِ بَابُ الِاسْتِعَاذَةِ الْفَصْلُ الْأَوَّلُ

بیہقی نے دعوات کبیر مین باب ہے بیچ بیان پناہ مانگنے کے فصل پہلی

عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَعَوَّذُوا بِاللّٰهِ مِنْ جَهْدِ

روایت ہے ابوہریرہ سے کہ کہا فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ پناہ پکڑو ساتھ اللہ کے مشقت سے

الْبَلَاءِ وَدَرَكِ الشَّقَاءِ وَسُوءِ الْقَضَاءِ وَشَمَاتَةِ الْأَعْدَاءِ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَ

بلا کی سے اور پہونچنے بدبختی کے سے اور بری تقدیر سے اور خوش ہونے دشمنون کے سے نقل کی یہ بخاری اور مسلم نے اور

عَنْ أَنَسٍ قَالَ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ اَللّٰهُمَّ إِنِّي أَعُوذُ بِكَ مِنَ الْهَمِّ

روایت ہے انس سے کہ کہا تھا نبی صلے اللہ علیہ وسلم فرماتے یا الٰہی تحقیق مین پناہ پکڑتا ہون ساتھ تیرے اندیشہ سے

وَالْحُزْنِ وَالْعَجْزِ وَالْكَسَلِ وَالْجُبْنِ وَالْبُخْلِ وَضَلَعِ الدَّيْنِ وَغَلَبَةِ الرِّجَالِ

اور غم سے اور عاجز ہونے سے اور سستی سے اور نامردی سے اور بخیلی سے اور بوجھ دین کے سے اور غلبہ لوگون کے سے

مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ اَللّٰهُمَّ

نقل کی یہ بخاری اور مسلم نے اور روایت ہے عائشہ سے کہ کہا تھا نبی صلے اللہ علیہ وسلم فرماتے یا الٰہی

إِنِّي أَعُوذُ بِكَ مِنَ الْكَسَلِ وَالْهَرَمِ وَالْمَغْرَمِ وَالْمَأْثَمِ اَللّٰهُمَّ إِنِّي أَعُوذُ

تحقیق مین پناہ مانگتا ہون ساتھ تیرے سستی سے اور بڑھاپے سے اور قرض سے اور گناہ سے یا الٰہی تحقیق مین پناہ مانگتا ہون

بِكَ مِنْ عَذَابِ النَّارِ وَفِتْنَةِ النَّارِ وَفِتْنَةِ الْقَبْرِ وَعَذَابِ الْقَبْرِ وَمِنْ

ساتھ تیرے عذاب آگ کے سے اور فتنہ آگ کے سے اور فتنہ قبر کے سے اور عذاب قبر کے سے اور

شَرِّ فِتْنَةِ الْغِنٰى وَشَرِّ فِتْنَةِ الْفَقْرِ وَمِنْ شَرِّ فِتْنَةِ الْمَسِيْحِ الدَّجَّالِ اَللّٰهُمَّ

برائی فتنہ دولت کی سے اور برائی فتنہ فقر کی سے اور برائی فتنہ کانے دجال کے سے یا الٰہی

اغْسِلْ خَطَايَايَ بِمَاءِ الثَّلْجِ وَالْبَرَدِ وَنَقِّ قَلْبِيْ كَمَا يُنَقَّى الثَّوْبُ الْاَبْيَضُ

دھو گناہ میرے ساتھ پانی برف اور اولے کے اور پاک کر دل میری کو جیسا پاک کیا جاتا ہے کپڑا سفید

مِنَ الدَّنَسِ وَبَاعِدْ بَيْنِيْ وَبَيْنَ خَطَايَايَ كَمَا بَاعَدْتَ بَيْنَ الْمَشْرِقِ وَ

میل سے اور دور ڈال درمیان میرے اور درمیان گناہوں میرے کے جیسے کہ دوری رکھی تو نے درمیان مشرق اور

الْمَغْرِبِ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَعَنْ زَيْدِ بْنِ اَرْقَمَ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى

مغرب کے نقل کی یہ بخاری اور مسلم نے اور روایت ہے زید بن ارقم سے کہ کہا تھے رسول اللہ صلے اللہ

عَلَيْهِ يَقُوْلُ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَعُوْذُ بِكَ مِنَ الْعَجْزِ وَالْكَسَلِ وَالْجُبْنِ وَالْبُخْلِ

علیہ وسلم فرماتے یا الٰہی تحقیق میں پناہ مانگتا ہوں ساتھ تیرے عاجز ہونے سے اور سستی سے اور نامردی سے اور بخیلی سے

وَالْهَرَمِ وَعَذَابِ الْقَبْرِ اَللّٰهُمَّ اٰتِ نَفْسِيْ تَقْوٰهَا وَزَكِّهَا اَنْتَ خَيْرُ

اور بڑھاپے سے اور عذاب قبر کے سے یا الٰہی دے نفس میرے کو پرہیزگاری اسکی اور پاک کر اسکو تو بہتر ہے

مَنْ زَكّٰهَا اَنْتَ وَلِيُّهَا وَمَوْلٰهَا اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ عِلْمٍ

ان شخصوں کا سے کہ پاک کرتے ہیں اسکو تو کارساز ہے اسکا اور مالک ہے اسکا یا الٰہی تحقیق میں پناہ مانگتا ہوں ساتھ تیرے اس علم سے کہ

لَا يَنْفَعُ وَمِنْ قَلْبٍ لَا يَخْشَعُ وَمِنْ نَفْسٍ لَا تَشْبَعُ وَمِنْ دَعْوَةٍ لَا يُسْتَجَابُ لَهَا

نفع دے اور اس دل سے کہ نہ ڈرے اور اس نفس سے کہ نہ سیر ہو اور اس دعا سے کہ نہ قبولیت کی جاوے واسطے اسکے

رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ قَالَ كَانَ مِنْ دُعَاءِ رَسُوْلِ اللّٰهِ

نقل کی یہ مسلم نے اور روایت ہے عبداللہ بن عمر سے کہ کہا تھے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کی دعاؤں میں

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ زَوَالِ نِعْمَتِكَ وَتَحَوُّلِ عَافِيَتِكَ

سے یہ دعا یا الٰہی تحقیق میں پناہ مانگتا ہوں ساتھ تیرے جاتی رہنے نعمت تیری کے سے اور بدلنے عافیت تیری کے سے

وَفُجَاءَةِ نِقْمَتِكَ وَجَمِيْعِ سَخَطِكَ رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ

اور ناگہانی عذاب تیرے کے اور سب غصوں تیرے سے نقل کی یہ مسلم نے اور روایت ہے عائشہ سے کہ کہا

كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ شَرِّ مَا عَمِلْتُ

تھے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم فرماتے یا الٰہی تحقیق میں پناہ مانگتا ہوں ساتھ تیرے برائی اس کام کی سے کہ کیا میں

وَمِنْ شَرِّ مَا لَمْ أَعْمَلْ رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

اور برائی اسکام کی کہ نہیں کیا میں نے نقل کی یہ مسلم نے اور روایت ہے ابن عباس سے کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم

كَانَ يَقُولُ اللّٰهُمَّ لَكَ أَسْلَمْتُ وَبِكَ آمَنْتُ وَعَلَيْكَ تَوَكَّلْتُ وَإِلَيْكَ

تھے فرماتے یا الٰہی واسطے تیرے فرمانبرداری کی میں نے اور ساتھ تیرے ایمان لایا میں اور تجھی پر توکل کیا میں نے اور تیری ہی طرف

أَنَبْتُ وَبِكَ خَاصَمْتُ اللّٰهُمَّ إِنِّي أَعُوذُ بِعِزَّتِكَ لَا إِلٰهَ إِلَّا أَنْتَ أَنْ

رجوع کی میں نے اور ساتھ مدد تیری کے لڑا ہوں میں یا الٰہی تحقیق میں پناہ مانگتا ہوں ساتھ عزت تیری کہ نہیں کوئی معبود مگر تو اس سے

تُضِلَّنِي أَنْتَ الْحَيُّ الَّذِي لَا يَمُوتُ وَالْجِنُّ وَالْإِنْسُ يَمُوتُونَ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ

کہ گمراہ کرے تو مجھکو تو زندہ ہے کہ نہ مرے گا اور جن اور آدمی مریں گے نقل کی یہ بخاری اور مسلم نے

الْفَصْلُ الثَّانِي عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ

فصل دوسری روایت ہے ابوہریرہ سے کہ کہا تھے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم فرماتے

اللّٰهُمَّ إِنِّي أَعُوذُ بِكَ مِنَ الْأَرْبَعِ مِنْ عِلْمٍ لَا يَنْفَعُ وَمِنْ قَلْبٍ لَا يَخْشَعُ

یا الٰہی تحقیق میں پناہ مانگتا ہوں ساتھ تیرے چار چیزوں سے اس علم سے کہ نہ نفع دے اور اس دل سے کہ نہ عاجزی کرے

وَمِنْ نَفْسٍ لَا تَشْبَعُ وَمِنْ دُعَاءٍ لَا يُسْمَعُ رَوَاهُ أَحْمَدُ وَأَبُو دَاوُدَ وَابْنُ مَاجَةَ

اور اس نفس سے کہ نہ سیر ہو اور اس دعا سے کہ نہ قبول کیجاوے نقل کی یہ احمد اور ابوداؤد اور ابن ماجہ نے

وَرَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو وَالنَّسَائِيُّ عَنْهُمَا وَعَنْ عُمَرَ قَالَ

اور نقل کی ترمذی نے عبداللہ بن عمرو سے اور نسائی نے عبداللہ بن عمر اور ابوہریرہ سے اور روایت ہے عمر سے کہا

كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَتَعَوَّذُ مِنْ خَمْسٍ مِنَ الْجُبْنِ وَالْبُخْلِ وَسُوءِ الْعُمُرِ

تھے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم پناہ پکڑتے پانچ چیزوں سے نامردی سے اور بخیلی سے اور برائی عمر کی سے

وَفِتْنَةِ الصَّدْرِ وَعَذَابِ الْقَبْرِ رَوَاهُ أَبُو دَاوُدَ وَالنَّسَائِيُّ وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ

اور فتنہ سینہ کے سے اور عذاب قبر کے سے نقل کی یہ ابوداؤد اور نسائی نے اور روایت ہے ابوہریرہ سے

أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَقُولُ اللّٰهُمَّ إِنِّي أَعُوذُ بِكَ مِنَ الْفَقْرِ

یہ کہ تھے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کہتے یا الٰہی تحقیق میں پناہ مانگتا ہوں ساتھ تیرے محتاجی سے

وَالْقِلَّةِ وَالذِّلَّةِ وَأَعُوذُ بِكَ مِنْ أَنْ أَظْلِمَ أَوْ أُظْلَمَ رَوَاهُ أَبُو دَاوُدَ

اور کمی سے اور ذلت سے اور پناہ مانگتا ہوں ساتھ تیرے اس سے کہ ظلم کروں میں یا ظلم کیا جاؤں میں نقل کی یہ ابوداؤد

وَالنَّسَائِیُّ وَعَنْهُ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ کَانَ یَقُوْلُ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُ

اور نسائی نے۔ اور روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کہتے کہ یا الٰہی تحقیق میں پناہ مانگتا ہوں

بِکَ مِنَ الشِّقَاقِ وَالنِّفَاقِ وَسُوْءِ الْاَخْلَاقِ رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ وَالنَّسَائِیُّ وَعَنْهُ

ساتھ تیرے خلاف سے اور نفاق سے اور برے خلقوں سے روایت کی یہ ابوداؤد اور نسائی نے۔ اور روایت ہے

اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ کَانَ یَقُوْلُ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُ بِکَ مِنَ الْجُوْعِ فَاِنَّهٗ

یہ کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم تھے کہتے یا الٰہی تحقیق میں پناہ مانگتا ہوں ساتھ تیرے بھوک سے پس تحقیق وہ

بِئْسَ الضَّجِیْعُ وَاَعُوْذُ بِکَ مِنَ الْخِیَانَةِ فَاِنَّهَا بِئْسَتِ الْبِطَانَةُ رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ

بری ہے سونے والی اور پناہ مانگتا ہوں تجھ سے ساتھ تیرے خیانت سے پس تحقیق وہ بری خصلت اندر کی ہے روایت کی یہ ابوداؤد

وَالنَّسَائِیُّ وَابْنُ مَاجَةَ وَعَنْ اَنَسٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ کَانَ یَقُوْلُ

اور نسائی اور ابن ماجہ نے۔ اور روایت ہے انس سے کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم تھے کہتے

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُ بِکَ مِنَ الْبَرَصِ وَالْجُذَامِ وَالْجُنُوْنِ وَمِنْ سَیِّئِ الْاَسْقَامِ

یا الٰہی تحقیق میں پناہ مانگتا ہوں ساتھ تیرے کوڑھ سے اور جذام سے اور دیوانگی سے اور بری بیماریوں سے

رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ وَالنَّسَائِیُّ وَعَنْ قُطْبَةَ بْنِ مَالِکٍ قَالَ کَانَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ

نقل کی یہ ابوداؤد اور نسائی نے۔ اور روایت ہے قطبہ بن مالک سے کہ کہا تھے نبی صلے اللہ

عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُ بِکَ مِنْ مُنْکَرَاتِ الْاَخْلَاقِ وَالْاَعْمَالِ

علیہ وسلم کہتے یا الٰہی تحقیق میں پناہ پکڑتا ہوں ساتھ تیرے برے خلقوں اور بری عملوں سے

وَالْاَهْوَاءِ رَوَاهُ التِّرْمِذِیُّ وَعَنْ شُتَیْرِ بْنِ شَکَلِ بْنِ حُمَیْدٍ عَنْ اَبِیْهِ

اور بری خواہشوں سے نقل کی یہ ترمذی نے۔ اور روایت ہے شتیر بن شکل بن حمید سے کہ نقل کی اپنے باپ سے

قَالَ قُلْتُ یَا نَبِیَّ اللّٰهِ عَلِّمْنِیْ تَعْوِیْذًا اَتَعَوَّذُ بِهٖ قَالَ قُلِ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُ

کہا کہا میں نے اے نبی اللہ کے سکھاؤ مجھکو تعویذ کہ پناہ پکڑوں میں ساتھ اوسکے فرمایا کہہ یا الٰہی تحقیق میں پناہ پکڑتا ہوں

بِکَ مِنْ شَرِّ سَمْعِیْ وَشَرِّ بَصَرِیْ وَشَرِّ لِسَانِیْ وَشَرِّ قَلْبِیْ وَشَرِّ مَنِیِّیْ رَوَاهُ

ساتھ تیرے شر برائی شنوائی اپنی کی سے اور برائی زبان اپنی کی سے اور برائی دل اپنی کی سے اور برائی

اَبُوْدَاوٗدَ وَالتِّرْمِذِیُّ وَالنَّسَائِیُّ وَعَنْ اَبِی الْیَسَرِ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ

ابوداؤد اور ترمذی اور نسائی نے۔ اور روایت ہے ابی الیسر سے یہ کہ پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم

كَانَ يَدْعُو اللّٰهُمَّ إِنِّي أَعُوذُ بِكَ مِنَ الْهَدْمِ وَأَعُوذُ بِكَ مِنَ التَّرَدِّي وَمِنَ

تھے دعا مانگتے یا الٰہی تحقیق مین پناہ مانگتا ہون ساتھ تیرے مکانکے گرنے سے اور پناہ مانگتا ہون ساتھ تیرے گر کر مرنے سے بلندی سے

الْغَرَقِ وَالْحَرَقِ وَالْهَرَمِ وَأَعُوذُ بِكَ مِنْ أَنْ يَتَخَبَّطَنِي الشَّيْطَانُ عِنْدَ

ڈوبنے سے اور جلنے سے اور بہت بڑھاپے سے اور پناہ مانگتا ہون ساتھ تیرے اس سے کہ حیران کرے مجھکو شیطان نزدیک

الْمَوْتِ وَأَعُوذُ بِكَ أَنْ أَمُوتَ فِي سَبِيلِكَ مُدْبِرًا وَأَعُوذُ بِكَ مِنْ أَنْ أَمُوتَ

مرنیکے اور پناہ مانگتا ہون ساتھ تیرے اس سے کہ مرونمین تیری راہ مین سے پشت دیکر اور پناہ مانگتا ہون ساتھ تیرے اس سے کہ مرون

لَدِيغًا رَوَاهُ أَبُو دَاوُدَ وَالنَّسَائِيُّ وَزَادَ فِي رِوَايَةٍ أُخْرَى وَالْغَمِّ وَعَنْ مُعَاذٍ

سے لدیغ نقل کی یہ ابوداؤد اور نسائی نے اور زیادہ کیا نسائی نے ایک اور روایت مین سے غم کا اور روایت ہے معاذ سے

عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اسْتَعِيذُوا بِاللّٰهِ مِنْ طَمَعٍ يَهْدِي إِلَى طَبَعٍ رَوَاهُ

کر نقل کی نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا پناہ پکڑو ساتھ اللہ کے سے طمع سے کہ لیجاوے طرف طبع کے نقل کی یہ

أَحْمَدُ وَالْبَيْهَقِيُّ فِي الدَّعَوَاتِ الْكَبِيرِ وَعَنْ عَائِشَةَ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

احمد نے اور بیہقی نے دعوات کبیر مین۔ اور روایت ہے عائشہ سے کہ تحقیق نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے

نَظَرَ إِلَى الْقَمَرِ فَقَالَ يَا عَائِشَةُ اسْتَعِيذِي بِاللّٰهِ مِنْ شَرِّ هٰذَا فَإِنَّ هٰذَا هُوَ

دیکھا طرف چاند کے پس فرمایا ای عائشہ پناہ پکڑو ساتھ اللہ کے برای اسکی سے پس تحقیق یہ ہے

الْغَاسِقُ إِذَا وَقَبَ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَعَنْ عِمْرَانَ ابْنِ حُصَيْنٍ قَالَ قَالَ

سے غاسق جب بے نور ہو جاوے نقل کی یہ ترمذی نے۔ اور روایت ہے عمران بن حصین سے کہ کہا فرمایا

النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِأَبِي يَا حُصَيْنُ كَمْ تَعْبُدُ الْيَوْمَ إِلٰهًا قَالَ أَنَا سَبْعَةً سِتَّةً

رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے سے واسطے باپ میرے کے ای حصین کتنے معبودون کو بندگی کرتا ہے آجکے دن کہا باپ میرے نے سات

فِي الْأَرْضِ وَوَاحِدًا فِي السَّمَاءِ قَالَ فَأَيُّهُمْ تَعُدُّ لِرَغْبَتِكَ وَرَهْبَتِكَ قَالَ

زمین مین اور سے ایک آسمان مین فرمایا حضرت صلے پس کسکو انمین سے گنتا ہے واسطے امید اور ڈر اپنے کے کہا حصین نے

الَّذِي فِي السَّمَاءِ قَالَ يَا حُصَيْنُ أَمَا إِنَّكَ لَوْ أَسْلَمْتَ عَلَّمْتُكَ كَلِمَتَيْنِ

اوسکو کہ آسمان مین ہے فرمایا حضرت صلے نے ای حصین خبردار ہو تحقیق تو اگر لاتا اسلام سکھلاتا مین تجکو دو کلمے

تَنْفَعَانِكَ قَالَ فَلَمَّا أَسْلَمَ حُصَيْنٌ قَالَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ عَلِّمْنِي الْكَلِمَتَيْنِ

کہ فائدہ دیتے تجکو کہا عمران نے پس جب مسلمان ہوا حصین عرض کیا یا رسول اللہ سکھلا مجھکو وہ دو کلمے

اللّٰتین وعدتنی فقال قل اللّٰھم الھمنی رشدی واعذنی من شر نفسی
کو وعدہ کیا تھا آپنے مجھسے فرمایا حضرت صلعم نے کہہ یا الٰہی میری دلمین ڈال ہدایت میری اور پناہ دی مجکو برائی نفس میرے کو سے

رواہ الترمذی وعن عمرو بن شعیب عن ابیہ عن جدہ ان رسول
نقل کی یہ ترمذی نے ۔ اور روایت ہے عمرو بن شعیب سے کہ نقل کی اپنے باپ سے اور اوسنے اپنے دادا سے کہ یہ کہ رسول

اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال اذا فزع احدکم فی النوم فلیقل اعوذ بکلمات اللہ
خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جسوقت کہ ڈرے ایک تمہارا نیند مین پس چاہیے کہ کہے پناہ مانگتا ہون مین بسبب کلمون اللہ کے

التامات من غضبہ وعقابہ وشر عبادہ ومن ھمزات الشیاطین وان
کہ پورے ہین غضب اوسکے سے اور عذاب اوسکے سے اور برائی بندون اوسکے سے اور وسوسے شیطانون کے سے اور اس سے

یحضرون فانھا لن تضرہ وکان عبد اللہ بن عمرو یعلمھا من بلغ من
کہ حاضر ہون شیطان میرے پاس پس شیطان ہرگز نہ ضرر پہنچاوین گے کہنے والے ان کلمات کے کو اور تھے عبد اللہ بیٹے عمرو کے سکھلاتے

ولدہ ومن لم یبلغ منھم کتبتہا فی صک ثم علقتہا فی عنقہ رواہ ابو داود
اولاد اوسکی سے اور جو کہ نابالغ ہوتا اونمین سے لکھتے ان کلمات کو پرچہ کاغذ مین پھر لٹکاتے اوسکو گردن اوسکی مین روایت کی یہ

والترمذی وھذا لفظہ وعن انس قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم من
اور ترمذی نے اور یہ لفظ ترمذی کے ہین ۔ اور روایت ہے انس سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے جو شخص

سال اللہ الجنۃ ثلاث مرات قالت الجنۃ اللھم ادخلہ الجنۃ ومن استجار
کہ مانگے اللہ سے جنت تین بار کہتی ہے جنت یا الٰہی داخل کر تو اسکو جنت مین اور جو شخص کہ پناہ مانگے

من النار ثلاث مرات قالت النار اللھم اجرہ من النار رواہ الترمذی
آگ سے تین بار کہتی ہے آگ یا الٰہی محفوظ رکھ اسکو آگ سے روایت کی یہ ترمذی

والنسائی الفصل الثالث عن القعقاع ان کعب الاحبار قال
اور نسائی نے ۔ فصل تیسری روایت ہے قعقاع سے یہ کہ کعب احبار نے کہا

لولا کلمات اقولھن لجعلتنی یھود حمارا فقیل لہ وما ھن قال اعوذ
اگر نہ کہتا مین کلمے کلمے البتہ کر ڈالتے مجکو یہود گدھا پس کہا گیا واسطے اوسکے کہ کیا ہین وہ کلمے کہا کہ کہتے پناہ

بوجہ اللہ العظیم الذی لیس شیء اعظم منہ وبکلمات اللہ التامات
ساتھ منہ اللہ کے کہ بڑا ہے وہ اللہ کہ نہین کوئی چیز بڑی اوس سے اور ساتھ کلمون اللہ کے کہ پوری ہین

الَّتِیْ لَا یُجَاوِزْنَ بَرُّوْہَ فَاجِرٌ وَبِاَسْمَآءِ اللّٰہِ الْحُسْنٰی مَا عَلِمْتُ مِنْہَا وَمَا لَمْ اَعْلَمْ

نہیں تجاوز کرتا ان سے نیک اور نہ بد اور ساتھ ناموں اللہ کے کہ جانتا ہوں میں جو کچھ کہ جانتا ہوں میں ان ناموں سے اور جو کچھ کہ نہیں

مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ وَذَرَاَ وَبَرَاَ رَوَاہُ مَالِکٌ وَعَنْ مُسْلِمِ بْنِ اَبِیْ بَکْرَۃَ قَالَ کَانَ

برائی اس چیز کی سے کہ پیدا کی اور پراگندہ کی اور پیدا کی روایت کی یہ امام مالک نے۔ اور روایت ہے مسلم بیٹے ابی بکرہ کے سے کہ کہا تھا

اَبِیْ یَقُوْلُ فِیْ دُبُرِ الصَّلٰوۃِ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُ بِکَ مِنَ الْکُفْرِ وَالْفَقْرِ وَعَذَابِ

باپ میرا کہتا پیچھے نماز کے یا الٰہی تحقیق میں پناہ مانگتا ہوں ساتھ تیرے کفر سے اور فقر سے اور عذاب

الْقَبْرِ فَکُنْتُ اَقُوْلُھُنَّ فَقَالَ اَیْ بُنَیَّ عَمَّنْ اَخَذْتَ ھٰذَا قُلْتُ عَنْکَ

قبر کے سے پس تھا میں کہتا یہ کلمے پس کہا باپ میرے نے اے بیٹے میرے کس سے سیکھے تو نے یہ کلمے کہا میں نے آپ سے

قَالَ اِنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ کَانَ یَقُوْلُھُنَّ فِیْ دُبُرِ الصَّلٰوۃِ رَوَاہُ النَّسَائِیُّ

کہا کہ تحقیق رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم تھے کہتے ان کلموں کو پیچھے نماز کے روایت کی یہ نسائی

وَالتِّرْمِذِیُّ اِلَّا اَنَّہٗ لَمْ یَذْکُرْ فِیْ دُبُرِ الصَّلٰوۃِ وَرَوٰی اَحْمَدُ لَفْظَ الْحَدِیْثِ

اور ترمذی نے مگر ترمذی نے نہیں ذکر کیا لفظ فی دبر الصلوۃ کا اور نقل کی احمد نے لفظ حدیث کے

وَعِنْدَہٗ فِیْ دُبُرِ کُلِّ صَلٰوۃٍ وَعَنْ اَبِیْ سَعِیْدٍ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ

اور نزدیک احمد کے لفظ فی دبر کل صلوۃ ہے۔ اور روایت ہے ابی سعید سے کہ کہا سنا میں نے رسول خدا صلی اللہ

عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ اَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الْکُفْرِ وَالدَّیْنِ فَقَالَ رَجُلٌ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ اَتَعْدِلُ

علیہ وسلم سے کہ فرماتے تھے پناہ مانگتا ہوں میں ساتھ اللہ کے کفر سے اور دین سے پس کہا ایک شخص نے یا رسول اللہ کیا برابر کیا آپ نے

اَلْکُفْرَ بِالدَّیْنِ قَالَ نَعَمْ وَفِیْ رِوَایَۃٍ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُ بِکَ مِنَ الْکُفْرِ وَالْفَقْرِ

کفر کو ساتھ دین کے کہ فرمایا کہ ہاں اور ایک روایت میں ہے یا الٰہی تحقیق میں پناہ مانگتا ہوں ساتھ تیرے کفر سے اور فقر سے

قَالَ رَجُلٌ وَیُعَدِلَانِ قَالَ نَعَمْ رَوَاہُ النَّسَائِیُّ بَابُ جَامِعِ الدُّعَاءِ

کہا ایک شخص نے اور برابر کیے جاتے ہیں دونوں کہ فرمایا کہ ہاں نقل کیا یہ نسائی نے۔ باب ہے جامع بیان ان دعاؤں کے کہ جامع ہیں

اَلْفَصْلُ الْاَوَّلُ عَنْ اَبِیْ مُوْسٰی الْاَشْعَرِیِّ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ

فصل پہلی روایت ہے ابی موسی اشعری سے نقل کی نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے

اَنَّہٗ کَانَ یَدْعُوْ بِھٰذَا الدُّعَاءِ اَللّٰھُمَّ اغْفِرْ لِیْ خَطِیْئَتِیْ وَجَھْلِیْ وَاِسْرَافِیْ

یہ کہ تحقیق وہ تھے کہ مانگتے یہ دعا یا الٰہی بخش میرے لیے خطا میری اور نادانی میری اور زیادتی میری

فِیْ اَمْرِیْ وَمَا اَنْتَ اَعْلَمُ بِهٖ مِنِّیْ اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِیْ جِدِّیْ وَهَزْلِیْ وَخَطَئِیْ

بیہودہ کام میرے کہ اور وہ گناہ کہ تو خوب جانتا ہے اونکو مجھ سے یا الٰہی بخش میرے لیے قصد سے کرنا میرا اور ہنسی سے کرنا میرا اور ہر

وَعَمْدِیْ وَكُلُّ ذٰلِكَ عِنْدِیْ اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِیْ مَا قَدَّمْتُ وَمَا اَخَّرْتُ وَمَا

اور جانکر کرنا میرا اور بیسب ہیں میرے پاس یا الٰہی بخش میرے لیے وہ گناہ کہ پہلے کیے میں اور وہ گناہ کہ پیچھے کیے اور وہ

اَسْرَرْتُ وَمَا اَعْلَنْتُ وَمَا اَنْتَ اَعْلَمُ بِهٖ مِنِّیْ اَنْتَ الْمُقَدِّمُ وَاَنْتَ الْمُؤَخِّرُ

گناہ کہ چھپ کر کیے ہیں میں اور وہ گناہ کہ آشکارا کیے میں اور وہ گناہ کہ تو بہت جانتا ہے اونکو مجھ سے تو آگے کرنیوالا ہے اور تو پیچھے ڈالنے والا ہے

وَاَنْتَ عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ مُتَّفَقٌ عَلَیْهِ وَعَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ

اور تو ہر چیز پر قادر ہے متفق علیہ۔ اور روایت ہے ابی ہریرہ سے کہا تھے رسول

اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ اَللّٰهُمَّ اَصْلِحْ لِیْ دِیْنِیَ الَّذِیْ هُوَ عِصْمَةُ اَمْرِیْ وَاَصْلِحْ

خدا صلی اللہ علیہ وسلم کہتے یا الٰہی درست کر میرے لیے دین میرا کہ وہ جو بچاؤ ہے کام میرے کا اور درست کر

لِیْ دُنْیَایَ الَّتِیْ فِیْهَا مَعَاشِیْ وَاَصْلِحْ لِیْ اٰخِرَتِیَ الَّتِیْ فِیْهَا مَعَادِیْ وَاجْعَلِ

میرے لیے دنیا میری کہ اوسمیں ہے زندگانی میری اور درست کر میرے لیے آخرت میری وہ کہ اوسمیں ہے رجوع کرنا میرا اور گردان

الْحَیٰوةَ زِیَادَةً لِّیْ فِیْ كُلِّ خَیْرٍ وَّاجْعَلِ الْمَوْتَ رَاحَةً لِّیْ مِنْ كُلِّ شَرٍّ رَوَاهُ مُسْلِمٌ

زندگی کو سبب زیادتی کا میرے لیے ہر نیکی میں اور کر موت کو سبب آرام کا میرے لیے ہر برائی سے روایت کی یہ مسلم نے

وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهٗ كَانَ یَقُوْلُ اَللّٰهُمَّ

اور روایت ہے عبداللہ بن مسعود سے کہ نقل کی نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے یہ کہ وہ کہتے تھے یا الٰہی

اِنِّیْ اَسْئَلُكَ الْهُدٰی وَالتُّقٰی وَالْعَفَافَ وَالْغِنٰی رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَعَنْ عَلِیٍّ

تحقیق میں مانگتا ہوں تجھسے ہدایت اور تقوی اور بازرکھنا نفس کا حرام سے اور سوال کرتا ہوں بے پروائی نقل کی یہ مسلم نے۔ اور

قَالَ قَالَ لِیْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قُلِ اللّٰهُمَّ اهْدِنِیْ وَسَدِّدْنِیْ وَاذْكُرْ

کہا فرمایا مجکو رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کہہ یا الٰہی ہدایت کر مجکو اور سیدھا کر مجکو اور یاد تصور کر

بِالْهُدٰی هِدَایَتَكَ الطَّرِیْقَ وَبِالسَّدَادِ سَدَادَ السَّهْمِ رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَعَنْ

بیچ طلب کرنے ہدایت کے سیدھا چلنا راہ کا اور بیچ طلب کرنے راستی کے راستی تیر کی نقل کی یہ مسلم نے۔ اور روایت ہے

اَبِیْ مَالِكِ الْاَشْجَعِیِّ عَنْ اَبِیْهِ قَالَ كَانَ رَجُلٌ اِذَا اَسْلَمَ عَلَّمَهُ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ

ابی مالک اشجعی سے کہ اون نے نقل کی اپنے باپ سے کہ کہا تھا آدمی جب مسلمان ہوتا سکھلاتے اوسکو نبی صلے اللہ

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الصَّلٰوةَ ثُمَّ اَمَرَهٗ اَنْ يَّدْعُوَ بِهٰؤُلَاءِ الْكَلِمَاتِ اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِيْ وَارْحَمْنِيْ

علیہ وسلم نماز پھر حکم کرتے اوسکو کہ دعا کرے ساتھ ان کلمات کے یا الٰہی بخش دے مجھکو اور رحم کر مجھ پر

وَاهْدِنِيْ وَعَافِنِيْ وَارْزُقْنِيْ رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ كَانَ اَكْثَرُ دُعَاءِ

اور ہدایت کر مجھکو اور عافیت دے مجھکو اور روزی دے مجھکو نقل کی یہ مسلم نے۔ اور روایت ہے انس سے کہ کہا تھی اکثر دعا

النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَللّٰهُمَّ اٰتِنَا فِي الدُّنْيَا حَسَنَةً وَّفِي الْاٰخِرَةِ حَسَنَةً وَّقِنَا

رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کی یا الٰہی دے ہمکو دنیا میں نیکی اور آخرت میں نیکی اور بچا ہمکو

عَذَابَ النَّارِ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ اَلْفَصْلُ الثَّانِيْ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ كَانَ النَّبِيُّ

عذاب دوزخ سے متفق علیہ۔ فصل دوسری روایت ہے ابن عباس سے کہا کہ تھے نبی

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ رَبِّ اَعِنِّيْ وَلَا تُعِنْ عَلَيَّ وَانْصُرْنِيْ وَلَا تَنْصُرْ عَلَيَّ وَامْكُرْ لِيْ

صلے اللہ علیہ وسلم دعا مانگتے کہتے اے رب میری مدد کر میری اور نہ مدد کر مجھپر اور فتح دے مجھکو اور نہ فتح دے مجھپر اور مکر کر واسطے میرے

وَلَا تَمْكُرْ عَلَيَّ وَاهْدِنِيْ وَيَسِّرِ الْهُدٰى لِيْ وَانْصُرْنِيْ عَلٰى مَنْ بَغٰى عَلَيَّ رَبِّ

اور نہ مکر کر میرے ضرر پر اور راہ سیدھی دکھا مجھکو اور آسان کر سیدھی راہ پر چلنا واسطے میرے اور مدد کر میری اوپر کہ زیادتی کی مجھپر اے

اجْعَلْنِيْ لَكَ شَكَّارًا لَّكَ ذَكَّارًا لَّكَ رَاهِبًا لَّكَ مِطْوَاعًا لَّكَ مُخْبِتًا اِلَيْكَ

کر مجھکو واسطے اپنے شکر کرنیوالا واسطے اپنے ذکر کرنے والا واسطے اپنے ڈرنیوالا واسطے اپنے بہت فرمانبردار واسطے اپنے عاجزی کرنیوالا طرف اپنی

اَوَّاهًا مُّنِيْبًا رَبِّ تَقَبَّلْ تَوْبَتِيْ وَاغْسِلْ حَوْبَتِيْ وَاَجِبْ دَعْوَتِيْ وَثَبِّتْ حُجَّتِيْ وَ

بہت آہ کرنیوالا رجوع کرنیوالا اے پروردگار میرے قبول کر توبہ میری اور دھو ڈال گناہ میرے اور قبول کر دعا میری اور ثابت رکھ دلیل میری اور

سَدِّدْ لِسَانِيْ وَاهْدِ قَلْبِيْ وَاسْلُلْ سَخِيْمَةَ صَدْرِيْ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ

سیدھی کر زبان میری اور سیدھا راہ دکھا دل میرے کو اور نکال سیاہی سینہ میرے کی روایت کی یہ ترمذی

وَاَبُوْ دَاوٗدَ وَابْنُ مَاجَةَ وَعَنْ اَبِيْ بَكْرٍ قَالَ قَامَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى

اور ابوداؤد اور ابن ماجہ نے۔ اور روایت ہے ابی بکر سے کہا کھڑے ہوئے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم

الْمِنْبَرِ ثُمَّ بَكٰى فَقَالَ سَلُوا اللّٰهَ الْعَفْوَ وَالْعَافِيَةَ فَاِنَّ اَحَدًا لَمْ يُعْطَ بَعْدَ

منبر پر پھر روئے اور فرمایا مانگو اللہ سے بخشش اور عافیت اسلیے کہ کوئی نہیں دیا گیا ہے بعد

الْيَقِيْنِ خَيْرًا مِّنَ الْعَافِيَةِ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ وَقَالَ التِّرْمِذِيُّ هٰذَا

یقین کے کوئی نعمت بہتر عافیت سے روایت کی یہ ترمذی اور ابن ماجہ نے اور کہا ترمذی نے یہ

حَدِیْثٌ حَسَنٌ غَرِیْبٌ اِسْنَادًا وَعَنْ اَنَسٍ اَنَّ رَجُلًا جَآءَ اِلَی النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ

حدیث حسن غریب ہی باعتبار سند کے۔ اور روایت ہی انس سے یہ کہ تحقیق ایک شخص آیا نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس

فَقَالَ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ اَیُّ الدُّعَآءِ اَفْضَلُ قَالَ سَلْ رَبَّکَ الْعَافِیَۃَ وَالْمُعَافَاۃَ

اور کہا یا رسول اللہ کونسی دعا بہت بہتر ہے فرمایا مانگ رب اپنے سے عافیت اور معافات

فِی الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَۃِ ثُمَّ اَتَاہُ فِی الْیَوْمِ الثَّانِیْ فَقَالَ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ اَیُّ الدُّعَآءِ

دنیا اور آخرت مین پھر آیا وہ شخص حضرت کے پاس دوسرے دن پھر کہا یا رسول اللہ کونسی دعا

اَفْضَلُ فَقَالَ لَہٗ مِثْلَ ذٰلِکَ ثُمَّ اَتَاہُ فِی الْیَوْمِ الثَّالِثِ فَقَالَ لَہٗ مِثْلَ ذٰلِکَ

بہتر ہے پس فرمایا اوسکو مانند اوسکے پھر آیا وہ تیسرے دن پس فرمایا وہی اوسکو مانند اوسکے

قَالَ فَاِذَآ اُعْطِیْتَ الْعَافِیَۃَ وَالْمُعَافَاۃَ فِی الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَۃِ فَقَدْ اَفْلَحْتَ رَوَاہُ

فرمایا جسوقت دیا جاوے تو عافیت اور معافات دنیا اور آخرۃ مین پس تحقیق مراد پایا تونے اور

التِّرْمِذِیُّ وَابْنُ مَاجَۃَ وَقَالَ التِّرْمِذِیُّ ھٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ غَرِیْبٌ اِسْنَادًا

ترمذی اور ابن ماجہ نے اور کہا ترمذی نے یہ حدیث حسن غریب ہی باعتبار سند کے

وَعَنْ عَبْدِ اللّٰہِ بْنِ یَزِیْدَ الْخَطْمِیِّ عَنْ رَّسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَنَّہٗ کَانَ یَقُوْلُ

اور روایت ہی عبداللہ بن یزید خطمی سے کہ نقل کی پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم سے یہ کہ وہ کہتے تھے

فِیْ دُعَآئِہٖ اَللّٰھُمَّ ارْزُقْنِیْ حُبَّکَ وَحُبَّ مَنْ یَّنْفَعُنِیْ حُبُّہٗ عِنْدَکَ اَللّٰھُمَّ

دعا اپنی مین یا الٰہی نصیب کر مجکو دوستی اپنی اور دوستی اوس شخص کی کہ نفع دے مجکو دوستی اوسکی نزدیک تیرے یا الٰہی

مَا رَزَقْتَنِیْ مِمَّآ اُحِبُّ فَاجْعَلْہُ قُوَّۃً لِّیْ فِیْمَا تُحِبُّ اَللّٰھُمَّ مَا زَوَیْتَ عَنِّیْ

جو کچھ کہ دیا تونے مجکو اوسچیز سے کہ دوست رکھتا ہون نہین پس گردان اوسکو سبب قوت میری کا اوس چیز مین کہ دوست رکھتا ہی تو یا الٰہی

مِمَّآ اُحِبُّ فَاجْعَلْہُ فَرَاغًا لِّیْ فِیْمَا تُحِبُّ رَوَاہُ التِّرْمِذِیُّ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ

اوس چیز سے کہ دوست رکھتا ہون نہین پس گردان اوسکو سبب فراغت میری کا اوسچیز مین کہ دوست رکھتا ہی تو روایت کی یہ ترمذی نے اور روایت ہی

قَلَّمَا کَانَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَقُوْمُ مِنْ مَّجْلِسٍ حَتّٰی یَدْعُوَ بِھٰؤُلَآءِ الدَّعَوَاتِ

کم تھے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم اوٹھتے کسی مجلس سے یہانتک کہ دعا کرتے ساتھ ان دعاؤن کے

لِاَصْحَابِہٖ اَللّٰھُمَّ اقْسِمْ لَنَا مِنْ خَشْیَتِکَ مَا تَحُوْلُ بِہٖ بَیْنَنَا وَبَیْنَ مَعَاصِیْکَ

اپنے واسطے یارون اپنے کے یا الٰہی نصیب کر ہمارے لیے خوف اپنا اوسقدر کہ حائل ہووے تو سبب اوسکے درمیان ہمارے اور درمیان

جامع الدعاء

وَمِنْ طَاعَتِكَ مَا تُبَلِّغُنَا بِهٖ جَنَّتَكَ وَمِنَ الْيَقِيْنِ مَا تُهَوِّنُ بِهٖ عَلَيْنَا مَصَائِبَ

اور نصیب کر ہمکو طاعت اپنی اسقدر کہ پہنچا دے تو ہمکو بسبب اوسکے بہشت اپنی مین اور نصیب کر یقین سے اوسقدر کہ اسان کرے تو

الدُّنْيَا وَمَتِّعْنَا بِاَسْمَاعِنَا وَاَبْصَارِنَا وَقُوَّتِنَا مَا اَحْيَيْتَنَا وَاجْعَلْهُ الْوَارِثَ

دنیا کی اور بہرہ مند کر ہمکو ساتھ شنوائیون ہماری کے اور بینائیون ہماری کے اور قوت ہماری کے جبتک کہ زندہ رکھے تو ہمکو اور کر اوسکو وارث

مِنَّا وَاجْعَلْ ثَارَنَا عَلٰى مَنْ ظَلَمَنَا وَانْصُرْنَا عَلٰى مَنْ عَادَانَا وَلَا تَجْعَلْ مُصِيْبَتَنَا

ہمارا اور گردان کینہ کشی ہماری اوسپر کہ ظلم کیا ہمپر اور فتح دے ہمکو اوسپر کہ دشمنی رکھی ہمسے اور نہ گردان مصیبت ہماری

فِيْ دِيْنِنَا وَلَا تَجْعَلِ الدُّنْيَا اَكْبَرَ هَمِّنَا وَلَا مَبْلَغَ عِلْمِنَا وَلَا تُسَلِّطْ عَلَيْنَا مَنْ

ہمارے دین مین اور نہ کر دنیا کو بہت بڑا اندیشہ ہمارا اور نہ نہایت علم ہمارے کو اور نہ مسلط کر ہمپر اوسکو

لَّا يَرْحَمُنَا رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَقَالَ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ وَعَنْ اَبِيْ

کہ نہ رحم کرے ہمپر نقل کی یہ ترمذی نے اور کہا یہ حدیث حسن غریب ہے۔ اور روایت ہے ابی

هُرَيْرَةَ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ يَقُوْلُ اَللّٰهُمَّ انْفَعْنِيْ بِمَا عَلَّمْتَنِيْ وَ

ہریرہ سے کہا تھے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کہتے یا الٰہی نفع دے مجکو ساتھ اوس چیز کے کہ سکھلائی

عَلِّمْنِيْ مَا يَنْفَعُنِيْ وَزِدْنِيْ عِلْمًا اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰى كُلِّ حَالٍ وَّاَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنْ حَالِ

سکھلا مجکو وہ چیز کہ نفع دے مجکو اور زیادہ کر مجکو علم سب تعریف ہے واسطے اللہ کے بہرحال اور پناہ مانگتا ہون مین ساتھ اللہ کے حال

اَهْلِ النَّارِ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ وَقَالَ التِّرْمِذِيُّ هٰذَا حَدِيْثٌ

دوزخیون کے سے نقل کی یہ ترمذی اور ابن ماجہ نے اور کہا ترمذی نے یہ حدیث

غَرِيْبٌ اِسْنَادًا وَعَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ قَالَ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا اُنْزِلَ عَلَيْهِ

غریب ہے باعتبار سند کے۔ اور روایت ہے عمر بن خطاب سے کہا تھے نبی صلی اللہ علیہ وسلم جسوقت کہ اوترتی اوپر

الْوَحْيُ سُمِعَ عِنْدَ وَجْهِهٖ دَوِيٌّ كَدَوِيِّ النَّحْلِ فَاُنْزِلَ عَلَيْهِ يَوْمًا فَمَكَثْنَا سَاعَةً

وحی سنی جاتی نزدیک مونہ حضرت صلعم کے آواز مانند آواز شہد کی مکھی کی پس اوتاری گئی اوسپر وحی ایک دن پس ٹھہرے ہم

فَسُرِّيَ عَنْهُ فَاسْتَقْبَلَ الْقِبْلَةَ وَرَفَعَ يَدَيْهِ وَقَالَ اَللّٰهُمَّ زِدْنَا وَلَا تَنْقُصْنَا

پس دور کی گئی وہ حالت حضرت صلعم سے پھر سامنے ہوئے قبلہ کے اور اوٹھائے دونو ہاتھ اپنے اور کہا یا الٰہی زیادہ کر ہمکو اور نہ کم کر ہمکو اور

وَاَكْرِمْنَا وَلَا تُهِنَّا وَاَعْطِنَا وَلَا تَحْرِمْنَا وَاٰثِرْنَا وَلَا تُؤْثِرْ عَلَيْنَا وَارْضَ

اور بزرگ کر ہمکو اور نہ ذلیل کر ہمکو اور دے ہمکو اور محروم نہ کر ہمکو اور برگزیدہ کر ہمکو اور نہ برگزیدہ کر ہمپر سے اور راضی کر ہمکو

عَنَّا ثُمَّ قَالَ اُنْزِلَ عَلَيَّ عَشْرُ اٰيَاتٍ مَنْ اَقَامَهُنَّ دَخَلَ الْجَنَّةَ ثُمَّ قَرَأَ قَدْ اَفْلَحَ

ہمسے پھر فرمایا کہ اوتاری گئی ہیں مجھپر دس آیتیں جو شخص کہ لے ہر پابند کہو انکو داخل ہوگا بہشت میں پھر پڑھیں حضرت صلے

الْمُؤْمِنُوْنَ حَتّٰى خَتَمَ عَشْرَ اٰيَاتٍ رَوَاهُ اَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِيُّ اَلْفَصْلُ الثَّالِثُ

مؤمنون نے یہانتک کہ ختم کیں دس آیتیں نقل کی یہ احمد اور ترمذی نے۔ فصل تیسری

عَنْ عُثْمَانَ بْنِ حُنَيْفٍ قَالَ اَنَّ رَجُلًا ضَرِيْرُ الْبَصَرِ اَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ

روایت ہے عثمان بن حنیف سے کہا تحقیق ایک شخص اندھا آیا نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس پس کہا

اُدْعُ اللّٰهَ اَنْ يُعَافِيَنِيْ فَقَالَ اِنْ شِئْتَ دَعَوْتُ وَاِنْ شِئْتَ صَبَرْتَ فَهُوَ

دعا مانگو اللہ سے یہ کہ عافیت دے مجھکو پس فرمایا اگر چاہے تو دعا دعا کرون میں اور اگر چاہے تو صبر کر پس صبر کرنا

خَيْرٌ لَّكَ قَالَ فَادْعُهُ قَالَ فَاَمَرَهُ اَنْ يَّتَوَضَّاَ فَيُحْسِنَ الْوُضُوْءَ وَيَدْعُوَ بِهٰذَا

بہتر ہے تیرے لیے کہا اوس شخص نے دعا کیجیے اللہ کی جناب میں کہا عثمان نے پس حکم کیا حضرت صلے نے اوسکو یہ کہ وضو کرے پس اچھا وضو

الدُّعَاءِ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْاَلُكَ وَاَتَوَجَّهُ اِلَيْكَ بِنَبِيِّكَ مُحَمَّدٍ نَّبِيِّ الرَّحْمَةِ اِنِّيْ

دعا کے یا الٰہی تحقیق میں سوال کرتا ہون تجسے اور متوجہ ہوتا ہون طرف تیری بوسیلہ نبی تیرے کہ محمد ہیں نبی رحمت کی تحقیق میں

تَوَجَّهْتُ بِكَ اِلٰى رَبِّيْ لِيَقْضِيَ لِيْ فِيْ حَاجَتِيْ هٰذِهٖ اَللّٰهُمَّ فَشَفِّعْهُ فِيَّ

متوجہ ہوتا ہون ساتھ وسیلہ تمہارے کے ای نبی طرف پروردگار اپنے کے تاکہ حکم کرے واسطے میرے بیچ حاجت میرے ہمکہ کہ پیدا ہی شفاعت

رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَقَالَ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ غَرِيْبٌ وَعَنْ اَبِي الدَّرْدَاءِ

روایت کی یہ ترمذی نے اور کہا ترمذی نے یہ حدیث حسن صحیح غریب ہے۔ اور روایت ہی ابی الدرداء سے

قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ مِنْ دُعَاءِ دَاوٗدَ يَقُوْلُ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْاَلُكَ

کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے تھی دعاؤن داؤد کی سے یہ کہ کہتے یا الٰہی تحقیق میں مانگتا ہون تجسے

حُبَّكَ وَحُبَّ مَنْ يُّحِبُّكَ وَالْعَمَلَ الَّذِيْ يُبَلِّغُنِيْ حُبَّكَ اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ حُبَّكَ

دوستی تیری اور دوستی اوس شخص کی کہ دوست رکھے تجکو اور وہ عمل کہ پہنچاوے مجکو دوستی تیری کو یا الٰہی گردان دوستی اپنی کو

اَحَبَّ اِلَيَّ مِنْ نَّفْسِيْ وَمَالِيْ وَاَهْلِيْ وَمِنَ الْمَاءِ الْبَارِدِ قَالَ وَكَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ

بہت پیاری طرف میری محبت جان میری کی سے اور مال میرے کے سے اور اہل میرے کے سے اور ٹھنڈے پانی سے کہا راوی نے اور تھے رسول خدا

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا ذَكَرَ دَاوٗدَ اَوْ حُدِّثَ عَنْهُ يَقُوْلُ كَانَ اَعْبَدَ الْبَشَرِ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ

صلے اللہ علیہ وسلم جب ذکر کرتے حضرت داؤد علیہ کا اور حالانکہ حدیث کرتے اوسسے کہتے تھے داؤد علیہ بڑے عابد آدمیون میں نقل کی یہ ترمذی نے

وَقَالَ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ وَعَنْ عَطَاءِ بْنِ السَّائِبِ عَنْ اَبِيْهِ
اور کہا یہ حدیث حسن غریب ہے۔ اور روایت ہے عطاء بن سائب سے کہ نقل کی اپنے باپ سے

قَالَ صَلّٰى بِنَا عَمَّارُ بْنُ يَاسِرٍ صَلٰوةً فَاَوْجَزَ فِيْهَا فَقَالَ لَهٗ بَعْضُ الْقَوْمِ لَقَدْ
کہا نماز پڑھائی ہمکو عمار بن یاسر نے ایک نماز پس کوتاہی کی اوسمین پس کہا اوسکو بعضے لوگون نے کہ تحقیق

خَفَّفْتَ وَاَوْجَزْتَ الصَّلٰوةَ فَقَالَ اَمَا عَلٰى ذٰلِكَ لَقَدْ دَعَوْتُ فِيْهَا
ہلکی پڑھی تو نے نماز اور مختصر کیا نماز کو پس کہا عمار نے اوسکو فلانے نہیں مجکو مضر یہ تحقیق البتہ تحقیق مانگین میں نے اسمین

بِدَعَوَاتٍ سَمِعْتُهُنَّ مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلَمَّا قَامَ تَبِعَهٗ رَجُلٌ مِّنَ
کئی دعائین کہ سنا تھا نے اونکو رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم سے پس جبکہ کھڑے ہوئے عمار ساتھ ہوا اونکے ایک شخص

الْقَوْمِ هُوَ اِلٰى غَيْرِ اَنَّهٗ كُنِّيَ عَنْ نَفْسِهٖ فَسَاَلَهٗ عَنِ الدُّعَاءِ ثُمَّ جَاءَ وَاَخْبَرَ
قوم مین سے سوا وہ تنہا باپ میرا اللہ غیر اسکے کہ اوسنے کنایت کی نفس اپنے سے پس پوچھا اوس شخص نے عمار سے حال دعا کا پھر آیا وہ شخص

بِهِ الْقَوْمَ اَللّٰهُمَّ بِعِلْمِكَ الْغَيْبَ وَقُدْرَتِكَ عَلَى الْخَلْقِ اَحْيِنِيْ مَا عَلِمْتَ
ساتھ دعا کے قوم کو کر وہ یہ ہے یا الٰہی بحق جاننے اپنے کے غیب کو اور بحق قدرت اپنی کے خلق پر زندہ رکھ مجکو شہ جبتک کہ جانے تو

الْحَيٰوةَ خَيْرًا لِّيْ وَتَوَفَّنِيْ اِذَا عَلِمْتَ الْوَفَاةَ خَيْرًا لِّيْ اَللّٰهُمَّ وَاَسْاَلُكَ
زندگانی بہتر میرے لیے اور شہ مار مجکو جبکہ جانے تو مرنیکو بہتر میرے لیے یا الٰہی اور مانگتا ہون مین تجھ سے

خَشْيَتَكَ فِي الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ وَاَسْاَلُكَ كَلِمَةَ الْحَقِّ فِي الرِّضَا وَالْغَضَبِ
ڈر تیرا باطن وظاہر مین اور مانگتا ہون کہنا کلمہ حق کا شہ خوشی مین اور خفگی مین

وَاَسْاَلُكَ الْقَصْدَ فِي الْفَقْرِ وَالْغِنٰى وَاَسْاَلُكَ نَعِيْمًا لَّا يَنْفَدُ وَاَسْاَلُكَ
اور مانگتا ہون تجھ سے میانہ روی حالت فقر اور دولت مین اور مانگتا ہون تجھ سے شہ نعمت کہ نہ تمام ہو اور مانگتا ہون تجھ سے

قُرَّةَ عَيْنٍ لَّا تَنْقَطِعُ وَاَسْاَلُكَ الرِّضَا بَعْدَ الْقَضَاءِ وَاَسْاَلُكَ بَرْدَ الْعَيْشِ
ٹھنڈک آنکھ کی کہ نہ تمام ہو اور مانگتا ہون تجھ سے خوشی پیچھے قضا کے اور مانگتا ہون تجھ سے ٹھنڈک زندگانی کی

بَعْدَ الْمَوْتِ وَاَسْاَلُكَ لَذَّةَ النَّظَرِ اِلٰى وَجْهِكَ وَالشَّوْقَ اِلٰى لِقَائِكَ فِيْ
بعد مرنے کے اور مانگتا ہون مین تجھ سے لذت دیکھنے کی طرف منہ تیرے کے اور شوق طرف ملنے تیرے کے شہ پھیر

غَيْرِ ضَرَّآءَ مُضِرَّةٍ وَّلَا فِتْنَةٍ مُّضِلَّةٍ اَللّٰهُمَّ زَيِّنَّا بِزِيْنَةِ الْاِيْمَانِ وَاجْعَلْنَا
بغیر حالت سخت کی کہ ضرر پہنچا دے اور نہ پھیر فتنہ کے کہ گمراہ کرے یا الٰہی زینت دے ہمکو ساتھ زینت ایمان کے اور کر ہمکو

هُدَاةً مُّهْدِيِّيْنَ رَوَاهُ النَّسَائِيُّ وَعَنْ اُمِّ سَلَمَةَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ

راہ راست دکھانے والے اور راہ راست پر چلنے والے روایت کی یہ نسائی نے۔ اور روایت ہے ام سلمہ سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم تھے

يَقُوْلُ فِيْ دُبُرِ الْفَجْرِ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْئَلُكَ عِلْمًا نَّافِعًا وَّعَمَلًا مُّتَقَبَّلًا وَّرِزْقًا

کہتے پیچھے نماز فجر کے یا الٰہی تحقیق میں مانگتا ہوں تجھ سے علم نفع دینے والا اور عمل قبول کیا گیا اور رزق

طَيِّبًا رَوَاهُ اَحْمَدُ وَابْنُ مَاجَةَ وَالْبَيْهَقِيُّ فِي الدَّعَوَاتِ الْكَبِيْرِ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ

حلال نقل کی یہ احمد اور ابن ماجہ نے اور بیہقی نے دعوات کبیر میں۔ اور روایت ہے ابی ہریرہ سے

قَالَ دُعَاءٌ حَفِظْتُهٗ مِنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا اَدَعُهٗ اَللّٰهُمَّ اجْعَلْنِيْ اُعْظِمُ

کہا ایک دعا یاد کی ہے میں نے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم سے نہیں چھوڑتا ہوں میں اوسکو یا الٰہی گردان مجکو کہ کروں میں بڑا

شُكْرَكَ وَاُكْثِرُ ذِكْرَكَ وَاَتَّبِعُ نُصْحَكَ وَاَحْفَظُ وَصِيَّتَكَ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ

شکر تیرا اور بہت کروں میں ذکر تیرا اور پیروی کروں میں نصیحت تیری کی اور یاد رکھوں میں وصیت تیری نقل کی یہ ترمذی نے

وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ

اور روایت ہے عبداللہ بن عمرو سے کہا تھا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کہتے یا الٰہی تحقیق میں

اَسْئَلُكَ الصِّحَّةَ وَالْعِفَّةَ وَالْاَمَانَةَ وَحُسْنَ الْخُلُقِ وَالرِّضَا بِالْقَدَرِ وَعَنْ

مانگتا ہوں تجھ سے صحت اور بچنا حرام سے اور امانت اور اچھا خلق اور راضی ہونا ساتھ تقدیر کے۔ اور روایت ہے

اُمِّ مَعْبَدٍ قَالَتْ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ اَللّٰهُمَّ طَهِّرْ قَلْبِيْ مِنَ

ام معبد سے کہا سنا میں نے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ فرماتے تھے یا الٰہی پاک کر دل میرے کو

النِّفَاقِ وَعَمَلِيْ مِنَ الرِّيَآءِ وَلِسَانِيْ مِنَ الْكَذِبِ وَعَيْنِيْ مِنَ الْخِيَانَةِ فَاِنَّكَ

نفاق سے اور عمل میرے کو ریاء سے اور زبان میری کو جھوٹ سے اور آنکھ میری کو خیانت سے پس تحقیق تو

تَعْلَمُ خَائِنَةَ الْاَعْيُنِ وَمَا تُخْفِي الصُّدُوْرُ رَوَاهُمَا الْبَيْهَقِيُّ فِي الدَّعَوَاتِ الْكَبِيْرِ

جانتا ہے خیانت آنکھوں کی کو اور اوسچیز کو کہ چھپاتے ہیں دل نقل کیں یہ دونوں حدیثیں بیہقی نے دعوات کبیر میں

وَعَنْ اَنَسٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَادَ رَجُلًا مِّنَ الْمُسْلِمِيْنَ قَدْ خَفَتَ

اور روایت ہے انس سے یہ کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے عیادت کی ایک شخص کی مسلمانوں میں سے کہ ضعیف ہو گیا تھا

فَصَارَ مِثْلَ الْفَرْخِ فَقَالَ لَهٗ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هَلْ كُنْتَ تَدْعُوْ اللّٰهَ بِشَيْءٍ

مانند بچے جانور پرند کے پس فرمایا اوسکو رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ کیا تو دعا مانگتا تھا اللہ تعالیٰ سے ساتھ کسی چیز کے

أَوْ تَسْأَلُهُ إِيَّاهُ قَالَ نَعَمْ كُنْتَ أَقُولُ اللّٰهُمَّ مَا كُنْتَ مُعَاقِبِي بِهِ فِي الْآخِرَةِ

یا یہ کہ مانگتا تھا تو اللہ تعالیٰ سے کچھ چیز کہتا کہ ہاں تہا ہین کہتا یا الٰہی جو کہ عذاب کرنیوالا ہو تو مجھکو ساتھ اوسکے آخرت مین

فَعَجِّلْهُ لِي فِي الدُّنْيَا فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سُبْحَانَ اللّٰهِ لَا تُطِيقُهُ وَلَا

پس جلدی کر اوسکی میرے لیے دنیا مین پس فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے عجب عاجز مانگی تونے سے نہین طاقت رکھتا تو اللہ

تَسْتَطِيعُهُ أَفَلَا قُلْتَ اللّٰهُمَّ آتِنَا فِي الدُّنْيَا حَسَنَةً وَفِي الْآخِرَةِ حَسَنَةً

اوٹھا سکیگا تو اوسکے عذاب کو آیا پس کیون نہ کہا تونے یا الٰہی دے ہمکو دنیا مین بہلائی اور آخرت مین بہلائی

وَقِنَا عَذَابَ النَّارِ قَالَ فَدَعَا اللّٰهَ بِهِ فَشَفَاهُ اللّٰهُ رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَعَنْ

اور بچا ہمکو عذاب دوزخ کے سے کہا راوی نے کہ نیوالونے پس دعا مانگی اوس شخص نے اللہ تعالےٰ سے پس یہ دعا پس شفا دی اللہ تعالےٰ نے اوسکو رواہ نقل کی یہ مسلم نے اور

حُذَيْفَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَنْبَغِي لِلْمُؤْمِنِ أَنْ يُذِلَّ نَفْسَهُ

حذیفہ سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے نہین لائق واسطے مومن کے یہ کہ خوار کرے نفس اپنے کو

قَالُوا وَكَيْفَ يُذِلُّ نَفْسَهُ قَالَ يَتَعَرَّضُ مِنَ الْبَلَاءِ لِمَا لَا يُطِيقُ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ

عرض کیا صحابہ نے کس طرح خوار کرتا ہے نفس اپنے کو فرمایا پڑے سے بلا ؤ نہین کہ نہ طاقت رکھتا ہو نقل کی یہ ترمذی

وَابْنُ مَاجَةَ وَالْبَيْهَقِيُّ فِي شُعَبِ الْإِيمَانِ وَقَالَ التِّرْمِذِيُّ هٰذَا حَدِيثٌ حَسَنٌ

اور ابن ماجہ نے اور بیہقی نے شعب الایمان مین اور کہا ترمذی نے یہ حدیث حسن

غَرِيبٌ وَعَنْ عُمَرَ قَالَ عَلَّمَنِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ قُلِ اللّٰهُمَّ اجْعَلْ

غریب ہے۔ اور روایت ہے حضرت عمر سے کہ کہا سکھایا مجکو رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہہ یا الٰہی کر دان

سَرِيرَتِي خَيْرًا مِنْ عَلَانِيَتِي وَاجْعَلْ عَلَانِيَتِي صَالِحَةً اللّٰهُمَّ إِنِّي أَسْأَلُكَ

باطن میرے کو بہتر ظاہر میرے سے اور کر دان ظاہر میرے کو شائستہ یا الٰہی تحقیق مین مانگتا ہون تجھ

مِنْ صَالِحِ مَا تُؤْتِي النَّاسَ مِنَ الْأَهْلِ وَالْمَالِ وَالْوَلَدِ غَيْرِ الضَّالِّ وَلَا

بہتر ای اوسچیز کی کہ دیتا ہے لوگونکو اہل سے اور مال سے اور اولاد سے کہ نہ گمراہ ہون اور نہ

الْمُضِلِّ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ كِتَابُ الْمَنَاسِكِ الْفَصْلُ الْأَوَّلُ

گمراہ کرین نقل کی یہ ترمذی نے۔ کتاب ہے بیچ بیان افعال حج کے سے فصل پہلی

عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ خَطَبَنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ يَا أَيُّهَا النَّاسُ قَدْ

روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ کہا خطبہ فرمایا ہمکو رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے پس فرمایا اے آدمیو تحقیق

فُرِضَ عَلَيْكُمُ الْحَجُّ فَحُجُّوا فَقَالَ رَجُلٌ أَكُلَّ عَامٍ يَا رَسُولَ اللّٰهِ فَسَكَتَ حَتّٰى قَالَهَا

فرض کیا گیا تمپر حج پس حج کرو پھر کہا ایک شخص نے آیا ہر سال کیا ہم پر حج پھر یا رسول اللہ صلے پس چپ رہے حضرت صلے

ثَلَاثًا فَقَالَ لَوْ قُلْتُ نَعَمْ لَوَجَبَتْ وَلَمَا اسْتَطَعْتُمْ ثُمَّ قَالَ ذَرُونِي مَا تَرَكْتُكُمْ

تین بار پھر فرمایا اگر کہتا میں ہاں البتہ فرض ہوتا حج اور نہ طاقت رکھتے تم پھر فرمایا صلے چھوڑ دو مجکو جب تک کہ چھوڑ دوں میں تمکو

فَإِنَّمَا هَلَكَ مَنْ كَانَ قَبْلَكُمْ بِكَثْرَةِ سُؤَالِهِمْ وَاخْتِلَافِهِمْ عَلَى أَنْبِيَائِهِمْ فَإِذَا

پس سوا اسکے نہیں کہ ہلاک ہوئے وہ لوگ کہ تھے پہلے تمسے بسبب بہتایت سوال اپنے کے اور خلاف کرنا اونکا اوپر انبیا اپنی کے پس جب

نَخْلًا بَعْدَ اَنْ تُؤَبَّرَ فَثَمَرَتُهَا لِلْبَائِعِ اِلَّا اَنْ يَّشْتَرِطَ الْمُبْتَاعُ وَمَنِ ابْتَاعَ عَبْدًا

درخت کھجور کا بعد تابیر کے پس پھل میوہ اوسکا واسطے بیچنے والے کے ہے مگر یہ کہ شرط کرے خریدنیوالا اور جو شخص کہ خریدے غلام

وَلَهٗ مَالٌ فَمَالُهٗ لِلْبَائِعِ اِلَّا اَنْ يَّشْتَرِطَ الْمُبْتَاعُ رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَرَوَى الْبُخَارِيُّ

اور واسطے اوسکے ہو مال پس مال اوسکا واسطے بیچنے والے کے ہے مگر یہ کہ شرط کرے خریدنیوالا نقل کی یہ مسلم نے اور روایت کیا بخاری نے

الْمَعْنٰى الْاَوَّلَ وَحْدَهٗ وَعَنْ جَابِرٍ اَنَّهٗ كَانَ يَسِيْرُ عَلٰى جَمَلٍ لَّهٗ قَدْ اَعْيٰى فَمَرَّ

پہلا جملہ فقط ۔ اور روایت ہے جابر سے یہ کہ وہ تھے چلتے اپنے اونٹ پر ، کہ تحقیق تھک گیا تھا پھر گذرے

النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِهٖ فَضَرَبَهٗ فَسَارَ سَيْرًا لَيْسَ يَسِيْرُ مِثْلَهٗ ثُمَّ قَالَ بِعْنِيْهِ

پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم جابر پر پس مارا حضرت صلعم نے اونٹ کو پس چلا چلنا کہ نہین چلتا تھا مانند اوسکے پھر فرمایا حضرت صلعم نے

بِوُقِيَّةٍ قَالَ فَبِعْتُهٗ فَاسْتَثْنَيْتُ حُمْلَانَهٗ اِلٰى اَهْلِيْ فَلَمَّا قَدِمْتُ الْمَدِيْنَةَ

ساتھ وقیہ کے کہا جابر نے پس بیچا میںنے اوس اونٹ کو اور مستثنا کی میںنے سواری اوسکی اپنے گھر تک پس جب آیا میں مدینہ میں

اَتَيْتُهٗ بِالْجَمَلِ وَنَقَدَنِيْ ثَمَنَهٗ وَفِيْ رِوَايَةٍ فَاَعْطَانِيْ ثَمَنَهٗ وَرَدَّهٗ عَلَيَّ مُتَّفَقٌ

لایا میں حضرت صلعم کو پاس اونٹ اور دیا مجھکو مول اوسکا اور ایک روایت مین ہے کہ پس دیا مجھکو مول اوسکا اور پھیر دیا اونٹ مجھپر متفق

عَلَيْهِ وَفِيْ رِوَايَةٍ لِّلْبُخَارِيِّ اَنَّهٗ قَالَ لِبِلَالٍ اِقْضِهٖ وَزِدْهُ فَاَعْطَاهُ وَزَادَهٗ

علیہ اور ایک روایت بخاری کی مین یہ ہے کہ فرمایا حضرت صلعم نے بلال کو کہ دے جابر کو مول اونٹ کا اور زیادہ دے کچھ

قیراطا وعن عائشة قالت جاءت بريرة فقالت إني كاتبت على تسع

ایک قیراط۔ اور روایت ہے حضرت عائشہ رضہ سے کہا آئی بریرہ اور کہا کہ مکاتبت کی میں نے

أواق في كل عام وقية فأعينيني فقالت عائشة إن أحب أهلك أن

اوقیہ پر کہ ہر سال میں ایک اوقیہ دونگی پس مدد کر میری پھر کہا حضرت عائشہ رضہ نے بریرہ کو اگر چاہیں مالک تیری یہ کہ

أعد لها لهم عدة واحدة وأعتقك فعلت ويكون ولاؤك لي فذهبت

دونگی میں اوقیہ تو گنکو ایک مرتبہ بیکے سب اور آزاد کرونگی تجھکو تو کر میں اور ہو حق ولایت کا مجکو پس گئی بریرہ

إلى أهلها فأبوا إلا أن يكون الولاء لهم فقال رسول الله صلى الله عليه

طرف مالکون اپنے کے پس زمانا اونہون نے مگر اسطرح سے کہ ہو حق ولاء کا ہمارے لیے پھر فرمایا رسول خدا صلعم نے عائشہ رضہ کو

خذيها وأعتقيها ثم قام رسول الله صلى الله عليه وسلم في الناس فحمد الله وأثنى

کر لے اوسکو اور آزاد کر اوسکو پھر خطبہ فرمایا حضرت رسول خدا صلعم نے لوگون میں پس حمد کی اللہ کی اور تعریف کی

عليه ثم قال أما بعد فما بال رجال يشترطون شروطا ليست في كتاب

اوسکی پھر فرمایا پیچھے اسکے کیا حال ہے اون لوگون کا کہ کرتے ہین شرطین کہ نہین وہ کتاب

الله ما كان من شرط ليس في كتاب الله فهو باطل وإن كان مائة شرط

اللہ مین جو شرط کہ نہین کتاب اللہ مین پس وہ باطل ہے اگرچہ ہون سو شرطین

فقضاء الله أحق وشرط الله أوثق وإنما الولاء لمن أعتق متفق عليه

پس حکم اللہ کا لائق تر ہے کہ عمل کیا جاوے اوسپر اور شرط اللہ کی مضبوط تر ہے اور سوائے اسکے نہین کہ ولاء اسکو ہے کہ آزاد کرے

وعن ابن عمر قال نهى رسول الله صلى الله عليه وسلم عن بيع الولاء وعن هبته

اور روایت ہے ابن عمر سے کہا منع کیا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے بیچنے ولاء کے سے اور ہبہ کرنے اوسکے سے

متفق عليه الفصل الثاني عن مخلد بن خفاف قال ابتعت غلاما

متفق علیہ۔ فصل دوسری روایت ہے مخلد بن خفاف سے کہا خرید یا مینے ایک غلام

فاستغللته ثم ظهرت منه على عيب فخاصمت فيه إلى عمر بن عبد العزيز

پس لی مین نے کمائی اوسکی پھر مطلع ہوا مین اوس سے عیب پر پس جھگڑا کیا مین اور غلام کے مقدمہ مین طرف عمر بن عبد العزیز کے

فقضى لي برده وقضى علي برد غلته فأتيت عروة فأخبرته فقال

پس حکم کیا واسطے میرے ساتھ پھیر دینے غلام کے اور حکم کیا مجپر ساتھ پھیر دینے کمائی اوسکیکو پس آیا مین عروہ بن زبیر کیطرف پس خبر دی اونکو پس کہا عروہ نے

اَرُوحُ اِلَیْهِ الْعَشِیَّةَ فَاُخْبِرُهُ اَنَّ عَائِشَةَ اَخْبَرَتْنِیْ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ

جاؤنگا میں طرف عمر بن عبد العزیز کے آخر روز اور خبر دونگا میں اوسکو یہ کہ حضرت عائشہ نے خبر دی مجکو یہ کہ پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے

قَضٰی فِیْ مِثْلِ هٰذَا اَنَّ الْخَرَاجَ بِالضَّمَانِ فَرَاحَ اِلَیْهِ عُرْوَةُ فَقَضٰی لِیْ اَنْ اَخُذَ

حکم دیا بیچ مانند اس قصہ کے یہ کہ سلہ منفعت بدلے ضمان کی ہو پس گیا طرف عمر بن عبد العزیز کے عروہ پس حکم کیا عمر بن عبد العزیز نے

الْخَرَاجَ مِنَ الَّذِیْ قَضٰی بِهٖ عَلَیْهِ رَوَاهُ فِیْ شَرْحِ السُّنَّةِ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ

کہ میں غلام کی اوس شخص سے کہ حکم کیا تھا ساتھ اوسکے بیچ پھیرنے واسطے اوسکے نقل کی یہ شرح السنہ میں۔ اور روایت ہے عبد اللہ

ابْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اِذَا اخْتَلَفَ الْبَیِّعَانِ فَالْقَوْلُ قَوْلُ

بن مسعود سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے جسوقت کہ اختلاف کریں بائع اور مشتری پس قول قول

الْبَائِعِ وَالْمُبْتَاعُ بِالْخِیَارِ رَوَاهُ التِّرْمِذِیُّ وَفِیْ رِوَایَةِ ابْنِ مَاجَةَ وَالدَّارِمِیِّ

بیچنے والیکا ہے اور لینے والا مختار ہے نقل کی یہ ترمذی نے اور بیچ روایت ابن ماجہ اور دارمی کے اون سے

قَالَ الْبَیِّعَانِ اِذَا اخْتَلَفَا وَالْمَبِیْعُ قَائِمٌ بِعَیْنِهٖ وَلَیْسَ بَیْنَهُمَا بَیِّنَةٌ فَالْقَوْلُ

کہ فرمایا حضرت نے بیچنے والا اور لینے والا جسوقت کہ اختلاف کریں اور وہ چیز کہ بکی ہے قائم ہو جو نکی توں اور نہ ہو درمیان اون دونوں کے شاہد

مَا قَالَ الْبَائِعُ اَوْ یَتَتَارَادَّانِ الْبَیْعَ وَعَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ

وہ ہو کہ کہا بیچنے والے نے یا پھیر دیں دونو بیع کو۔ اور روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ کہا فرمایا رسول خدا

صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ مَنْ اَقَالَ مُسْلِمًا اَقَالَهُ اللّٰهُ عِثْرَتَهٗ یَوْمَ الْقِیٰمَةِ رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ

صلے اللہ علیہ وسلم نے جو شخص کہ پھیر دی بیع مسلمان کو بخشیگا اوس سے اللہ تعالی گناہ اوسکے دن قیامت کے نقل کی یہ ابوداؤد

وَابْنُ مَاجَةَ وَفِیْ شَرْحِ السُّنَّةِ بِلَفْظِ الْمَصَابِیْحِ عَنْ شَرِیْحٍ الشَّامِیِّ مُرْسَلًا

اور ابن ماجہ نے اور بیچ شرح السنہ کے یہ حدیث مذکور ہے ساتھ اون الفاظ کے کہ مصابیح میں ہے شریح شامی سے بطریق ارسال

اَلْفَصْلُ الثَّالِثُ عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ

فصل روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے

اِشْتَرٰی رَجُلٌ مِّمَّنْ كَانَ قَبْلَكُمْ عَقَارًا مِّنْ رَّجُلٍ فَوَجَدَ الَّذِیْ اشْتَرَی

خریدی ایک شخص نے اون لوگوں میں سے کہ تم سے پہلے تھے زمین ایک شخص سے پس پائی اوس شخص نے کہ خریدی تھی

الْعَقَارَ فِیْ عَقَارِهٖ جَرَّةً فِیْهَا ذَهَبٌ فَقَالَ الَّذِیْ اشْتَرَی الْعَقَارَ خُذْ ذَهَبَكَ

زمین بیچ زمین اپنی کے ایک ٹھلیا کہ اوسمیں تھا سونا پس کہا بیچنے والیکو اوس شخص نے کہ لے تو اپنی زمین لے سونا اپنا

عَنِّیْ اِنَّمَا اشْتَرَیْتُ الْعَقَارَ وَلَمْ اَبْتَعْ مِنْكَ الذَّهَبَ فَقَالَ بِعْ اَرْضِیْ اِنَّمَا

مجھ سے نہیں خریدی میں نے گھر زمین اور نہیں خریدا میں نے تجھ سے سونا پس کہا بیچ میری زمین کو

بِعْتُكَ الْاَرْضَ وَمَا فِیْهَا فَتَحَاكَمَا اِلٰی رَجُلٍ فَقَالَ الَّذِیْ تَحَاكَمَا اِلَیْهِ اَلَكُمَا

بیچی میں نے تیرے گھاٹ گھر زمین اور جو چیز اوسمین ہے پس قصہ گئے دونو طرف ایک شخص کے پس کہا اوس شخص نے کہ قصہ لے گئے تم طرف اوسکے کیا تم دونو کی

وَلَدٌ فَقَالَ اَحَدُهُمَا لِیْ غُلَامٌ وَقَالَ الْاٰخَرُ لِیْ جَارِیَةٌ فَقَالَ اَنْكِحُوا الْغُلَامَ

اولاد پس کہا ایک نے اونمین سے کہ میرے ہان لڑکا ہے اور کہا دوسرے نے کہ میرے ہان لڑکی ہے پھر کہا اوس شخص نے کہ نکاح کرو اوس لڑکے کا

الْجَارِیَةَ وَاَنْفِقُوْا عَلَیْهِمَا مِنْهُ وَتَصَدَّقُوْا مُتَّفَقٌ عَلَیْهِ بَابُ السَّلَمِ وَ

لڑکی سے اور خرچ کرو اوپر اوس کے سونے سے اور صدقہ دو متفق علیہ۔ باب ہے بیچ بیان سلم کے اور

الرَّهْنِ اَلْفَصْلُ الْاَوَّلُ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَدِمَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی

گروی کے فصل پہلی روایت ہے ابن عباس سے کہا تشریف لائے رسول خدا صلے اللہ

عَلَیْهِ وَسَلَّمَ الْمَدِیْنَةَ وَهُمْ یُسْلِفُوْنَ فِی الثِّمَارِ السَّنَةَ وَالسَّنَتَیْنِ وَالثَّلٰثَ فَقَالَ

علیہ وسلم مدینہ مین اور مدینہ کے لوگ بیع سلم کرتے تھے میوہ مین ایکسال تک اور دو سال تک اور تین سال تک پس فرمایا

مَنْ اَسْلَفَ فِیْ شَیْءٍ فَلْیُسْلِفْ فِیْ كَیْلٍ مَّعْلُوْمٍ وَّوَزْنٍ مَّعْلُوْمٍ اِلٰی اَجَلٍ

کہ جو شخص بیع سلم کرے کسی چیز مین پس چاہیے کہ سلم کرے کیل معلوم مین اور وزن معلوم مین مدت

مَّعْلُوْمٍ مُتَّفَقٌ عَلَیْهِ وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتِ اشْتَرٰی رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی

معلوم تک نقل کی یہ بخاری اور مسلم نے۔ اور روایت ہے حضرت عائشہ رضی سے کہا خرید یا رسول خدا صلے اللہ

عَلَیْهِ وَسَلَّمَ طَعَامًا مِّنْ یَّهُوْدِیٍّ اِلٰی اَجَلٍ وَّرَهَنَهُ دِرْعَهُ مِنْ حَدِیْدٍ مُتَّفَقٌ

علیہ وسلم نے کچھ غلہ ایک یہودی سے بوعدہ اور گرو رکھی اوسکے پاس اپنی زرہ لوہے کی متفق

عَلَیْهِ وَعَنْهَا قَالَتْ تُوُفِّیَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وَدِرْعُهُ مَرْهُوْنَةٌ عِنْدَ

علیہ۔ اور روایت ہے عائشہ رضی سے کہا وفات کیے گئے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم اسحالت مین کہ زرہ اوسکی گروی تھی نزدیک

یَهُوْدِیٍّ بِثَلٰثِیْنَ صَاعًا مِّنْ شَعِیْرٍ رَوَاهُ الْبُخَارِیُّ وَعَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ

یہودی کے بدلے تیس چوسیری جو کے نقل کی یہ بخاری نے۔ اور روایت ہے ابی ہریرہ سے کہا

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَلظَّهْرُ یُرْكَبُ بِنَفَقَتِهٖ اِذَا كَانَ مَرْهُوْنًا وَلَبَنُ

فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے جانور کی سواری کیا جاوے بدلے خرچ کرنے اوسکے جبکہ ہو گروی اور دودھ

الدَّرُّ یُشْرَبُ بِنَفَقَتِہٖ اِذَا کَانَ مَرْھُوْنًا وَّعَلَی الَّذِیْ یَرْکَبُ وَیَشْرَبُ

جانور شیردار کا پیا جائے بدلے خرچ کرنے اوسکے کے جبوقت کہ ہو وہ گرو اور جو سواری کرے اور دودھ پیوے اوسپر

النَّفَقَۃُ رَوَاہُ الْبُخَارِیُّ اَلْفَصْلُ الثَّانِیْ عَنْ سَعِیْدِ بْنِ الْمُسَیَّبِ اَنَّ

ہر خرچ نقل کی یہ بخاری نے فصل دوسری روایت ہے سعید بن مسیب سے یہ کہ

رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا یُغْلَقُ الرَّھْنُ الرَّھْنُ مِنْ صَاحِبِہِ الَّذِیْ

رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا نہیں منع کرتا گرو رکھنا چیز گروی رکھی ہوئی کو مالک اوسکے سے کہ جسنے

رَھَنَہٗ لَہٗ غُنْمُہٗ وَعَلَیْہِ غُرْمُہٗ رَوَاہُ الشَّافِعِیُّ مُرْسَلًا وَّرُوِیَ مِثْلُہٗ اَوْ

گرو رکھا ہے اوسکو لے اوسکے لیے ہے زیادتی اوسکی اور اوسپر ہے تاوان اوسکا نقل کی یہ شافعی نے بطریق ارسال کے اور روایت

مِثْلُ مَعْنَاہُ لَا یُخَالِفُہٗ عَنْہُ عَنْ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ مُتَّصِلًا وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ النَّبِیَّ

مثل معنے اوسکے کے کہ مخالف نہیں ہے اوسکے معنو نہیں سعید بن مسیب سے کہ اوسنہوں نے روایت کی ابی ہریرہ سے بطریق اتصال کے اور روایت ہے

صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ اَلْمِکْیَالُ مِکْیَالُ اَھْلِ الْمَدِیْنَۃِ وَالْمِیْزَانُ مِیْزَانُ اَھْلِ مَکَّۃَ

صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا پیمانہ پیمانہ اہل مدینہ کا ہے اور تول تول اہل مکہ کے

رَوَاہُ اَبُوْدَاوٗدَ وَالنَّسَائِیُّ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ

نقل کی یہ ابوداؤد اور نسائی نے۔ اور روایت ہے ابن عباس سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے

لِاَصْحَابِ الْکَیْلِ وَالْمِیْزَانِ اِنَّکُمْ قَدْ وُلِّیْتُمْ اَمْرَیْنِ ھَلَکَتْ فِیْھِمَا الْاُمَمُ السَّالِفَۃُ

واسطے ماپنے والوں اور تولنے والوں کے کہ تحقیق تم والی کیے گئے ہو دو کاموں کے کہ ہلاک ہوئیں ان میں تم سے گذری ہوئی پہلے

قَبْلَکُمْ رَوَاہُ التِّرْمِذِیُّ اَلْفَصْلُ الثَّالِثُ عَنْ اَبِیْ سَعِیْدِ نِ الْخُدْرِیِّ

تمسے نقل کی یہ ترمذی نے۔ فصل تیسری روایت ہے ابی سعید خدری رضہ سے

قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَنْ اَسْلَفَ فِیْ شَیْءٍ فَلَا یَصْرِفْہُ اِلٰی غَیْرِہٖ

کہا فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ جو شخص سلم بیع سلم کرے کسی چیز میں پس نہ پھیرے اوسکو طرف غیر اوسکے

قَبْلَ اَنْ یَّقْبِضَہٗ رَوَاہُ اَبُوْدَاوٗدَ وَابْنُ مَاجَۃَ بَابُ الْاِحْتِکَارِ اَلْفَصْلُ

پہلے قبض کرنے اوسکے کے نقل کی یہ ابوداؤد اور ابن ماجہ نے۔ باب ہے بیچ بیان احتکار کے فصل

الْاَوَّلُ عَنْ مَعْمَرٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَنِ احْتَکَرَ فَھُوَ

پہلی روایت ہے معمر سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے جو شخص کہ احتکار کرے پس وہ ہے

خاطی رواہ مسلم وسند کر حدیث عمر کانت اموال بنی النضیر فی

گنہگار نقل کی یہ مسلم نے اور ذکر کرین گے ہم حدیث حضرت عمر رضہ کی کہ رہا اوسکا یہ ہے کہ تھا اموال بنی النضیر بیچ

باب الفیٔ ان شاء اللہ تعالیٰ الفصل الثانی عن عمر عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم

باب فئے کے اگر چاہے گا اللہ تعالے فصل دوسری روایت ہے عمر رضہ سے کہ نقل کی نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے

قال الجالب مرزوق والمحتکر ملعون رواہ ابن ماجۃ والدارمی وعن

فرمایا سوداگر رزق دیا گیا ہے اور لے احتکار کرنیوالا ملعون ہے نقل کی یہ ابن ماجہ اور دارمی نے۔ اور روایت ہے

انس قال غلا السعر علی عہد النبی صلی اللہ علیہ وسلم فقالوا یا رسول اللہ سعر لنا فقال النبی صلی اللہ علیہ وسلم ان

انس سے کہ کہا مہنگا ہوا نرخ غلہ کا زمانے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے مین پس کہا صحابہ نے یا رسول اللہ نرخ مقرر کیجیو واسطے ہمارے پس کہا نبی صلعم نے کہ

اللہ ھو المسعر القابض الباسط الرزاق وانی لارجو ان القی ربی ولیس احد منکم یطلبنی بمظلمۃ

اللہ وہ ہے نرخ مقرر کرنیوالا تنگ کرنیوالا فراخ کرنیوالا روزی دینے والا اور تحقیق مین البتہ امید رکھتا ہون یہ کہ ملون پروردگار اپنے سے اس حالت

بدم ولا مال رواہ الترمذی وابو داود وابن ماجۃ والدارمی الفصل الثالث عن

بسبب خون کے یا مال کے نقل کی یہ ترمذی اور ابو داؤد اور ابن ماجہ اور دارمی نے فصل تیسری روایت ہے

عمر بن الخطاب قال سمعت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یقول من احتکر علی المسلمین طعامھم ضربہ اللہ

عمر بن خطاب سے کہ کہا سنا مینے پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ فرماتے تھے جو کوئی بند کرے مسلمانون سے غلہ اونکا پہنچاتا ہے اللہ

بالجذام والافلاس رواہ ابن ماجۃ والبیہقی فی شعب الایمان ورزین

جذام اور افلاس نقل کی یہ ابن ماجہ نے اور بیہقی نے شعب الایمان مین اور رزین نے

فی کتابہ وعن ابن عمر قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم من احتکر طعاما

اپنی کتاب مین۔ اور روایت ہے ابن عمر سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے جو شخص کہ بند رکھے غلہ

اربعین یوما یرید بہ الغلاء فقد برئ من اللہ وبری اللہ منہ رواہ

چالیس دن ارادہ رکھتا ہو ساتھ اوسکے مہنگی ہونیکا پس تحقیق بگہ بیزار ہوا اللہ سے اور اللہ بیزار ہوا اوس سے نقل کی یہ

رزین وعن معاذ قال سمعت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یقول بئس العبد

رزین نے۔ اور روایت ہے معاذ سے کہ کہا سنا مینے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ فرماتے تھے برا ہے

المحتکر ان ارخص اللہ الاسعار حزن وان اغلاھا فرح رواہ البیہقی

احتکار کرنے والا اگر سستا کرے اللہ نرخون کو تو غمگین ہو اور اگر مہنگا کرے نرخون کو تو خوش ہو نقل کی یہ بیہقی نے

فِی شُعَبِ الْاِیْمَانِ وَرَزِیْنٌ فِی کِتَابِہٖ وَعَنْ اَبِیْ اُمَامَۃَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ

شعب الایمان میں اور رزین نے اپنی کتاب میں۔ اور روایت ہے ابی امامہ سے یہ کہ رسول خدا

صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنِ احْتَکَرَ طَعَامًا اَرْبَعِیْنَ یَوْمًا ثُمَّ تَصَدَّقَ بِہٖ لَمْ یَکُنْ

صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص کہ بند رکھے غلہ چالیس دن پھر للہ دے اوسکو نہوگا

لَہٗ کَفَّارَۃٌ رَوَاہُ رَزِیْنٌ بَابُ الْاِفْلَاسِ وَالْاِنْظَارِ الْفَصْلُ

واسطے اوسکے کفارہ نقل کیا یہ رزین نے۔ باب ہے بیچ بیان مفلسی کے اور مہلت دینے کے معاملہ میں فصل

الْاَوَّلُ عَنْ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَیُّمَا رَجُلٍ

پہلی روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے جو شخص کہ

اَفْلَسَ فَاَدْرَکَ رَجُلٌ مَالَہٗ بِعَیْنِہٖ فَھُوَ اَحَقُّ بِہٖ مِنْ غَیْرِہٖ مُتَّفَقٌ

مفلس ہوا پس پایا ایک شخص نے مال اپنا بعینہ یعنی پس وہ لائق تر ہے ساتھ اوس مال کے غیر اوس سے متفق

عَلَیْہِ وَعَنْ اَبِیْ سَعِیْدٍ قَالَ اُصِیْبَ رَجُلٌ فِیْ عَھْدِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ

علیہ۔ اور روایت ہے ابی سعید سے کہ کہا پہنچایا گیا نقصان ایک شخص پر بیچ زمانے نبی صلی اللہ

عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فِیْ ثِمَارٍ ابْتَاعَھَا فَکَثُرَ دَیْنُہٗ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ تَصَدَّقُوْا

علیہ وسلم کے بیچ میوہ کے کہ خریدا تھا اوسکو پس بہت ہوا دین اوسپر فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے لوگو تم صدقہ دو

عَلَیْہِ فَتَصَدَّقَ النَّاسُ عَلَیْہِ فَلَمْ یَبْلُغْ ذٰلِکَ وَفَاءَ دَیْنِہٖ فَقَالَ رَسُوْلُ

اوسکو پس صدقہ دیا لوگوں نے اوسکو پس نہ پہنچا وہ صدقہ موافق دین اوسکے کے پھر فرمایا رسول

اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ لِغُرَمَائِہٖ خُذُوْا مَا وَجَدْتُّمْ وَلَیْسَ لَکُمْ اِلَّا ذٰلِکَ

خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے اوسکے قرض خواہوں کو لو جو پاؤ تم اور نہ نہیں واسطے تمہارے مگر یہ

رَوَاہُ مُسْلِمٌ وَعَنْ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ کَانَ رَجُلٌ

نقل کیا یہ مسلم نے۔ اور روایت ہے ابی ہریرہ سے یہ کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تھا ایک شخص

یُدَایِنُ النَّاسَ فَکَانَ یَقُوْلُ لِفَتَاہُ اِذَا اَتَیْتَ مُعْسِرًا تَجَاوَزْ عَنْہُ

معاملہ کرتا تھا لوگوں سے دین کا اور تھا کہتا واسطے گماشتے اپنے کہ جب آوے تو تنگ دست کے پاس درگذر کر اوس سے

لَعَلَّ اللّٰہَ اَنْ یَّتَجَاوَزَ عَنَّا قَالَ فَلَقِیَ اللّٰہَ فَتَجَاوَزَ عَنْہُ مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ

شاید کہ اللہ تعالیٰ درگذر کرے ہم سے فرمایا حضرت نے پس ملاقات کی اوسنے اللہ تعالیٰ سے پس اللہ درگذر کیا اللہ تعالیٰ

وَعَنْ أَبِي قَتَادَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ سَرَّهُ أَنْ يُنَجِّيَهُ

اور روایت ہے ابی قتادہ سے کہا فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے جسکو خوش لگے یہ کہ نجات دے اوسکو

اللّٰهُ مِنْ كُرَبِ يَوْمِ الْقِيَامَةِ فَلْيُنَفِّسْ عَنْ مُعْسِرٍ أَوْ يَضَعْ عَنْهُ رَوَاهُ

اللہ تعالیٰ سختیوں دن قیامت کی سے پس چاہیے کہ فرصت دے محتاج کو تو قرض معاف کردے یا اوسکو نقل کی آ

مُسْلِمٌ وَعَنْهُ قَالَ سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ مَنْ أَنْظَرَ مُعْسِرًا

مسلم نے۔ اور روایت ہے ابی قتادہ سے کہا سنا میںنے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ فرماتے تھے جو شخص کہ مہلت دے تنگدست کو یا معاف کر

أَوْ وَضَعَ عَنْهُ أَنْجَاهُ اللّٰهُ مِنْ كُرَبِ يَوْمِ الْقِيَامَةِ رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَعَنْ أَبِي

یا معاف کرے تو اوسکو نجات دیگا اوسکو اللہ سختیوں دن قیامت کی سے نقل کی یہ مسلم نے۔ اور روایت ہے ابی

الْيَسَرِ قَالَ سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ مَنْ أَنْظَرَ مُعْسِرًا أَوْ وَضَعَ

الیسر سے کہا سنا میںنے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ فرماتے تھے جو شخص کہ مہلت دے تنگدست کو یا معاف کر

عَنْهُ أَظَلَّهُ اللّٰهُ فِي ظِلِّهِ رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَعَنْ أَبِي رَافِعٍ قَالَ اسْتَسْلَفَ

اوسکو تو سایہ رکھیگا اوسکو اللہ تم پیچے سایہ اپنے کی نقل کی یہ مسلم نے۔ اور روایت ہے ابی رافع سے کہا قرض لیا

رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَكْرًا فَجَاءَتْهُ إِبِلٌ مِنَ الصَّدَقَةِ قَالَ أَبُو رَافِعٍ

رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے ایک اونٹ جوان پس آئی حضرت کو پاس اونٹ زکوۃ کے کہا ابو رافع نے

فَأَمَرَنِي أَنْ أَقْضِيَ الرَّجُلَ بَكْرَهُ فَقُلْتُ لَا أَجِدُ إِلَّا جَمَلًا خِيَارًا رَبَاعِيًا

پس حکم فرمایا مجھکو یہ کہ دوں میں اوس شخص کو اونٹ اوسکا پس کہا میںنے نہیں پاتا میں مگر اونٹ اچھا سات برس کا

فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَعْطِهِ إِيَّاهُ فَإِنَّ خَيْرَ النَّاسِ أَحْسَنُهُمْ

پس فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے دے اوسکو اونٹ اچھا پس بہترین لوگوں کا وہ ہے کہ بہت اچھا ہو ادا میں

قَضَاءً رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ أَنَّ رَجُلًا تَقَاضَى رَسُولَ اللّٰهِ

ادائی قرض میں نقل کی یہ مسلم نے۔ اور روایت ہے ابی ہریرہ سے یہ کہ ایک شخص نے تقاضا کیا رسول خدا

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَغْلَظَ لَهُ فَهَمَّ أَصْحَابُهُ فَقَالَ دَعُوهُ فَإِنَّ لِصَاحِبِ الْحَقِّ

صلے اللہ علیہ وسلم پس سخت کہا حضرت کو پر قصد کیا حضرت کے یاروں نے اوسکو ایذا دینے کا پس فرمایا حضرت نے چھوڑ دو اوسکو

مَقَالًا ثُمَّ اشْتَرَوْا لَهُ بَعِيرًا فَأَعْطَوْهُ إِيَّاهُ فَقَالُوا لَا نَجِدُ إِلَّا أَفْضَلَ

جگہ کہنے کی اور خرید کر دو اوسکے لیے اونٹ پس دو اوسکو اونٹ عرض کیا صحابہ نے نہیں پاتے ہم مگر زیادہ تر

مِنْ سِنِّهٖ قَالَ اشْتَرُوْهُ فَاَعْطُوْهُ اِيَّاهُ فَاِنَّ خَيْرَكُمْ اَحْسَنُكُمْ قَضَاءً مُتَّفَقٌ

اونکی عمر سے فرمایا حضرت نے خریدو اور سکو پہرو اور سکو اونٹ اسلیے کہ تحقیق بہتر تم مین وہ ہے جو اچھا ہو تم مین ادا کرنے مین قرض

عَلَيْهِ وَعَنْهُ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَطْلُ الْغَنِيِّ ظُلْمٌ فَاِذَا

علیہ۔ اور روایت ہے ابی ہریرہ سے یہ کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ٹالنا تاخیر کرنا غنی کا ظلم ہے پس جب

اُتْبِعَ اَحَدُكُمْ عَلٰى مَلِئٍ فَلْيَتْبَعْ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَعَنْ كَعْبِ بْنِ مَالِكٍ اَنَّهٗ

حوالہ کیا جاوے ایک تمہارا غنی پر تو پس چاہیے کہ قبول کرے حوالہ متفق علیہ۔ اور روایت ہے کعب بن مالک سے یہ کہ انہونے

تَقَاضٰى ابْنَ اَبِيْ حَدْرَدٍ دَيْنًا لَّهٗ عَلَيْهِ فِيْ عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي

تقاضا کیا ابن ابی حدرد سے اپنے دین کا کہ تھا اوسپر پہیم زمانے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے

الْمَسْجِدِ فَارْتَفَعَتْ اَصْوَاتُهُمَا حَتّٰى سَمِعَهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ فِيْ

مسجد مین پس بلند ہوئین آوازین دونونکی یہانتک کہ سنا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے آوازونکو اور حضرت ہونہی

بَيْتِهٖ فَخَرَجَ اِلَيْهِمَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتّٰى كَشَفَ سِجْفَ حُجْرَتِهٖ وَ

گھر اپنے مین پس ارادہ نکلنے کا کیا طرف اونکی رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے یہانتک کہ کھولا پردہ اپنے حجرے کا اور

نَادٰى كَعْبَ بْنَ مَالِكٍ قَالَ يَا كَعْبُ قَالَ لَبَّيْكَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ فَاَشَارَ بِيَدِهٖ

پکارا کعب بن مالک کو فرمایا اے کعب وہ بولا حاضر ہون یا رسول اللہ پس اشارہ کیا حضرت نے اپنے ہاتھ سے

اَنْ ضَعِ الشَّطْرَ مِنْ دَيْنِكَ قَالَ كَعْبٌ قَدْ فَعَلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ قُمْ

یہ کہ موقوف کر آدھا اپنے دین سے کہا کعب نے تحقیق کیا مینے یا رسول اللہ فرمایا حضرت نے ابن ابی

فَاقْضِهٖ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَعَنْ سَلَمَةَ بْنِ الْاَكْوَعِ قَالَ كُنَّا جُلُوْسًا عِنْدَ

پس ادا کر باقی متفق علیہ۔ اور روایت ہے سلمہ بن اکوع سے کہا تھے ہم بیٹھے نزد

النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذْ اُتِيَ بِجَنَازَةٍ فَقَالُوْا صَلِّ عَلَيْهَا فَقَالَ هَلْ عَلَيْهِ دَيْنٌ

نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے تاگاہ لایا گیا جنازہ پس کہا صحابہ نے نماز پڑہیے اوسپر پس فرمایا حضرت نے آیا ہے اوسپر دین

قَالُوْا لَا فَصَلّٰى عَلَيْهَا ثُمَّ اُتِيَ بِجَنَازَةٍ اُخْرٰى فَقَالَ هَلْ عَلَيْهِ

کہا صحابہ نے کہ نہین پس نماز پڑہی اوسپر پہر لایا گیا ایک اور جنازہ پس فرمایا کیا ہے اوسپر

دَيْنٌ قِيْلَ نَعَمْ قَالَ فَهَلْ تَرَكَ شَيْئًا قَالُوْا ثَلٰثَةَ دَنَانِيْرَ فَصَلّٰى عَلَيْهَا ثُمَّ

دین کہا گیا ہان پس فرمایا کیا چھوڑ گیا ہے کچھ عرض کیا صحابہ نے کہ چھوڑ گیا ہے تین دینار پس نماز پڑہی اوسپر پہر

الربع

اُتِيَ بِالثَّالِثَةِ فَقَالَ هَلْ عَلَيْهِ دَيْنٌ قَالُوا ثَلٰثَةُ دَنَانِيْرَ قَالَ هَلْ تَرَكَ

لایا گیا تیسرا جنازہ پس فرمایا کیا ہے اسپر دین کہا صحابہؓ نے تین دینار فرمایا کیا چھوڑا ہے

شَيْئًا قَالُوا لَا قَالَ صَلُّوْا عَلٰى صَاحِبِكُمْ قَالَ اَبُوْ قَتَادَةَ صَلِّ عَلَيْهِ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ

کچھ عرض کیا کہ نہیں تو فرمایا پڑھو نماز اپنے یار پر کہا ابو قتادہ نے کہ نماز پڑھیے اسپر یا رسول اللہ

وَعَلَيَّ دَيْنُهٗ فَصَلّٰى عَلَيْهِ رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ

اور میرے ذمہ پر ہو دین اسکا پس نماز پڑھی حضرت نے اوسپر نقل کی یہ بخاری نے۔ اور روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ نقل کی نبی صلعم نے

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ اَخَذَ اَمْوَالَ النَّاسِ يُرِيْدُ اَدَاءَهَا اَدَّى اللّٰهُ عَنْهُ وَمَنْ اَخَذَ

علیہ وسلم نے کہ فرمایا جو شخص کہ قرض لے مال لوگوں کا ارادہ رکھتا ہو ادا کرنیکا ادا کریگا اللہ تعالیٰ اوس کی طرف سے اور جو شخص لے مال

يُرِيْدُ اِتْلَافَهَا اَتْلَفَهُ اللّٰهُ عَلَيْهِ رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ وَعَنْ اَبِيْ قَتَادَةَ قَالَ

ارادہ رکھتا ہو ضائع کرنے اوسکو ضائع کریگا اللہ اوسکو اوسپر نقل کی یہ بخاری نے۔ اور روایت ہے ابی قتادہ سے کہ کہا

قَالَ رَجُلٌ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَرَاَيْتَ اِنْ قُتِلْتُ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ صَابِرًا مُحْتَسِبًا

ایک شخص نے یا رسول اللہ خبر دو مجھکو اگر مارا جاؤں میں پھر راہ اللہ کے احتمال کرتے ہوئے صبر کرنیوالا ہو

مُقْبِلًا غَيْرَ مُدْبِرٍ يُكَفِّرُ اللّٰهُ عَنِّيْ خَطَايَايَ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَعَمْ

متوجہ ہو نہ پیٹھ دینیوالا تو کیا جاڑیگا اللہ تعالیٰ مجھسے گناہ میرے پس فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ ہاں

فَلَمَّا اَدْبَرَ نَادَاهُ فَقَالَ نَعَمْ اِلَّا الدَّيْنَ كَذٰلِكَ قَالَ جِبْرَئِيْلُ رَوَاهُ مُسْلِمٌ

پس جب پیٹھ پھیری اوس شخص نے پکارا حضرت نے اوسکو پھر فرمایا ہاں لیکن دین اسطرح سے کہا جبرئیل نے نقل کی یہ مسلم نے

وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ يُغْفَرُ لِلشَّهِيْدِ

اور روایت ہے عبداللہ بن عمرو سے یہ کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا بخشے جاتے ہیں واسطے شہید کے

كُلُّ ذَنْبٍ اِلَّا الدَّيْنَ رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ

تمام گناہ مگر دین نقل کی یہ مسلم نے۔ اور روایت ہے ابی ہریرہ سے کہا تھے رسول

اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُؤْتٰى بِالرَّجُلِ الْمُتَوَفّٰى عَلَيْهِ الدَّيْنُ فَيَسْاَلُ هَلْ تَرَكَ لِدَيْنِهٖ

خدا صلے اللہ علیہ وسلم لایا جاتا اوسکے پاس آدمی مردہ احتمال میں کہ ہوتا اوسپر دین پس پوچھتے کہ کیا چھوڑا ہے واسطے دین

قَضَاءً فَاِنْ حُدِّثَ اَنَّهٗ تَرَكَ وَفَاءً صَلّٰى وَاِلَّا قَالَ لِلْمُسْلِمِيْنَ صَلُّوْا عَلٰى

مال پس اگر بیان کیا جاتا یہ کہ وہ چھوڑ گیا ہے مال اسقدر تو نماز پڑھتے اوسپر اور اگر نہ چھوڑ گیا ہوتا کچھ فرماتے اوسکے

صَاحِبَكُمْ فَلَمَّا فُتِحَ اللّٰهُ عَلَيْهِ الْفُتُوحَ قَامَ فَقَالَ اَنَا اَوْلٰى بِالْمُؤْمِنِيْنَ مِنْ

اپنے یار پر پس جب کھولدیں اللہ تعالیٰ نے حضرت ﷺ پر ملک فتوحین کا کھڑے ہوکر کہا پس فرمایا کہ میں لائق تر ہوں ساتھ مسلمانوں کے

اَنْفُسِهِمْ فَمَنْ تُوُفِّيَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ فَتَرَكَ دَيْنًا فَعَلَيَّ قَضَاؤُهُ وَمَنْ تَرَكَ

اوُنکی جانوں سے پس جو کوئی مرے مسلمانوں سے اور چھوڑ جاوے دین پس ہے میرے ذمہ پر ہے ادا کرنا دین اوسکا اور جو شخص کہ چھوڑ جاوے

مَالًا فَلِوَرَثَتِهٖ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ اَلْفَصْلُ الثَّانِيْ عَنْ اَبِيْ سَلَمَةَ

مال پس وہ واسطے وارثوں اوسکے کے ہے متفق علیہ۔ فصل دوسری روایت ہے ابی سلمہ

الزُّرَقِيِّ قَالَ جِئْنَا اَبَا هُرَيْرَةَ فِيْ صَاحِبٍ لَّنَا قَدْ اَفْلَسَ فَقَالَ هٰذَا الَّذِيْ

زرقی سے کہا آئے ہم پاس ابوہریرہ کے بیچ مقدمہ ایک یار اپنے کے کہ تحقیق مفلس ہوگیا تھا پس کہا ابوہریرہ نے کہ یہ شخص

قَضٰى فِيْهِ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَيُّمَا رَجُلٍ مَّاتَ اَوْ اَفْلَسَ فَصَاحِبُ الْمَتَاعِ

حکم فرمایا اوسکے مقدمہ میں پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ جو شخص مرے یا مفلس ہوجاوے پس مالک اسباب کا

اَحَقُّ بِمَتَاعِهٖ اِذَا وَجَدَهٗ بِعَيْنِهٖ رَوَاهُ الشَّافِعِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ وَعَنْ

لائق تر ہے ساتھ اسباب اپنے کے جبکہ پاوے جونکا توں نقل کی یہ شافعی اور ابن ماجہ نے۔ اور روایت ہے

اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَفْسُ الْمُؤْمِنِ مُعَلَّقَةٌ بِدَيْنِهٖ

ابی ہریرہ سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے روح مومن کی معلق ہے لٹکائی جاتی ہے بدین اپنے کہ

حَتّٰى يُقْضٰى عَنْهُ رَوَاهُ الشَّافِعِيُّ وَاَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ

یہانتک کہ ادا کیا جاوے دین اوسکا نقل کی یہ شافعی اور احمد اور ترمذی اور ابن ماجہ

وَالدَّارِمِيُّ وَعَنِ الْبَرَاءِ بْنِ عَازِبٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

اور دارمی نے۔ اور روایت ہے براء بن عازب سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے

صَاحِبُ الدَّيْنِ مَاسُوْرٌ بِدَيْنِهٖ يَشْكُوْ اِلٰى رَبِّهِ الْوَحْدَةَ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ

قرضدار مقید کیا جاوے گا بسبب دین اپنے کے شکوہ کریگا طرف پروردگار اپنے کے تنہائی کا دن قیامت کے

رَوَاهُ فِيْ شَرْحِ السُّنَّةِ وَرُوِيَ اَنَّ مُعَاذًا كَانَ يَدَّانُ فَاَتٰى غُرَمَاؤُهٗ

نقل کی یہ شرح السنہ میں اور روایت کی گئی یہ کہ معاذ تھے لیتے قرض پھر آئے قرضخواہ اوون کے

اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَبَاعَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَالَهٗ كُلَّهٗ فِيْ دَيْنِهٖ حَتّٰى

طرف نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے پس بیچا نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے مال اوسکا سارا اوسکے دین میں یہانتک کہ

قَامَ مُعَاذٌ بِغَيْرِ شَيْءٍ مُرْسَلٌ هٰذَا لَفْظُ الْمَصَابِيْحِ وَلَمْ أَجِدْهُ فِي الْأُصُوْلِ

ہوگئے معاذ مفلس یہ حدیث مرسل ہے اور یہ لفظ مصابیح کے ہیں اور نہیں پائی میں نے یہ حدیث اصول میں

اِلَّا فِي الْمُنْتَقٰى وَعَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ كَعْبِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ كَانَ مُعَاذُ بْنُ

مگر منتقی میں اور روایت ہے عبدالرحمن بیٹے کعب بیٹے مالک کے سے کہ کہا تھا معاذ بن

جَبَلٍ شَابًّا سَخِيًّا وَكَانَ لَا يُمْسِكُ شَيْئًا فَلَمْ يَزَلْ يَدَّانُ حَتّٰى أَغْرَقَ

جبل جوان سخی اور تھے نہ پاس رکھتے اپنے کوئی چیز پس ہمیشہ قرض لیا کرتے تھے یہاں تک کہ ڈبو دیا

مَالَهُ كُلَّهُ فِي الدَّيْنِ فَأَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَكَلَّمَهُ لِيُكَلِّمَ غُرَمَاءَهُ فَلَوْ

مال اپنا سارا قرض میں پر آئے معاذ پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس پس بات کی حضرت سے تاکہ کہیں وہ

تَرَكُوا لِأَحَدٍ لَتَرَكُوا لِمُعَاذٍ لِأَجْلِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَبَاعَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

چھوڑتے قرض کسی کے لیے تو البتہ چھوڑتے معاذ کے لیے واسطے خاطر رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے پس بیچا رسول خدا صلعم نے

لَهُمْ مَالَهُ حَتّٰى قَامَ مُعَاذٌ بِغَيْرِ شَيْءٍ رَوَاهُ سَعِيْدٌ فِي سُنَنِهِ مُرْسَلًا وَعَنِ الشَّرِيْدِ

قرض خواہوں کے لیے مال معاذ کا یہاں تک کہ ہوگئے معاذ مفلس نقل کی یہ سعید نے اپنی سنن میں بطریق ارسال کے۔ اور روایت ہے شرید سے

قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَيُّ الْوَاجِدِ يُحِلُّ عُرْضَهُ وَعُقُوْبَتَهُ

کہا کہا فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے درنگ کرنا غنی کا حلال کرتا ہے بے آبروئی اوسکی کو اور سزا دینے اوسکی کو

قَالَ ابْنُ الْمُبَارَكِ يُحِلُّ عُرْضَهُ يُغْلَظُ لَهُ وَعُقُوْبَتَهُ يُحْبَسُ لَهُ رَوَاهُ

کہا ابن مبارک نے حلال کرنا بے آبروئی اوسکی کا یہ کہ سخت کہا جاوے اوسکو اور سزا اسکی یہ کہ قید کرایا جاوے اوسکو نقل کیا اس

أَبُوْ دَاوٗدَ وَالنَّسَائِيُّ وَعَنْ أَبِيْ سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ قَالَ أُتِيَ النَّبِيُّ

ابوداؤد اور نسائی نے۔ اور روایت ہے ابی سعید خدری سے کہا لایا گیا نبی

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِجَنَازَةٍ لِيُصَلِّيَ عَلَيْهَا فَقَالَ هَلْ عَلٰى صَاحِبِكُمْ دَيْنٌ قَالُوْا

صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس ایک جنازہ تاکہ نماز پڑھیں اوسپر پس فرمایا کیا ہے تمہارے یار پر قرض کہا لوگوں نے

نَعَمْ قَالَ هَلْ تَرَكَ لَهُ مِنْ وَفَاءٍ قَالُوْا لَا قَالَ صَلُّوْا عَلٰى صَاحِبِكُمْ وَقَالَ

ہاں فرمایا کیا چھوڑ گیا ہے واسطے قرض ادا کے کچھ مال بقدر ادا کے عرض کیا کہ نہیں فرمایا پڑھو نماز اپنے یار پر کہا

عَلِيُّ بْنُ أَبِيْ طَالِبٍ عَلَيَّ دَيْنُهُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ فَتَقَدَّمَ فَصَلّٰى عَلَيْهِ وَ

علی بن ابیطالب نے کہ میرے ذمہ ہے قرض اسکا اے رسول خدا پس آگے بڑھے حضرت اور نماز پڑھی اوسپر اور

فِی رِوَایَةٍ مَّعْنَاهُ وَقَالَ فَكَّ اللّٰهُ رِهَانَكَ مِنَ النَّارِ كَمَا فَكَكْتَ رِهَانَ

ایک روایت میں ہے اس حدیث کے ہمعنی اور فرمایا حضرت نے خلاص کرے اللہ تعالیٰ نفس تیرا کیونکر آگ دوزخ سے جیسا کہ خلاص کیا تو نے نفس

اَخِیْكَ الْمُسْلِمِ لَیْسَ مِنْ عَبْدٍ مُّسْلِمٍ یَقْضِیْ عَنْ اَخِیْهِ دَیْنَهٗ اِلَّا فَكَّ

بھائی مسلمان اپنے کا نہیں کوئی بندہ مسلمان کہ ادا کرے اپنے بھائی کی طرف سے دین اوسکا مگر کہ خلاص کرے گا

اللّٰهُ رِهَانَهٗ یَوْمَ الْقِیٰمَةِ رَوَاهُ فِیْ شَرْحِ السُّنَّةِ وَعَنْ ثَوْبَانَ قَالَ

اللہ تعالیٰ نفس اسکے کو دن قیامت کے نقل کی یہ شرح السنہ میں۔ اور روایت ہے ثوبان سے کہ کہا

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ مَنْ مَّاتَ وَهُوَ بَرِیْءٌ مِّنَ الْكِبْرِ وَالْغُلُوْلِ وَ

فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے جو شخص کہ مرے اسحال میں کہ وہ پاک ہو تکبر اور خیانت اور

الدَّیْنِ دَخَلَ الْجَنَّةَ رَوَاهُ التِّرْمِذِیُّ وَابْنُ مَاجَةَ وَالدَّارِمِیُّ وَعَنْ

قرض سے داخل ہوگا جنت میں نقل کی یہ ترمذی اور ابن ماجہ اور دارمی نے۔ اور روایت ہے

اَبِیْ مُوْسٰی عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِنَّ اَعْظَمَ الذُّنُوْبِ عِنْدَ اللّٰهِ اَنْ

ابی موسیٰ سے کہ نقل کی نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے فرمایا تحقیق بہت بڑا گناہ ہونگے نزدیک اللہ کے یہ ہے

یَّلْقٰی اللّٰهَ عَبْدٌ بَعْدَ الْكَبَائِرِ الَّتِیْ نَهَی اللّٰهُ عَنْهَا اَنْ یَّمُوْتَ رَجُلٌ وَّعَلَیْهِ

کہ ملے اللہ تعالیٰ سے ساتھ گناہوں کے بندہ پیچھے کبیرہ گناہوں کے کہ منع کیا اللہ تعالیٰ نے اوسسے یہ کہ مرے آدمی اسحال میں کہ اوسپر ہو

دِیْنٌ لَّا یَدَعُ لَهٗ قَضَاءً رَوَاهُ اَحْمَدُ وَاَبُوْدَاوٗدَ وَعَنْ عَمْرِو بْنِ عَوْفٍ

قرض دین کہ نہ چھوڑے مال واسطے اوسکے بقدر ادا کو نقل کی یہ احمد اور ابوداؤد نے۔ اور روایت ہے عمرو بن عوف

الْمُزَنِیِّ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اَلصُّلْحُ جَائِزٌ بَیْنَ الْمُسْلِمِیْنَ اِلَّا صُلْحًا

مزنی سے کہ نقل کی نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا صلح جائز ہے درمیان مسلمانوں کے مگر وہ صلح کہ

حَرَّمَ حَلَالًا اَوْ اَحَلَّ حَرَامًا وَالْمُسْلِمُوْنَ عَلٰی شُرُوْطِهِمْ اِلَّا شَرْطًا حَرَّمَ

حرام کرے حلال کو یا حلال کرے حرام کو اور مسلمان اپنی شرطوں پر ہیں مگر وہ شرط کہ حرام کرے

حَلَالًا اَوْ اَحَلَّ حَرَامًا رَوَاهُ التِّرْمِذِیُّ وَابْنُ مَاجَةَ وَاَبُوْدَاوٗدَ وَ

حلال کو یا حلال کرے حرام کو نقل کی یہ ترمذی اور ابن ماجہ اور ابوداؤد نے اور

انْتَهَتْ رِوَایَتُهٗ عِنْدَ قَوْلِهٖ شُرُوْطِهِمْ اَلْفَصْلُ الثَّالِثُ عَنْ

تمام ہوئی روایت ابوداؤد کی لفظ شروطہم تک فصل تیسری روایت ہے

ف۱ داخل ہوگا یعنی

ف۲ ساتھ مشروط ہونے کے

ف۳ اس حدیث سے معلوم ہوا کہ ترمذی جو

کہتا ہے کہ اس حدیث کا راوی

ضعیف ہے صحیح نہیں ہے اور نہ ہوگی جو

اس سے عارض ہوگی اسکی

ف۴ اگر یہ عارض ہو تو بھی صلح

قرض لینا ۱۲

ف۵ جائز ہونے اس حدیث کا

مطلب یہ ہے کہ خلاف شرع جائز

نہیں صلح جائز ہے اور نہ شرط جائز ہے جس صلح یا جس شرط میں

شرع کی مخالفت ہو وہ صلح اور

شرط باطل ہے

الفصل الثالث

ف۱ یہ حدیث کو ابوداؤد اور ترمذی

اور حاکم اور ابن حبان نے بھی

نکالا لیکن اسکی اسناد میں کثیر

عبداللہ ضعیف ہے اور ترمذی

نے اسکو صحیح کہا لیکن انکا قول

صواب نہیں ہے اور حافظ ابن

حجر نے کہا ہے اور حافظ ابن

اعتماد سے صحیح کہا ہے اسکو ترمذی نے اسکو

طرق بھی ہیں کہ بعضے کو ابوداؤد اور

حاکم نے اور بعضے کو ابوہریرہ سے نکالا اصحاب

نے کہا یہ حدیث ترمذی اور

ف۲ اور حضرت عائشہ سے

اور دارقطنی نے بھی (اوجز)

۱۲

سُوَيْدِ بْنِ قَيْسٍ قَالَ جَلَبْتُ أَنَا وَمَخْرَفَةُ الْعَبْدِيُّ بَزًّا مِنْ هَجَرَ فَأَتَيْنَا

سویدبن قیس سے کہا لایا میں اور مخرفہ عبدی کپڑا بیچنے کے لیے ملک ہجر سے پس آئے ہم

بِهِ مَكَّةَ فَجَاءَنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَمْشِي فَسَاوَمَنَا بِسَرَاوِيلَ فَبِعْنَاهُ

اوسکو مکہ میں پھر آئے ہمارے پاس رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم احمالمین کہ پیادہ پا چلتے تھے پس چکا یا ہمسے پائجامہ پس بیچا

وَثَمَّ رَجُلٌ يَزِنُ بِالْأَجْرِ فَقَالَ لَهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ زِنْ وَأَرْجِحْ

اور اوس جگہ ایک شخص تولتا تھا اجرت پر پس فرمایا اوسکو رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ تول اور جھکتا تول

رَوَاهُ أَحْمَدُ وَأَبُو دَاوُدَ وَالتِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ وَالدَّارِمِيُّ وَقَالَ

نقل کی یہ احمد اور ابوداؤد اور ترمذی اور ابن ماجہ اور دارمی نے اور کہا

التِّرْمِذِيُّ هٰذَا حَدِيثٌ حَسَنٌ صَحِيحٌ وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ كَانَ لِي عَلَى

ترمذی نے یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ اور روایت ہے جابر سے کہا تھا قرض میرا

النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دَيْنٌ فَقَضَانِي وَزَادَنِي رَوَاهُ أَبُو دَاوُدَ وَعَنْ

نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر پس دیا مجکو اور زیادہ دیا مجکو نقل کی یہ ابوداؤد نے۔ اور روایت ہے

عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِي رَبِيعَةَ قَالَ اسْتَقْرَضَ مِنِّي النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَرْبَعِينَ

عبداللہ بن ابی ربیعہ سے کہا قرض لیے مجھسے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے چالیس

أَلْفًا فَجَاءَهُ مَالٌ فَدَفَعَهُ إِلَيَّ وَقَالَ بَارَكَ اللّٰهُ تَعَالَى فِي أَهْلِكَ وَمَالِكَ

ہزار درہم پس آیا حضرت ﷺ کے پاس مال پس پہنچا وہ چالیس ہزار درہم مجکو اور فرمایا برکت دے مجکو اللہ تعالیٰ بیچ اہل تیرے اور مال تیرے

إِنَّمَا جَزَاءُ السَّلَفِ الْحَمْدُ وَالْأَدَاءُ رَوَاهُ النَّسَائِيُّ وَعَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ

نہیں ہے بدلہ قرض کا مگر شکر یہ اور ادا کرنا نقل کی یہ نسائی نے۔ اور روایت ہے عمران بن حصین سے

قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ كَانَ لَهُ عَلَى رَجُلٍ حَقٌّ فَمَنْ أَخَّرَهُ

کہا فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے جو شخص کہ ہو واسطے اوسکے کسی شخص پر حق پس وہ شخص تاخیر کرے اوسکو

كَانَ لَهُ بِكُلِّ يَوْمٍ صَدَقَةٌ رَوَاهُ أَحْمَدُ وَعَنْ سَعِيدِ بْنِ الْأَطْوَلِ

ہوگا واسطے اوسکے بدلے ہر دن کے صدقہ نقل کی یہ احمد نے۔ اور روایت ہے سعد بن اطول سے

قَالَ مَاتَ أَخِي وَتَرَكَ ثَلٰثَمِائَةِ دِينَارٍ وَتَرَكَ وَلَدًا صِغَارًا فَأَرَدْتُ أَنْ

کہا مرا بھائی میرا اور چھوڑ گیا تین سو دینار اور چھوڑ گیا لڑکے چھوٹے پس چاہا میں نے کہ

أُنْفِقُ عَلَيْهِمْ فَقَالَ لِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّ أَخَاكَ مَحْبُوسٌ بِدَيْنِهِ

خرچ کروں میں اوپر پس فرمایا واسطے میرے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ تحقیق بھائی تیرا قید کیا گیا ہے بدلے دین اپنے کے

فَاقْضِ عَنْهُ قَالَ فَذَهَبْتُ فَقَضَيْتُ عَنْهُ ثُمَّ جِئْتُ فَقُلْتُ يَا رَسُولَ

پس ادا کر اوسکی طرف سے کہا سعد نے پس گیا میں اور ادا کیا میں نے قرض اوسکی طرف سے پھر آیا میں اور عرض کیا میں نے کہ یا رسول

اللّٰهِ قَدْ قَضَيْتُ عَنْهُ وَلَمْ تَبْقَ إِلَّا امْرَأَةٌ تَدَّعِي دِينَارَيْنِ وَلَيْسَتْ لَهَا

اللہ تحقیق ادا کیا میں نے اوسکی طرف سے اور نہیں باقی رہی مگر ایک عورت کہ دعوی کرتی ہے دو دینار کا اور نہیں واسطے اوسکے

بَيِّنَةٌ قَالَ أَعْطِهَا فَإِنَّهَا صَادِقَةٌ رَوَاهُ أَحْمَدُ وَعَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ

گواہ فرمایا دے اوسکو اسلیے کہ وہ تحقیق وہ سچی ہے نقل کی یہ احمد نے۔ اور روایت ہے محمد بیٹے عبد اللہ

ابْنِ جَحْشٍ قَالَ كُنَّا جُلُوسًا بِفِنَاءِ الْمَسْجِدِ حَيْثُ يُوضَعُ الْجَنَائِزُ وَرَسُولُ

بیٹے جحش کے سے کہا تھے ہم بیٹھے ہوئے پہلو صحن مسجد کے اوسجگہ کہ رکھی جاتی تھیں جنازے اور رسول

اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جَالِسٌ بَيْنَ ظَهْرَانَيْنَا فَرَفَعَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَصَرَهُ

خدا صلے اللہ علیہ وسلم بیٹھے ہوئے درمیان ہمارے پس اٹھائی رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے نظر اپنی

قِبَلَ السَّمَاءِ فَنَظَرَ ثُمَّ طَأْطَأَ بَصَرَهُ وَوَضَعَ يَدَهُ عَلَى جَبْهَتِهِ قَالَ سُبْحَانَ

طرف آسمان کے پس دیکھا پھر جھکائی نظر اپنی اور رکھا ہاتھ اپنا اوپر پیشانی اپنی کے کہا سبحان

اللّٰهِ سُبْحَانَ اللّٰهِ مَاذَا أُنْزِلَ مِنَ التَّشْدِيدِ قَالَ فَسَكَتْنَا يَوْمَنَا وَلَيْلَتَنَا

اللہ سبحان اللہ کسقدر اوتری سختی کہا راوی نے پس چپ رہے ہم اوسدن اور رات

فَلَمْ نَرَ إِلَّا خَيْرًا حَتَّى أَصْبَحْنَا قَالَ مُحَمَّدٌ فَسَأَلْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

پس نہ دیکھی ہم نے مگر بھلائی یہاں تک کہ صبح کی ہم نے کہا محمد نے پس پوچھا ہم نے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم سے

مَا التَّشْدِيدُ الَّذِي نَزَلَ قَالَ فِي الدَّيْنِ وَالَّذِي نَفْسُ مُحَمَّدٍ بِيَدِهِ

کیا سختی ہے جو کہ اوتری فرمایا بیچ مقدمہ دین کے سختی اوتری ہے قسم ہے اوسذات کی کہ جان محمد کی ہے ہاتھ

لَوْ أَنَّ رَجُلًا قُتِلَ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ ثُمَّ عَاشَ ثُمَّ قُتِلَ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ ثُمَّ

اگر کوئی شخص مارا جاوے اللہ کی راہ میں پھر زندہ ہو پھر مارا جاوے اللہ کی راہ میں پھر

عَاشَ ثُمَّ قُتِلَ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ ثُمَّ عَاشَ وَعَلَيْهِ دَيْنٌ مَا دَخَلَ الْجَنَّةَ حَتَّى

زندہ ہو پھر مارا جاوے اللہ کی راہ میں پھر زندہ ہو اور اوسپر ہو دین نہیں داخل ہوگا بہشت میں یہاں تک

يَقْضِي دَيْنَهُ رَوَاهُ أَحْمَدُ وَفِي شَرْحِ السُّنَّةِ نَحْوُهُ بَابُ الشَّرِكَةِ

کرادا کیا جاکے دین اوسکا نقل کی یہ احمد نے اور شرح السنہ مین مانند اسکے ہے۔ باب ہے یہ بیان شرکت

وَالْوَكَالَةِ الْفَصْلُ الْأَوَّلُ عَنْ زُهْرَةَ بْنِ مَعْبَدٍ أَنَّهُ كَانَ

اور وکالت کے فصل پہلی روایت ہے زہرہ بن معبد سے یہ کہ وہ تھے

يَخْرُجُ بِهِ جَدُّهُ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ هِشَامٍ إِلَى السُّوقِ فَيَشْتَرِي الطَّعَامَ فَيَلْقَاهُ

لیجاتے اونکو دادا اونکے عبد اللہ بن ہشام طرف بازار کے پس خریدے وہ طعام پس ملتے اوسکو

ابْنُ عُمَرَ وَابْنُ الزُّبَيْرِ فَيَقُولَانِ لَهُ أَشْرِكْنَا فَإِنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدْ

ابن عمر اور ابن زبیر پس کہتے وہ دونو اونکو کہ شریک کر لے ہمکو اسلیے کہ تحقیق نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے

دَعَا لَكَ بِالْبَرَكَةِ فَيُشْرِكُهُمْ فَرُبَّمَا أَصَابَ الرَّاحِلَةَ كَمَا هِيَ فَيَبْعَثُ بِهَا

دعا کی ہے واسطے تیرے ساتھ برکت کے پس شریک کرتے دادا میرے اونکو پس اکثر پاتے دادا میرے فائدہ کہ مقدار بیس جہاز اونٹ کے بھیجے

إِلَى الْمَنْزِلِ وَكَانَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ هِشَامٍ ذَهَبَتْ بِهِ أُمُّهُ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ

طرف مکان اپنے کے اور تھی عبد اللہ بن ہشام کہ لے گئی تھی اسکو اونکی ماں اونکو طرف پیغمبر خدا صلے اللہ

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَمَسَحَ رَأْسَهُ وَدَعَا لَهُ بِالْبَرَكَةِ رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ

علیہ وسلم کے پس ہاتھ پھیرا سر پر اوسکے اور دعا کی واسطے اوسکے ساتھ برکت کے نقل کی یہ بخاری نے۔ اور روایت ہے ابوہریرہ سے

قَالَ قَالَتِ الْأَنْصَارُ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اقْسِمْ بَيْنَنَا وَبَيْنَ إِخْوَانِنَا

کہا کہا انصار نے واسطے نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے کہ تقسیم کرو درمیان ہمارے اور درمیان بھائیون ہمارے کہ

النَّخِيلَ قَالَ لَا تَكْفُونَنَا الْمُؤْنَةَ وَنُشْرِكُكُمْ فِي الثَّمَرَةِ قَالُوا سَمِعْنَا وَ

درخت کھجور کے فرمایا نہین تقسیم کرتا ہین تم کفایت کرو تم ہمسے محنت کو اور شریک ہونگے ہم تمہارے میوے مین کہا انصار نے

أَطَعْنَا رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ وَعَنْ عُرْوَةَ بْنِ أَبِي الْجَعْدِ الْبَارِقِيِّ أَنَّ رَسُولَ

مانا ہمنے نقل کی یہ بخاری نے۔ اور روایت ہے عروہ بن ابی الجعد بارقی سے یہ کہ رسول

اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَعْطَاهُ دِينَارًا لِيَشْتَرِيَ لَهُ شَاةً فَاشْتَرَى لَهُ شَاتَيْنِ

خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے دیا اوسکو ایک دینار تاکہ خریدے واسطے اونکے ایک بکری پس خریدین اوسنے واسطے حضرت کے

فَبَاعَ إِحْدَاهُمَا بِدِينَارٍ وَأَتَاهُ بِشَاةٍ وَدِينَارٍ فَدَعَا لَهُ رَسُولُ اللّٰهِ

پھر بیچی ایک اونمین سے ایک دینار کو اور لائے حضرت کے پاس ایک بکری اور ایک دینار پس دعا کی واسطے عروہ کے رسول خدا

صلی اللہ علیہ وسلم یا البرکۃ کان لو اشتری ترابا لربح فیہ رواہ البخاری

الفصل الثانی عن ابی ہریرۃ قال ان اللہ عز وجل یقول

انا ثالث الشریکین ما لم یخن احدہما صاحبہ فاذا خانہ خرجت من بینہما رواہ ابو داود

بینہما ارواہ ابو داود وزاد رزین وجاء الشیطان وعنہ عن

انہ صلی اللہ علیہ وسلم قال اد الامانۃ الی من ائتمنک ولا تخن من خانک رواہ ابو داود والترمذی

وعن جابر قال اردت الخروج الی خیبر فاتیت النبی صلی اللہ علیہ وسلم فسلمت علیہ وقلت انی اردت الخروج

الی خیبر فقال اذا اتیت وکیلی فخذ منہ خمسۃ عشر وسقا ان ابتغی منک

آیۃ فضعہا علی ترقوتہ رواہ ابو داود الفصل الثالث

عن صہیب قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ثلاث فیہن البرکۃ البیع

الی اجل والمقارضۃ وخلط البر بالشعیر للبیت لا للبیع رواہ ابن ماجۃ

وعن حکیم بن حزام ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بعثہ

ترجمہ: اور ابن ماجہ نے۔ اور روایت ہے حکیم بن حزام سے کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے بھیجا

ترجمہ: اور ابو داؤد نے۔ اور روایت ہے جابر سے کہ میں نے ارادہ کیا خیبر جانے کا

ترجمہ: اور ابو داؤد نے۔ اور روایت ہے ابو ہریرہ سے کہ اللہ عزوجل فرماتا ہے

ترجمہ: فصل تیسری۔ روایت ہے صہیب سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے تین چیزیں ہیں کہ ان میں برکت ہے

ترجمہ: فصل دوسری۔ روایت ہے ابو ہریرہ سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے

ترجمہ: فصل تیسری۔ روایت ہے ابو ہریرہ سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے

مَعَهٗ بِدِیْنَارٍ لِیَشْتَرِیَ لَهٗ بِهٖ اُضْحِیَّةً فَاشْتَرٰی لَهٗ کَبْشًا بِدِیْنَارٍ وَبَاعَهٗ

ساتھ اوسکے ایک دینار تاکہ خریدی واسطے حضرت ہمکے ساتھ اوس دینار کے قربانی پس خریدا حکیم نے ایک مینڈھا دینار کو اور بیچا وہ

بِدِیْنَارَیْنِ فَجَآءَ فَاشْتَرٰی اُضْحِیَّةً بِدِیْنَارٍ فَجَآءَ بِهَا وَبِالدِّیْنَارِ الَّذِیْ

دو دینار کو پس پھرا پس خریدی قربانی ایک دینار کو پھر لایا اوسکو اور دینار کو

اِسْتَفْضَلَ مِنَ الْاُخْرٰی فَتَصَدَّقَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ بِالدِّیْنَارِ فَدَعَا

کہ بچ رہا دوسری سے پس صدقہ دیا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے دینار اور دعا کی

لَهٗ اَنْ یُّبَارَكَ لَهٗ فِیْ تِجَارَتِهٖ رَوَاهُ التِّرْمِذِیُّ وَاَبُوْدَاوٗدَ وَبَابُ الْغَصْبِ وَ

واسطے حکیم کے یہ کہ برکت دیجاوے واسطے اوسکے بیچ سوداگری اوسکی نقل کی یہ ترمذی اور ابوداؤد نے۔ باب غصب بیچ بیان

الْعَارِیَةِ اَلْفَصْلُ الْاَوَّلُ عَنْ سَعِیْدِ بْنِ زَیْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ

عاریت کے فصل پہلی روایت ہے سعید بن زید سے کہ کہا فرمایا رسول

اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ مَنْ اَخَذَ شِبْرًا مِّنَ الْاَرْضِ ظُلْمًا فَاِنَّهٗ یُطَوَّقُهٗ یَوْمَ الْقِیٰمَةِ

خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے جو شخص کہ لے بالشت بھر زمین سے از راہ ظلم کے پس تحقیق وہ زمین سے بطور طوق کے پہنائی جاویگی

مِنْ سَبْعِ اَرَضِیْنَ مُتَّفَقٌ عَلَیْهِ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی

ساتوں زمینوں میں سے نقل کی یہ بخاری اور مسلم نے۔ اور روایت ہے ابن عمر سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلے اللہ

عَلَیْهِ وَسَلَّمَ لَا یَحِلُّ لِاَحَدٍ مَّاشِیَةَ امْرِئٍ بِغَیْرِ اِذْنِهٖ اَیُحِبُّ اَحَدُكُمْ اَنْ یُّؤْتٰی

علیہ وسلم نے نہ درست ہو کسی شخص کو مویشی کسی شخص کے بغیر اذن اوسکے کیا دوست رکھتا ہے کوئی

مَشْرُبَتُهٗ فَتُكْسَرَ خِزَانَتُهٗ فَیُنْتَقَلَ طَعَامُهٗ وَاِنَّمَا یَخْزُنُ لَهُمْ ضُرُوْعُ

خزانہ اوسکے پس توڑا جاوے خزانہ اوسکا اور اوٹھا لیا جاوے غلہ اوسکا اور سوائے اسکی نہیں کہ تہ حفاظت کرتے ہیں واسطے

مَوَاشِیْهِمْ اَطْعِمَاتِهِمْ رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ كَانَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ

مواشی اوسکے طعاموں اوسکی نقل کی یہ مسلم نے۔ اور روایت ہے انس سے کہ کہا تھے نبی صلے اللہ

عَلَیْهِ وَسَلَّمَ عِنْدَ بَعْضِ نِسَآئِهٖ فَاَرْسَلَتْ اِحْدٰی اُمَّهَاتِ الْمُؤْمِنِیْنَ بِصَحْفَةٍ

علیہ وسلم نزد ایک بعضی بیبیوں اپنی کے پس بھیجی ایک

بیبیوں میں سے رکابی

فِیْهَا طَعَامٌ فَضَرَبَتِ الَّتِیْ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فِیْ بَیْتِهَا یَدَ الْخَادِمِ فَسَقَطَتِ

کہ اسمیں تھا کھانا پس مارا ان بی بی نے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم تھے اونکے گھر میں خادم کے ہاتھ کو پس گری

الصحفة فانفلقت فجمع النبی صلی اللہ علیہ وسلم فلق الصحفة ثم جعل یجمع

رکابی اور ٹوٹ گئی پس جمع کیے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ٹکڑے رکابی کے پھر اکٹھا کیا

فیها الطعام الذی کان فی الصحفة ویقول غارت امکم ثم حبس

کھانا جو تھا رکابی میں اور فرمایا کہ ماں تمہاری نے پھر ٹھیرا رکھا

الخادم حتی اتی بصحفة من عند التی هو فی بیتها فدفع الصحفة الصحیحة

خادم کو یہانتک کہ لائی گئی رکابی اوس بی بی کے پاس سے کہ حضرت ہ اوسکے گھر میں تھے پس بھیجی رکابی ثابت

الی التی کسرت صحفتها وامسک المکسورة فی بیت التی کسرت رواه

طرف اوس بی بی کے کہ توڑی گئی تھی رکابی اوسکی اور رکھ لی ٹوٹی ہوئی رکابی اونکے گھر میں کہ توڑی تھی جنہوں نے نقل کیا یہ

البخاری وعن عبد الله بن یزید عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم انه نهی عن

بخاری نے ۔ اور روایت ہے عبد اللہ بن یزید سے کہ نقل کیا نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے یہ کہ منع کیا آپنے

النهبة والمثلة رواه البخاری وعن جابر قال انکسفت الشمس

لوٹنے سے اور مثلہ کرنے سے نقل کی یہ بخاری نے ۔ اور روایت ہے جابر سے کہ کہا گہنا سورج

فی عهد رسول الله صلی اللہ علیہ وسلم یوم مات ابراهیم بن رسول الله

بیچ زمانے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے جسدن کہ مرے ابراہیم بیٹے رسول خدا

صلی اللہ علیہ وسلم فصلی بالناس ست رکعات باربع سجدات فانصرف

صلی اللہ علیہ وسلم نے پس نماز پڑہائی حضرت نے لوگون کو سات چہ رکوع ساتہ چار سجدون کے پھر پھرے نماز سے

وقد اضت الشمس وقال ما من شیء توعدونه الا قد رأیته فی

اسحال مین کہ چمک گیا آفتاب جیسا کہ تہا اور فرمایا نہین کوئی چیز کہ وعدہ دیے جاتے ہو تم اوسکا مگر کہ تحقیق دیکہی مینے وہ بیچ

صلوتی هذه لقد جئ بالنار وذلک حین رأیتمونی تأخرت مخافة

اس نماز اپنی کے البتہ تحقیق لائی گئی دوزخ اور یہ اوسوقت تہا کہ دیکہا تمنے مجکو پیچھے ہٹتے اوس ڈر سے

ان یصیبنی من لفحها وحتی رأیت فیها صاحب المحجن یجر قصبه فی النار

کہ پہونچی مجکو گرمی اوسکی اور یہانتک کہ دیکہا مینے اوسمین کجدار سر یکی لاٹھی کو یا کہ وہ کھینچتا ہو انتڑیان

وکان یسرق الحاج بمحجنه فان فطن له قال انما تعلق بمحجنی وان

اور تہا وہ چراتا حاجیون کی چیزین ساتہ لاٹھی کجدار اپنی کے پس اگر جانا جاتا ساتہ اوسکے کہتا کہ اٹک آئی تہی میری لاٹھی مین اور اگر

عقل عنه ذهب به وحتی رأیت فیها صاحبة الهرة التی ربطتها
نہ جانا جاتا تھا اوسکے لیجاتا اور بچیر کر اور یہاں تک کہ دیکھا میںنے دوزخ مین ایک عورت بلی والیکو کہ باندہ رکھا تھا اوسنے بلی کو
فلم تطعمها ولم تدعها تأكل من خشاش الأرض حتی ماتت جوعا فقال
پس نہ کھلاتی تھی اوسکو کچھ اور نہ چھوڑتی تھی اوسکو کہ کھاوے حشرات الارض سے یہان تک کہ مرگئی ماری بھوک کی پھر
جئ بالجنة وذلك حين رأيتموني تقدمت حتی قمت في مقامي ولقد
لائی گئی بہشت اور یہہ اوسوقت تھا کہ دیکھا تمنے مجکو کہ آگے بڑھا یہانتک کہ کھڑا ہوا مین اپنی جگہہ کھڑی ہونیکی مین
مدت يدي وأنا أريد أن أتناول من ثمرتها لتنظروا إليه ثم
دراز کیا میںنے اپنا ہاتھہ اپنا حال آنکہ ارادہ رکھتا تھا مین یہ کہ لونمین میوہ اوسکے سے تاکہ دیکھو تم طرف اوسکی پھر
بدا لي أن لا أفعل رواه مسلم وعن قتادة قال سمعت أنسا يقول
عقل مین آیا میرے یہ کہ نہ کرونمین نقل کی یہ مسلم نے۔ اور روایت ہے قتادہ سے کہ کہا سنا میںنے انس سے کہ کہتے
كان فزع بالمدينة فاستعار النبي صلى الله عليه وسلم فرسا من أبي طلحة
تھے مدینہ مین گھبراہٹ تھی پس عاریۃً مانگا نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے گھوڑا ابو طلحہ سے
يقال له المندوب فركب فلما رجع قال ما رأينا من شئ وإن وجدناه
کہا جاتا تھا اوس گھوڑے کو مندوب پس سوار ہوا وہ حضرت ۴ اور نکلی مدینہ سے تحقیق خبر کوئی پس جبکہ پھرے فرمایا نہین دیکھی ہم
لبحرا متفق عليه الفصل الثاني عن سعيد بن زيد عن النبي صلى
کشادہ قدم متفق علیہ۔ فصل دوسری روایت ہے سعید بن زید سے کہ نقل کی نبی صلے اللہ
عليه وسلم أنه قال من أحيى أرضا ميتة فهي له وليس لعرق ظالم حق
علیہ وسلم سے یہ کہ فرمایا جو شخص کہ زندہ کرے زمین مردہ کو پس وہ واسطے اوسکے ہے اور نہین واسطے رگ ظالم کے حق
رواه أحمد والترمذي وأبو داود ورواه مالك عن عروة مرسلا
نقل کی یہ احمد اور ترمذی اور ابو داؤد نے اور روایت کی مالک نے عروہ سے بطریق ارسال کے
وقال الترمذي هذا حديث حسن غريب وعن أبي حرة الرقاشي
اور کہا ترمذی نے یہ حدیث حسن غریب ہے۔ اور روایت ہے ابی حرہ رقاشی سے
عن عمه قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم ألا لا تظلموا ألا لا يحل
کہ نقل کی اپنے چچا سے کہا فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے خبردار رہو نہ ظلم کرو۔ خبردار رہو نہین حلال

مَالُ امْرِءٍ اِلَّا بِطِيْبِ نَفْسٍ مِّنْهُ رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ فِيْ شُعَبِ الْاِيْمَانِ وَ

مال کسی شخص کا مگر ساتھ خوشی اوسکی کے نقل کیا یہ بیہقی نے شعب الایمان میں اور

الدَّارَقُطْنِيُّ فِي الْمُجْتَبٰى وَعَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهٗ

دارقطنی نے مجتبیٰ میں۔ اور روایت ہے عمران بن حصین سے کہ نقل کی نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے یہ کہ

قَالَ لَا جَلَبَ وَلَا جَنَبَ وَلَا شِغَارَ فِي الْاِسْلَامِ وَمَنِ انْتُهِبَ نُهْبَةً فَلَيْسَ

کہا اسنے نہیں ہے جلب اور نہ جنب اور نہیں ہے شغار اسلام میں اور جو شخص کہ لوٹے لوٹنا پس نہیں ہے

مِنَّا رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَعَنِ السَّائِبِ بْنِ يَزِيْدَ عَنْ اَبِيْهِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

ہم میں سے نقل کی یہ ترمذی نے۔ اور روایت ہے سائب بن یزید سے کہ نقل کی اپنے باپ سے اوسنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے

قَالَ لَا يَاْخُذْ اَحَدُكُمْ عَصَا اَخِيْهِ لَاعِبًا جَادًّا فَمَنْ اَخَذَ عَصَا اَخِيْهِ

فرمایا کہ نہ لیوے ایک تمہارا لاٹھی اپنے بھائی کی ہنسی کھیلتے ہوئے قصد کرنیوالا پس جو شخص کہ لیوے لاٹھی اپنے بھائی کی

فَلْيَرُدَّهَا اِلَيْهِ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَاَبُوْدَاوٗدَ وَرِوَايَتُهٗ اِلٰى قَوْلِهٖ جَادًّا

پس چاہیے کہ پھیر دیوے اوسکو طرف اوسکی نقل کی یہ ترمذی نے اور روایت ابوداؤد کی لفظ جاداً تک ہے

وَعَنْ سَمُرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ وَجَدَ عَيْنَ مَالِهٖ عِنْدَ رَجُلٍ

اور روایت ہے سمرہ سے کہ نقل کی نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے فرمایا جو شخص کہ پاوے بعینہٖ اپنا مال نزد ایک کسیکے

فَهُوَ اَحَقُّ بِهٖ وَيَتْبَعُ الْبَيْعَ مَنْ بَاعَهٗ رَوَاهُ اَحْمَدُ وَاَبُوْدَاوٗدَ وَالنَّسَائِيُّ

پس وہ سزاوار ہے ساتھ اوسکے اور پیچھا کرے بیچنیوالا اوس شخص کا کہ بیچا ہے اوسکو نقل کی یہ احمد اور ابوداؤد اور نسائی نے

وَعَنْهُ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ قَالَ عَلٰى لَيِدِ مَا اَخَذَتْ حَتّٰى تُؤَدِّيَ

اور روایت ہے سمرہ سے کہ نقل کی نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا اوپر ہاتھ کے ہے وہ چیز کہ لے یہانتک کہ ادا کرے

رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَاَبُوْدَاوٗدَ وَابْنُ مَاجَةَ وَعَنْ حَرَامِ بْنِ سَعْدِ بْنِ

نقل کی یہ ترمذی اور ابوداؤد اور ابن ماجہ نے۔ اور روایت ہے حرام بیٹے سعد بیٹے

مُحَيِّصَةَ اَنَّ نَاقَةً لِلْبَرَاءِ بْنِ عَازِبٍ دَخَلَتْ حَائِطًا فَاَفْسَدَتْ فَقَضٰى

محیصہ کے سے یہ کہ اونٹنی براء بن عازب کی گھس گئی ایک باغ میں اور خراب کیا پس حکم دیا

رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّ عَلٰى اَهْلِ الْحَوَائِطِ حِفْظَهَا بِالنَّهَارِ وَاَنَّ مَا

پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ کہ باغ والوں پر ہے نگہبانی باغوں کی دنکو اور تحقیق وہ باغ کہ

أَفْسَدَتِ الْمَوَاشِي بِاللَّيْلِ ضَامِنٌ عَلَى أَهْلِهَا رَوَاهُ مَالِكٌ وَأَبُو دَاوُدَ

خراب کر جاوے مواشی رات کو ضامن ہے بدلا دینا آتا ہے مواشی کے مالک پر نقل کی یہ مالک اور ابو داؤد

صلے اللہ علیہ وسلم نے کیا پس اندھی ہو تم دونو کیا نہیں دیکھتیں تم دونو نقل کی یہ احمد اور ترمذی اور

أَبُو دَاوُدَ وَعَنْ بَهْزِ بْنِ حَكِيمٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ جَدِّهِ قَالَ قَالَ رَسُولُ

ابوداؤد نے۔ اور روایت ہے بہز بن حکیم سے کہ نقل کی اپنے باپ سے اور حکیم نے نقل کی اپنے دادا سے کہ کہا اوسنے کہ فرمایا رسول

اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ احْفَظْ عَوْرَتَكَ إِلَّا مِنْ زَوْجَتِكَ أَوْ مَا مَلَكَتْ يَمِينُكَ

خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے ڈھانک تو ستر اپنے کو مگر اپنی بیوی سے یا لونڈی سے

قُلْتُ يَا رَسُولَ اللّٰهِ أَفَرَأَيْتَ إِذَا كَانَ الرَّجُلُ خَالِيًا قَالَ فَاللّٰهُ أَحَقُّ أَنْ

کہا میں نے یا رسول اللہ خبر دو مجھکو جسوقت کہ ہو آدمی تنہا پس فرمایا اللہ تم لائق تر ہے کہ

يُسْتَحْيَى مِنْهُ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَأَبُو دَاوُدَ وَابْنُ مَاجَةَ وَعَنْ عُمَرَ عَنِ

سلہ شرم کیجاوے اوس سے نقل کی یہ ترمذی اور ابو داؤد اور ابن ماجہ نے۔ اور روایت ہے عمر سے کہ نقل کی

النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا يَخْلُوَنَّ رَجُلٌ بِامْرَأَةٍ إِلَّا كَانَ ثَالِثَهُمَا الشَّيْطَانُ رَوَاهُ

نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے فرمایا کہ نہیں خلوت میں جمع ہوتا کوئی مرد ساتھ عورت اجنبیہ کے مگر ہوتا ہے تیسرا اوسکا شیطان نقل کیا یہ

التِّرْمِذِيُّ وَعَنْ جَابِرٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا تَلِجُوا عَلَى الْمُغِيبَاتِ

ترمذی نے۔ اور روایت ہے جابر سے کہ نقل کی نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے فرمایا نہ داخل ہو تم اون عورتوں پر کہ اونکے خاوند

فَإِنَّ الشَّيْطَانَ يَجْرِي مِنْ أَحَدِكُمْ مَجْرَى الدَّمِ قُلْنَا وَمِنْكَ يَا رَسُولَ

اسلیے کہ شیطان سلہ جاری ہوتا ہے بیچ ایک تمہارے کے جگہ جاری ہونے خون کے کہا ہمنے اور آپ میں بھی جاری ہوتا ہے اے رسول

اللّٰهِ قَالَ وَمِنِّي وَلٰكِنَّ اللّٰهَ أَعَانَنِي عَلَيْهِ فَأَسْلَمَ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَ

فرمایا اور مجھ میں بھی جاری ہوتا ہے ولیکن اللہ نے مدد کی ہے میری شیطان پر پس سلامت رہتا ہوں نقل کی یہ ترمذی نے۔ اور

عَنْ أَنَسٍ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَتَى فَاطِمَةَ بِعَبْدٍ قَدْ وَهَبَتْهُ لَهَا وَعَلَى

روایت ہے انس سے یہ کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم آئے حضرت فاطمہ کے پاس آج العین کہ اونکے پاس غلام تھا کہ بخشا تھا غلام حضرت

فَاطِمَةَ ثَوْبٌ إِذَا قَنَّعَتْ بِهِ رَأْسَهَا لَمْ يَبْلُغْ رِجْلَيْهَا وَإِذَا غَطَّتْ بِهِ رِجْلَيْهَا

اور حضرت فاطمہ پر کپڑا تھا جو وقت کہ ڈھانکتیں اوس سے سر اپنا تو نہ پہنچتا اونکے پاؤں تک اور جو وقت کہ ڈھانکتیں ساتھ اوسکے پاؤں اپنے

لَمْ يَبْلُغْ رَأْسَهَا فَلَمَّا رَأَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا تَلْقَى قَالَ إِنَّهُ لَيْسَ عَلَيْكِ

نہ پہنچتا اونکے سر تک پس جب دیکھا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے اوس مشقت کو کہ پاتی ہیں فاطمہ فرمایا تحقیق نہیں ہے تجھ پر

بَأْسٌ إِنَّمَا هُوَ أَبُوكِ وَغُلَامُكِ رَوَاهُ أَبُو دَاوُدَ الْفَصْلُ الثَّالِثُ

مضائقہ سوائے اسکے نہیں کہ وہ باپ تیرا ہے سلہ اور غلام تیرا نقل کی یہ ابو داؤد نے۔ فصل تیسری

عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ عِنْدَهَا وَفِي الْبَيْتِ مُخَنَّثٌ وَ

روایت ہے ام سلمہ سے یہ کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم تھے اونکے پاس اور گھر میں ایک مخنث تھا

فَقَالَ لِعَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِي أُمَيَّةَ أَخِي أُمِّ سَلَمَةَ يَا عَبْدَ اللّٰهِ إِنْ فَتَحَ اللّٰهُ

پس کہا اوس نے واسطے عبد اللہ بن ابی امیہ کے کہ بھائی تھا ام سلمہ کا اے عبد اللہ اگر فتح کیا اللہ نے

لَكُمْ غَدًا الطَّائِفَ فَإِنِّي أَدُلُّكَ عَلَى بِنْتِ غَيْلَانَ فَإِنَّهَا تُقْبِلُ بِأَرْبَعٍ

واسطے تمہارے کل کو طائف پس تحقیق میں بتلاؤنگا تجھکو غیلان کی بیٹی کو پس تحقیق وہ سلہ آتی ہے ساتھ چار کے

وَتُدْبِرِ بِثَمَانٍ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَدْخُلَنَّ هٰؤُلَاءِ عَلَيْكُمْ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ

اور جاتی ہو ساتھ آٹھ کے پس فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ نہ داخل ہوا کریں تمہپر یہ مخنث نقل کی یہ بخاری اور مسلم نے۔

وَعَنِ الْمِسْوَرِ بْنِ مَخْرَمَةَ قَالَ حَمَلْتُ حَجَرًا ثَقِيلًا فَبَيْنَا أَنَا أَمْشِي سَقَطَ

اور روایت ہو مسور بن مخرمہ سے کہ کہا اوٹھایا میںنے ایک پتھر بھاری پتھر پس اوسوقت میں جلتا تہا گرا میری

عَنِّي ثَوْبِي فَلَمْ أَسْتَطِعْ أَخْذَهُ فَرَآنِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ لِي خُذْ

بدن سے کپڑا میرا پس نہ پکڑ سکا میں اوسکو پس دیکھا مجکو رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے پس فرمایا مجکو لے

عَلَيْكَ ثَوْبَكَ وَلَا تَمْشُوا عُرَاةً رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ مَا نَظَرْتُ

اپنے اوپر کپڑا اپنا اور نہ چلا کرو تم ننگے نقل کی یہ مسلم نے۔ اور روایت ہو عائشہ سے کہ کہا نہیں نظر کی میںنے

أَوْ مَا رَأَيْتُ فَرْجَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَطُّ رَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ وَعَنْ أَبِي أُمَامَةَ

یا کہا نہیں دیکھا میںنے ستر رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کا کبھی نقل کی یہ ابن ماجہ نے۔ اور روایت ہو ابی امامہ سے

عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَا مِنْ مُسْلِمٍ يَنْظُرُ إِلَى مَحَاسِنِ امْرَأَةٍ أَوَّلَ مَرَّةٍ ثُمَّ

کہ نقل کی نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا نہیں کوئی مسلمان کہ نظر جا پڑے اوسکی طرف حسن ایک عورت کے پہلی بار پھر

يَغُضُّ بَصَرَهُ إِلَّا أَحْدَثَ اللّٰهُ لَهُ عِبَادَةً يَجِدُ حَلَاوَتَهَا رَوَاهُ أَحْمَدُ

پھیر لے اوس سے نگاہ اپنی مگر کہ پیدا کریگا اللہ تعالیٰ واسطے اوسکے ایک عبادت کہ پاویگا مزا اوسکا نقل کی یہ احمد نے

وَعَنِ الْحَسَنِ مُرْسَلًا قَالَ بَلَغَنِي أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَعَنَ اللّٰهُ

اور روایت ہو حسن بصری سے بطریق ارسال کے کہ کہا پہنچی مجکو یہ حدیث کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ لعنت کرے اللہ

النَّاظِرَ وَالْمَنْظُورَ إِلَيْهِ رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ فِي شُعَبِ الْإِيمَانِ بَابُ الْوَلِيِّ

دیکھنے والے کو اور اوسکو کہ دیکھا گیا طرف اوسکی نقل کی یہ بیہقی نے شعب الایمان میں۔ باب ہے ولی کا

فِي النِّكَاحِ وَاسْتِئْذَانِ الْمَرْأَةِ الْفَصْلُ الْأَوَّلُ عَنْ

نکاح میں ۔ث اور پیروانگی مانگنے عورت کا فصل پہلی روایت ہو

أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تُنْكَحُ الْأَيِّمُ حَتَّى تُسْتَأْمَرَ وَ

ابی ہریرہ سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے نہ نکاح کیجاوے عورت بیوہ یہانتک کہ طلب کیا جاوے امر اوسکا اور

لَا تُنْكَحُ الْبِكْرُ حَتَّى تُسْتَأْذَنَ قَالُوا يَا رَسُولَ اللّٰهِ وَكَيْفَ إِذْنُهَا قَالَ أَنْ

نہ نکاح کیجاوے عورت کواری یہانتک کہ طلب اذن کیجاوے کہا صحابہ نے یا رسول اللہ کس طرح ہو اذن اوسکا فرمایا یہ کہ

تَسْكُتُ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اَلْاَيِّمُ

پہلی سے نکل کی یہ بخاری اور مسلم نے۔ اور روایت ہے ابن عباس سے یہ کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا عورت بیوہ

اَحَقُّ بِنَفْسِهَا مِنْ وَلِيِّهَا وَالْبِكْرُ تُسْتَاْذَنُ فِيْ نَفْسِهَا وَاِذْنُهَا صُمَاتُهَا

لائق تر ہے ساتھ نفس اپنے کے اپنے ولی سے اور لڑکی کواری طلب اذن کیجاوے بیچ ذات اپنی کے اور اذن اسکا چپ رہنا ہو

وَفِيْ رِوَايَةٍ قَالَ الثَّيِّبُ اَحَقُّ بِنَفْسِهَا مِنْ وَلِيِّهَا وَالْبِكْرُ تُسْتَاْمَرُ وَاِذْنُهَا

اور ایک روایت میں ہے فرمایا عورت بیوہ لائق تر ہے ساتھ نفس اپنے کے ولی اپنے سے اور لڑکی کواری طلب اذن کیجاوے اور اذن

سُكُوْتُهَا وَفِيْ رِوَايَةٍ قَالَ الثَّيِّبُ اَحَقُّ بِنَفْسِهَا مِنْ وَلِيِّهَا وَالْبِكْرُ تُسْتَاْذَنُ

چپ رہنا اسکا ہو اور ایک روایت میں یوں ہے کہ فرمایا عورت بیوہ لائق تر ہے ساتھ نفس اپنے کے ولی اپنے سے اور عورت کواری سے

اَبُوْهَا فِيْ نَفْسِهَا وَاِذْنُهَا صُمَاتُهَا رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَعَنْ خَنْسَاءَ بِنْتِ خِذَامٍ

باپ اسکا بیچ نکاح کرنے اسکے اور اذن اسکا چپ رہنا اسکا ہو نقل کی یہ مسلم نے۔ اور روایت ہے خنساء بنت خذام کی سے

اَنَّ اَبَاهَا زَوَّجَهَا وَهِيَ ثَيِّبٌ فَكَرِهَتْ ذٰلِكَ فَاَتَتْ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

یہ کہ باپ اسکے نے نکاح کر دیا اسکا بحالیکہ وہ بیوہ تھی پس مکروہ جانا اوسنے اوس عقد کو پھر آئی رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس

فَرَدَّ نِكَاحَهُ رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ وَفِيْ رِوَايَةِ ابْنِ مَاجَةَ نِكَاحُ اَبِيْهَا وَعَنْ

پس پھیر دیا اسکے نکاح اسکا نقل کی یہ بخاری نے اور بیچ روایت ابن ماجہ کے یوں ہے کہ رد کیا نکاح کیا ہوا باپ اسکے کا سے اور روایت

عَائِشَةَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَزَوَّجَهَا وَهِيَ بِنْتُ سَبْعِ سِنِيْنَ وَزُفَّتْ اِلَيْهِ

عائشہ رضہ سے یہ کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے نکاح کیا اوسسے بحالیکہ وہ سات برس کی تھیں اور بھیجی گئیں وہ حضرت کے

وَهِيَ بِنْتُ تِسْعِ سِنِيْنَ وَلُعَبُهَا مَعَهَا وَمَاتَ عَنْهَا وَهِيَ بِنْتُ ثَمَانِيْ عَشْرَةَ

پاس بحالیکہ وہ نو برس کی تھیں اور کھیلنے کے ساتھ اوسکے تھے اور وفات ہوئی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی بحالیکہ عائشہ رضہ

رَوَاهُ مُسْلِمٌ اَلْفَصْلُ الثَّانِيْ عَنْ اَبِيْ مُوْسٰى عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

نقل کی یہ مسلم نے۔ فصل دوسری روایت ہے ابو موسی سے کہ نقل کی نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے

قَالَ لَا نِكَاحَ اِلَّا بِوَلِيٍّ رَوَاهُ اَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِيُّ وَاَبُوْ دَاوٗدَ وَابْنُ مَاجَةَ

فرمایا کہ نہیں نکاح بغیر ولی کے نقل کی یہ احمد اور ترمذی اور ابو داؤد اور ابن ماجہ

وَالدَّارِمِيُّ وَعَنْ عَائِشَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اَيُّمَا اِمْرَاَةٍ نَكَحَتْ

اور دارمی نے۔ اور روایت ہے حضرت عائشہ رضہ سے یہ کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو عورت کہ نکاح کرے اپنا

نفسها بغیر اذن ولیها فنکاحها باطل فنکاحها باطل فنکاحها باطل فان

بے اذن ولی اپنے کے پس نکاح اوسکا باطل ہی پس نکاح اوسکا باطل ہی پس نکاح اوسکا باطل ہے پھر اگر

دخل بها فلها المهر بما استحل من فرجها فان اشتجروا فالسلطان ولی

صحبت کی ساتھ اوس عورت کے پس واسطے اوسکے ہی مہر بسبب اوسچیز کے کہ فائدہ اوٹھایا شرمگاہ اوسکی سے پھر اگر جھگڑا کریں ولی

من لا ولی له رواه احمد والترمذی وابوداود وابن ماجة والدارمی

کہ نہیں اوسکا کوئی ولی نقل کی یہ احمد اور ترمذی اور ابوداؤد اور ابن ماجہ اور دارمی نے۔

وعن ابن عباس ان النبی صلی الله علیه وسلم قال البغایا التی ینکحن انفسهن

اور روایت ہی ابن عباس سے یہ کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا سے زنا کرنیوالی ہیں وہ عورتیں کہ نکاح کرتی ہیں اپنا

بغیر بینة والاصح انه موقوف علی ابن عباس رواه الترمذی وعن

بے شاہدوں کے اور صحیح تر یہ ہی کہ یہ حدیث موقوف ہے ابن عباس پر نقل کی یہ ترمذی نے۔ اور روایت ہی

ابی هریرة قال قال رسول الله صلی الله علیه وسلم الیتیمة تستامر فی نفسها فان صمتت

ابی ہریرہ سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے کواری پوچھی جاوے بیچھ نکاح اپنے کے پھر اگر چپ رہی

فهو اذنها وان ابت فلا جواز علیها رواه الترمذی وابوداود والنسائی ورواه الدارمی عن ابی موسی

پس وہی ہی اذن اوسکا اور اگر انکار کیا پس نہیں جبر اوسپر نقل کی یہ ترمذی اور ابوداؤد اور نسائی نے اور نقل کی دارمی نے ابی موسی سے

وعن جابر عن النبی صلی الله علیه وسلم قال ایما عبد تزوج بغیر اذن سیده

اور روایت ہی جابر سے کہ نقل کی نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے فرمایا جو غلام کہ نکاح کرے بغیر اذن مالک اپنے کے

فهو عاهر رواه الترمذی وابوداود والدارمی الفصل الثالث

سے پس وہ زانی ہے نقل کی یہ ترمذی اور ابوداؤد اور دارمی نے۔ فصل تیسری

عن ابن عباس قال ان جاریة بکرا اتت رسول الله صلی الله علیه وسلم فذکرت

روایت ہی ابن عباس سے کہ کہا تحقیق ایک لڑکی کواری آئی رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس پس ذکر کیا

ان اباها زوجها وهی کارهة فخیرها النبی صلی الله علیه وسلم رواه ابوداود

یہ کہ باپ اوسکے نے نکاح کر دیا اوسکا اور وہ تھی ناراض پس اختیار دیا اوسکو نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے نقل کی یہ ابوداؤد نے

وعن ابی هریرة قال قال رسول الله صلی الله علیه وسلم لا تزوج المرأة المرأة

اور روایت ہی ابی ہریرہ سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے نہ نکاح کرے عورت کسی عورت کا

وَلَا تُزَوِّجِ الْمَرْأَةُ نَفْسَهَا فَإِنَّ الزَّانِيَةَ هِيَ الَّتِي تُزَوِّجُ نَفْسَهَا رَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ

اور نہ نکاح کرے عورت اپنا اسلیے کہ تحقیق زنا کرنیوالی وہ ہے کہ نکاح کرتی ہے اپنا آپ نقل کی یہ ابن ماجہ نے

وَعَنْ أَبِي سَعِيدٍ وَابْنِ عَبَّاسٍ قَالَا قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ وُلِدَ

اور روایت ہے ابی سعید اور ابن عباس سے کہا دونوں نے کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے جو شخص کہ پیدا کیا گیا

لَهُ وَلَدٌ فَلْيُحْسِنِ اسْمَهُ وَأَدَبَهُ فَإِذَا بَلَغَ فَلْيُزَوِّجْهُ فَإِنْ بَلَغَ وَلَمْ يُزَوِّجْهُ

واسطے اوسکے لڑکا پس چاہیے کہ اچھا رکھے نام اوسکا اور ادب سکھاوے اوسکو پھر جب بالغ ہو پس چاہیے کہ نکاح کرے

فَأَصَابَ إِثْمًا فَإِنَّمَا إِثْمُهُ عَلَى أَبِيهِ وَعَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ وَأَنَسِ بْنِ مَالِكٍ

پس پہنچے لڑکا گناہ کو پس سوا اسکے نہیں کہ گناہ اوسکا اوپر باپ اوسکے کی ہے۔ اور روایت ہے عمر بن الخطاب سے اور انس بن مالک سے

عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ فِي التَّوْرَاةِ مَكْتُوبٌ مَنْ بَلَغَتِ ابْنَتُهُ

کہ نقل کی رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا توریت میں لکھا ہوا ہے جو شخص کہ پہونچی بیٹی اوسکی

اثْنَتَيْ عَشْرَةَ سَنَةً وَلَمْ يُزَوِّجْهَا فَأَصَابَتْ إِثْمًا فَإِنَّمَا ذٰلِكَ عَلَيْهِ رَوَاهُمَا

بارہ برس کو اور نہ نکاح کرے وہ اوسکا پھر پہنچی وہ بیٹی گناہ کو پس گناہ اوسکا اوپر باپ اوسکے ہے نقل کیا ان

الْبَيْهَقِيُّ فِي شُعَبِ الْإِيمَانِ بَابُ إِعْلَانِ النِّكَاحِ وَالْخُطْبَةِ

بیہقی نے شعب الایمان میں۔ باب ہے یہ بیان اشکارا کرنے نکاح کے اور بیان خطبہ نکاح کے

وَالشَّرْطِ الْفَصْلُ الْأَوَّلُ عَنِ الرُّبَيِّعِ بِنْتِ مُعَوِّذِ بْنِ عَفْرَاءَ

اور بیان شرط نکاح کے۔ فصل پہلی روایت ہے ربیع بیٹی معوذ بیٹے عفراء کے

قَالَتْ جَاءَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَدَخَلَ حِينَ بُنِيَ عَلَيَّ فَجَلَسَ عَلَى فِرَاشِي كَمَجْلِسِكَ

کہا آئے نبی صلے اللہ علیہ وسلم پس داخل ہوئے اوسوقت کہ لائی گئی میں خاوند کے گھر میں پھر بیٹھے میرے بچھونے پر

مِنِّي فَجَعَلَتْ جُوَيْرِيَاتٌ لَنَا يَضْرِبْنَ بِالدُّفِّ وَيَنْدُبْنَ مَنْ قُتِلَ مِنْ آبَائِي

بیٹھنا میرا پس شروع کیا چھوکریوں ہماری نے بجانا دف کا اور بیان کرنا شجاعت اوسکا کہ ماری گئی تھی ہمارے باپ دادوں میں سے

يَوْمَ بَدْرٍ إِذْ قَالَتْ إِحْدَاهُنَّ وَفِينَا نَبِيٌّ يَعْلَمُ مَا فِي غَدٍ فَقَالَ دَعِي هٰذَا

دن بدر کے کہ ناگہان کہا ایک چھوکری نے اور ہم میں ہمارے نبی ہیں کہ جانتے ہیں اوسچیز کو کہ ہونیوالی ہے کل کو پس فرمایا حضرت نے

وَقُولِي بِالَّذِي كُنْتِ تَقُولِينَ رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ

اور کہہ وہ چیز کہ تھی کہتی نقل کی یہ بخاری نے۔ اور روایت ہے حضرت عائشہ سے کہ کہا

زُفَّتِ امْرَأَةٌ إِلَى رَجُلٍ مِّنَ الْأَنْصَارِ فَقَالَ نَبِيُّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا كَانَ مَعَكُمْ

لائی گئی بعد بیاہ کے ایک عورت طرف ایک شخص کے کہ تھا انصار میں سو پس فرمایا نبی خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے کیا نہیں تھا ساتھ تمہارے

لَهْوٌ فَإِنَّ الْأَنْصَارَ يُعْجِبُهُمُ اللَّهْوُ رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ وَعَنْهَا قَالَتْ تَزَوَّجَنِي

کھیل پس تحقیق انصار خوش لگتا ہے ان کو گانا نقل کی یہ بخاری نے۔ اور روایت ہے عائشہ رضی اللہ عنہا سے کہ کہا نکاح کیا مجھ سے

رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي شَوَّالٍ وَبَنَى بِي فِي شَوَّالٍ فَأَيُّ نِسَاءِ رَسُولِ اللّٰهِ

پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے پہنچ مہینے شوال کے اور گھر میں لائے مجھکو پہنچ مہینے شوال کے پس کون عورتوں رسول خدا

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ أَحْظَى عِنْدَهُ مِنِّي رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَعَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ قَالَ

صلے اللہ علیہ وسلم کی تھی بہت نصیبہ ور نزدیک حضرت کے مجھ سے نقل کی یہ مسلم نے۔ اور روایت ہے عقبہ بن عامر سے کہ کہا

قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَحَقُّ الشُّرُوطِ أَنْ تُوفُوا بِهِ مَا اسْتَحْلَلْتُمْ بِهِ

فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے لائق ترین شرطوں کے کہ وفا کرو تم ان کو وہ شرط ہے کہ حلال کیں تم نے ساتھ اوسکے

الْفُرُوجَ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا

شرمگاہیں متفق علیہ۔ اور روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے نہ

يَخْطُبُ الرَّجُلُ عَلَى خِطْبَةِ أَخِيهِ حَتَّى يَنْكِحَ أَوْ يَتْرُكَ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَعَنْهُ

کہ پیغام بھیجے مرد نکاح کا اوپر پیغام اپنی بھائی کے جبتک کہ نکاح کر دی وہ یا چھوڑ دے متفق علیہ۔ اور روایت ہے ابوہریرہ سے

قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تَسْأَلُ الْمَرْأَةُ طَلَاقَ أُخْتِهَا لِتَسْتَفْرِغَ

کہ کہا فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے نہ سوال کرے عورت طلاق دینے بہن اپنی کے تاکہ خالی کرے

صَحْفَتَهَا وَلْتَنْكِحْ فَإِنَّ لَهَا مَا قُدِّرَ لَهَا مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ أَنَّ

پیالہ بہن کا اور تاکہ نکاح کرے اوسکے خاوند سے پس تحقیق واسطے اوسکی ہے جو مقدر کیا گیا متفق علیہ۔ اور روایت ہے ابن عمر سے یہ کہ

رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى عَنِ الشِّغَارِ وَالشِّغَارُ أَنْ يُزَوِّجَ الرَّجُلُ ابْنَتَهُ

رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے منع کیا شغار سے اور شغار یہ کہ نکاح کر دے آدمی اپنی بیٹی کا

عَلَى أَنْ يُزَوِّجَهُ الْآخَرُ ابْنَتَهُ وَلَيْسَ بَيْنَهُمَا صَدَاقٌ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَفِي

اس شرط پر کہ نکاح کر دے اس سے وہ دوسرا بیٹی اپنی کا اور نہ ہو اوسمیں کچھ مہر نقل کی یہ بخاری اور مسلم نے اور ہیچ

رِوَايَةٍ لِمُسْلِمٍ قَالَ لَا شِغَارَ فِي الْإِسْلَامِ وَعَنْ عَلِيٍّ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى

ایک روایت مسلم کے یوں ہے کہ فرمایا حضرت نے نہیں نکاح شغار اسلام میں۔ اور روایت ہے علی سے یہ کہ رسول خدا صلے اللہ

علیہ وسلم نے عَنْ مُتْعَةِ النِّسَاءِ يَوْمَ خَيْبَرَ وَعَنْ أَكْلِ لُحُومِ الْحُمُرِ الْإِنْسِيَّةِ متفق

علیہ وسلم نے منع کر دیا متعہ عورتوں کی سے دن خیبر کے اور منع کیا کھانے گوشت گدھوں شہری کے سے متفق

عَلَيْهِ وَعَنْ سَلَمَةَ بْنِ الْأَكْوَعِ قَالَ رَخَّصَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ عَامَ

علیہ۔ اور روایت ہے سلمہ بن اکوع سے کہا اجازت دی رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے سال جنگ

أَوْطَاسٍ فِي الْمُتْعَةِ ثَلَاثًا ثُمَّ نَهٰى عَنْهَا رَوَاهُ مُسْلِمٌ الْفَصْلُ الثَّانِي

اوطاس کے متعہ کے تین دن پھر منع کیا اوس سے نقل کیا مسلم نے۔ فصل دوسری

عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ قَالَ عَلَّمَنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ التَّشَهُّدَ فِي

روایت ہے عبداللہ بن مسعود سے کہا سکھلائی ہمکو رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے تشہد پڑھنی

الصَّلٰوةِ وَالتَّشَهُّدُ فِي الْحَاجَةِ قَالَ التَّشَهُّدُ فِي الصَّلٰوةِ اَلتَّحِيَّاتُ لِلّٰهِ وَ

نماز میں اور تشہد پڑھنی حاجت میں کہا (عبداللہ بن مسعود نے) تشہد نماز میں یہ ہے عبادتیں بدنی کی واسطے اللہ کے اور

الصَّلَوَاتُ وَالطَّيِّبَاتُ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ اَيُّهَا النَّبِيُّ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهٗ

عبادتیں بدنی اور عبادتیں مالی ہیں واسطے اللہ کے ہیں سلام ہے تجھ پر اے نبی اور رحمت اللہ کی اور برکتیں اوسکی

اَلسَّلَامُ عَلَيْنَا وَعَلٰى عِبَادِ اللّٰهِ الصّٰلِحِيْنَ اَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَ

سلام ہے ہمپر اور اوپر نیکبخت بندوں اللہ کے گواہی دیتا ہوں میں یہ کہ نہیں کوئی معبود مگر اللہ اور

اَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ وَالتَّشَهُّدُ فِي الْحَاجَةِ اَنِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ

گواہی دیتا ہوں میں یہ کہ محمد بندہ اللہ کے ہیں اور رسول اللہ کے اور تشہد حاجت میں یہ کہ سب تعریف واسطے اللہ کے

نَسْتَعِيْنُهٗ وَنَسْتَغْفِرُهٗ وَنَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنْ شُرُوْرِ اَنْفُسِنَا مَنْ يَّهْدِهِ اللّٰهُ

مدد چاہتے ہیں ہم اوس سے اور بخشش چاہتے ہیں ہم اوس سے اور پناہ مانگتے ہیں ہم ساتھ اللہ کے برائیوں نفسوں اپنے کے

فَلَا مُضِلَّ لَهٗ وَمَنْ يُّضْلِلْ فَلَا هَادِيَ لَهٗ وَاَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ

پس نہیں کوئی گمراہ کرنیوالا اوسکو اور جسکو گمراہ کرے اللہ پس نہیں کوئی ہدایت کرنیوالا اوسکو اور گواہی دیتا ہوں میں

وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ وَيَقْرَأُ ثَلٰثَ اٰيَاتٍ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ

اور گواہی دیتا ہوں میں یہ کہ محمد بندے اللہ کے ہیں اور رسول اوسکے اور پڑھتے حضرت تین آیتیں اے لوگو جو

اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ حَقَّ تُقٰتِهٖ وَلَا تَمُوْتُنَّ اِلَّا وَاَنْتُمْ مُّسْلِمُوْنَ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ

ایمان لائے ڈرو اللہ سے حق ڈرنے اوسکے اور نہ مرو مگر حال یہ کہ تم مسلمان ہو اے لوگو

اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ الَّذِیْ تَسَآءَلُوْنَ بِهٖ وَالْاَرْحَامَ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلَیْكُمْ رَقِیْبًا

کہ ایمان لائے ڈرو اللہ سے ایسا اللہ کہ مانگتے ہو تم آپس میں جو بیلے نام پر اس کے اور ڈرو قطع رحم سے بیشک اللہ ہے تم پر نگہبان

یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ وَقُوْلُوْا قَوْلًا سَدِیْدًا یُّصْلِحْ لَكُمْ اَعْمَالَكُمْ وَ

اے لوگو کہ ایمان لائے ہو ڈرو اللہ سے اور کہو بات مضبوط درست کریگا واسطے تمہارے عمل تمہارے اور

یَغْفِرْ لَكُمْ ذُنُوْبَكُمْ وَمَنْ یُّطِعِ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ فَقَدْ فَازَ فَوْزًا عَظِیْمًا رَوَاهُ

بخشیگا واسطے تمہارے گناہ تمہارے اور جو کوئی فرمانبرداری کریگا اللہ کی اور رسول اوسکی پس تحقیق مطلب پایا بڑا مطلب پایا ہوا مطلب یاب ہونا

اَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِیُّ وَاَبُوْدَاوٗدَ وَالنَّسَآئِیُّ وَابْنُ مَاجَةَ وَالدَّارِمِیُّ وَفِیْ

احمد اور ترمذی اور ابوداؤد اور نسائی اور ابن ماجہ اور دارمی نے اور

جَامِعِ التِّرْمِذِیِّ فَسَّرَ الْاٰیَاتِ الثَّلٰثَ سُفْیَانُ الثَّوْرِیُّ وَزَادَ ابْنُ مَاجَةَ

جامع ترمذی میں ہے کہ بیان کیا ان تینوں آیتوں کو سفیان ثوری نے اور زیادہ کیا ابن ماجہ نے

بَعْدَ قَوْلِهٖ اَنِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ نَحْمَدُهٗ وَبَعْدَ قَوْلِهٖ مِنْ شُرُوْرِ اَنْفُسِنَا وَمِنْ سَیِّاٰتِ اَعْمَالِنَا وَالدَّارِمِیُّ بَعْدَ قَوْلِهٖ

بعد کہنے ان الحمد للہ کے لفظ نحمدہ کا اور زیادہ کیا بعد کہنے من شرور انفسنا کے ومن سیئات اعمالنا کو اور زیادہ کیا دارمی نے بعد کہنے

عَظِیْمًا ثُمَّ یَتَكَلَّمُ بِحَاجَتِهٖ وَرَوٰی فِیْ شَرْحِ السُّنَّةِ عَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ فِیْ

عظیما کے یہ عبارت پھر تکلم کرے ساتھ حاجت اپنی کے اور روایت کی شرح السنہ میں ابن مسعود سے بیچ

خُطْبَةِ الْحَاجَةِ مِنَ النِّكَاحِ وَغَیْرِهٖ وَعَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ

خطبہ حاجت کے کہ نکاح ہے اور سوائے اوسکے۔ اور روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ کہا فرمایا رسول

اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ كُلُّ خُطْبَةٍ لَیْسَ فِیْهَا تَشَهُّدٌ فَهِیَ كَالْیَدِ الْجَذْمَآءِ رَوَاهُ التِّرْمِذِیُّ

خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے جو خطبہ کہ نہو اوسمیں تشہد پس وہ مانند ہاتھ کٹے ہوئے کے ہے نقل کیا یہ ترمذی نے

وَقَالَ هٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ غَرِیْبٌ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ

اور کہا یہ حدیث حسن غریب ہے۔ اور روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلے اللہ

عَلَیْهِ وَسَلَّمَ كُلُّ اَمْرٍ ذِیْ بَالٍ لَّا یُبْدَاُ فِیْهِ بِالْحَمْدُ لِلّٰهِ فَهُوَ اَقْطَعُ رَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ

علیہ وسلم نے جو کام صاحب شان کہ نہ شروع کیا جاوے اوسمیں ساتھ حمد خدا کے پس وہ کام ملتبے برکت ہے نقل کیا یہ ابن ماجہ نے

وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَعْلِنُوْا هٰذَا النِّكَاحَ وَ

اور روایت ہے حضرت عائشہ سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے ظاہر کیا کرو تم اس نکاح کو اور

کتبہ العبد المذنب

اجعلوه فی المساجد واضربوا علیه بالدفوف رواه الترمذی وقال

سلہ کیا کرو اسکو مسجدوں مین اور بجایا کرو وقت نکاح کے دف نقل کی یہ ترمذی نے اور کہا

هذا حدیث غریب وعن محمد بن حاطب الجمحی عن النبی صلی الله علیه وسلم

یہہ حدیث غریب ہے۔ اور روایت ہی محمد بیٹے حاطب جمحی کے سی کہ نقل کی نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے

قال فصل ما بین الحلال والحرام الصوت والدف فی النکاح رواه احمد

فرمایا فرق درمیان حلال اور حرام کے آواز کرنے اور دف بجانا نکاح مین ہی نقل کی یہ احمد

والترمذی والنسائی وابن ماجة وعن عائشة قالت کانت عندی

اور ترمذی اور نسائی اور ابن ماجہ نے۔ اور روایت ہی عائشہ رضہ سی کہ کہا تھی نزد مکیہ میرے

جاریة من الانصار زوجتها فقال رسول الله صلی الله علیه وسلم یا عائشة ألا تغنین

ایک لڑکی انصار مین سی کہ نکاح کر دیا مینے اوسکا پس فرمایا یا رسول خدا صلعم نے اے عائشہ کیا نہین گاتیکو تم ہو

فان هذا الحی من الانصار یحبون الغناء رواه ابن حبان فی صحیحه

اسلیے کہ تحقیق یہ قوم انصار کی دوست رکھتی ہی گانیکو نقل کی یہ ابن حبان نے اپنے صحیح مین۔

وعن ابن عباس قال انکحت عائشة ذات قرابة لها من الانصار

اور روایت ہی ابن عباس سی کہ کہا نکاح کر دیا عائشہ رضہ نے ایک عورت کا اپنی قرابتیون مین سی کہ تھی انصار مین سی

فجاء رسول الله صلی الله علیه وسلم فقال اهدیتم الفتاة قالوا نعم قال ارسلتم

پس آئے پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وسلم اور فرمایا کیا تم نے بھیجا تم نے لڑکیکو کہا گھر والون نے کہ ہان فرمایا کیا تم نے بھیجا تم نے

معها من یغنی قالت لا فقال رسول الله صلی الله علیه وسلم ان الانصار

ساتھ اوسکے اوسکو کہ گاوے کہا عائشہ رضہ نے کہ نہین پس فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ تحقیق انصار

قوم فیهم غزل فلو بعثتم معها من یقول اتیناکم اتیناکم فحیانا و

ایک قوم ہے کہ اونمین میل ہی طرف گانیکے پس کاش بھیجتے تم ساتھ اوسکے اوس شخص کو کہ کہتا آئے ہم تمہارے پاس آئے ہم تمہارے پاس پس

حیاکم رواه ابن ماجة وعن سمرة ان رسول الله صلی الله علیه وسلم قال ایما

تمکو باقی رکھے تمکو نقل کی یہ ابن ماجہ نے۔ اور روایت ہی سمرہ سی یہہ کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو

امراة زوجها ولیان فهی لالاول منهما ومن باع بیعا من رجلین

عورت کہ نکاح کر دین اوسکا دو ولی پس وہ عورت واسطے اول کے ہی اون دو نمین سی اور جو کوئی بیچے بیچنا دو آدمیون کا تا

فهو للاول منهما رواه الترمذی وابو داود والنسائی والدارمی الفصل
پس وہ چیز جو بھیجی گئی واسطے پہلے کے ہی ان دونوں میں سے نقل کی یہ ترمذی اور ابو داود اور نسائی اور دارمی نے۔ فصل
الثالث عن ابن مسعود قال کنا نغزو مع رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لیس
تیسری روایت ہی ابن مسعود سے کہا ہے ہم جہاد کرتے ساتھ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے نہ ہوتے
معنا نساء فقلنا الا نختصی فنهانا عن ذلک ثم رخص لنا ان نستمتع
ساتھ ہمارے عورتیں پس کہا ہم نے کیا نہ خصی ہوویں ہم پس منع کیا ہمکو حضرت نے خصی ہونے سے پھر رخصت دی ہمکو متعہ کرنے کی
فکان احدنا ینکح المرأة بالثوب الی اجل ثم قرأ عبد اللہ یا ایها
پس تھا ایک ہمارا کہ نکاح کرتا تھا عورت سے بدلے کپڑے کے ایک مدت تک پھر پڑھی عبد اللہ بن مسعود نے یہ آیت اے وہ
الذین امنوا لا تحرموا طیبت ما احل اللہ لکم متفق علیہ وعن ابن
لوگو کہ ایمان لائے ہو نہ حرام جانو پاکیزہ چیزوں کو اُن چیزوں سے کہ حلال کی ہیں اللہ نے تمہارے لیے متفق علیہ اور روایت ہے ابن
عباس قال انما کانت المتعة فی اول الاسلام کان الرجل یقدم البلدة
عباس سے کہا نہ تھا متعہ مگر اول اسلام میں تھا مرد کہ آتا ایک شہر میں
لیس لها معرفة فیتزوج المرأة بقدر ما یری انها تقیم فتحفظ له متاعه
کہ نہ ہوتی واسطے اُس کے اُس شہر میں آشنا سائی پس نکاح کرتا ایک عورت سے مقدار اُس مدت کے جانتا کہ پھر وہ نگاہ اُس شہر میں پس نگہبانی کرتی وہ عورت
وتصلح له شیئه حتی اذا نزلت الایة الا علی ازواجهم او ما ملکت ایمانهم
اور پکاتی اُس کیلیے کھانا اور سکا یہانتک کہ اوتری یہ آیت مگر اوپر بیبیوں اپنی کے یا اوپر لونڈیوں اپنی کے
قال ابن عباس فکل فرج سواهما فهو حرام رواه الترمذی وعن
کہا ابن عباس نے جو شرمگاہ ہی سوا ان دونوں کے پس وہ حرام ہے روایت کی یہ ترمذی نے۔ اور روایت ہے
عامر بن سعد قال دخلت علی قرظة بن کعب وابی مسعود الانصاری
عامر بن سعد سے کہا داخل ہوا میں اوپر قرظہ بن کعب کے اور ابو مسعود انصاری کے
فی عرس واذا جوار یغنین فقلت ای صاحبی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
بیچ ایک شادی کے پس ناگہان گنتی ایک چھوکریاں گاتی تھیں پس کہا میں نے اے دو صحابی رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے
واهل بدر یفعل هذا عندکم فقالا اجلس ان شئت فاسمع معنا
اور اہل بدر کے کیا جاتا ہے یہ نزدیک تمہارے پس کہا دونوں صحابیوں نے بیٹھ تو اگر چاہے تو پس سن ساتھ ہمارے

وَإِنْ شِئْتَ فَاذْهَبْ فَإِنَّهُ قَدْ رَخَّصَ لَنَا اللّٰهُ عِنْدَ الْعُرْسِ رَوَاهُ النَّسَائِيُّ

اور اگر چاہے تو پس چلا جا پس تحقیق رخصت دی گئی ہے واسطے ہمارے ہیچ گانیکے وقت شادی کے نقل کی یہ نسائی نے

بَابُ الْمُحَرَّمَاتِ الْفَصْلُ الْأَوَّلُ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ

باب ہے بیچ بیان اون عورتون کے کہ حرام ہین مرد پر فصل پہلی روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ کہا فرمایا رسول

اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يُجْمَعُ بَيْنَ الْمَرْأَةِ وَعَمَّتِهَا وَلَا بَيْنَ الْمَرْأَةِ وَخَالَتِهَا مُتَّفَقٌ

خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے نہ جمع کیا جاوے درمیان عورت کے اور پھوپھی اسکیکے اور نہ جمع کیا جاوے درمیان عورت کے اور خالہ اسکیکے متفق

عَلَيْهِ وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَحْرُمُ مِنَ الرَّضَاعَةِ

علیہ۔ اور روایت ہے حضرت عائشہ سے کہا فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے حرام ہوتی ہے سبب دودھ پینے کے

مَا يَحْرُمُ مِنَ الْوِلَادَةِ رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ وَعَنْهَا قَالَتْ جَاءَ عَمِّي مِنَ الرَّضَاعَةِ

وہ چیز کہ حرام ہوتی ہے جنمنے سے نقل کی یہ بخاری نے۔ اور روایت ہے عائشہ سے کہا آیا چچا میرا ازدودھ کے نسبتے کا

فَاسْتَأْذَنَ عَلَيَّ فَأَبَيْتُ أَنْ آذَنَ لَهُ حَتَّى أَسْأَلَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

اور برواز نگی مانگی میرے پاس آنے کی پس انکار کیا میںنے اذن دینے کا یہان تک کہ پوچھ لیون رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم سے

فَجَاءَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَسَأَلْتُهُ فَقَالَ إِنَّهُ عَمُّكِ فَأْذَنِي لَهُ قَالَتْ فَقُلْتُ

پس تشریف لائے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم پس پوچھا میںنے حضرت سے پس فرمایا تحقیق وہ چچا تیرا ہے پس اذن دے اوسکو آئیگا

يَا رَسُولَ اللّٰهِ إِنَّمَا أَرْضَعَتْنِي الْمَرْأَةُ وَلَمْ يُرْضِعْنِي الرَّجُلُ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

یارسول اللہ سوا اسکے نہین کہ دودھ پلایا مجھکو عورت نے اور نہین دودھ پلایا مجھکو مرد نے پس فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے

إِنَّهُ عَمُّكِ فَلْيَلِجْ عَلَيْكِ وَذٰلِكَ بَعْدَ مَا ضُرِبَ عَلَيْنَا الْحِجَابُ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ

وہ چچا تیرا ہے پس چاہیے کہ داخل ہو تجھپر اور یہ آنا اوسکا بعد اسکے تھا کہ مقرر کیا گیا ہمپر پردہ کرنا متفق علیہ۔

وَعَنْ عَلِيٍّ أَنَّهُ قَالَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ هَلْ لَكَ فِي بِنْتِ عَمِّكَ حَمْزَةَ فَإِنَّهَا

اور روایت ہے علی رضہ سے کہ اونہونے کہا یارسول اللہ کیا ہے خواہش آپکو بیچ بیٹی چچا اپنے کی کہ حمزہ ہین پس تحقیق وہ

أَجْمَلُ فَتَاةٍ فِي قُرَيْشٍ فَقَالَ لَهُ أَمَا عَلِمْتَ أَنَّ حَمْزَةَ أَخِي مِنَ الرَّضَاعَةِ وَ

خوبصورت ہے جوان عورتون قریش کی ہین پس فرمایا حضرت نے حضرت علی کو کیا نہین جانتا تو کہ تحقیق حمزہ بھائی میرا ہے

إِنَّ اللّٰهَ حَرَّمَ مِنَ الرَّضَاعَةِ مَا حَرَّمَ مِنَ النَّسَبِ رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَعَنْ

تحقیق اللہ تعالے نے حرام کی بسبب دودھ پینے کے وہ چیز کہ حرام کی بسبب نسب کے نقل کی یہ مسلم نے۔ اور روایت ہے

اور یہ بھی ہے کہ عورتون کا جمع کرنا جائز نہین ہے جیسا کہ ان دو عورتون کا جمع کرنا جائز نہین ہے جنمین ایسا رشتہ ہو کہ اگر ایک کو مرد فرض کرین تو دوسری سے نکاح جائز نہو پس اگر جمع کرے مرد ایک عورت میں اور اوسکے باپ کی جورو کو یا ایک عورت میں اور اسکے بیٹے کی جورو کو تو نکاح فاسد نہین ہے کیونکہ انمین کوئی رشتہ نہین ہے جسکے سبب سے

وَيَحْرُمُ مِنَ الرَّضَاعَةِ

وہ چیز کہ حرام ہوتی ہے سبب دودھ پینے کے

حرام ہوتی ہے سبب دودھ پینے کے وہ چیز کہ حرام ہوتی ہے سبب نسب کے

دودھ پینے کے سبب سے نکاح نہین ٹوٹتا ہے

دودھ پینے کے سبب سے نکاح ٹوٹتا ہے

دودھ پینے کے سبب سے نکاح نہین ٹوٹتا ہے

دودھ پینے کے سبب سے نکاح ٹوٹتا ہے

دودھ پینے کے سبب سے نکاح نہین ٹوٹتا ہے

دودھ پینے کے سبب سے نکاح ٹوٹتا ہے

دودھ پینے کے سبب سے نکاح نہین ٹوٹتا ہے

دودھ پینے کے سبب سے نکاح ٹوٹتا ہے

اُمِّ الْفَضْلِ قَالَتْ اِنَّ نَبِیَّ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا تُحَرِّمُ الرَّضْعَۃُ وَالرَّضْعَتَانِ

ام فضل سے کہ کہا تحقیق نبی صلی اللہ وسلم نے فرمایا کہ نہین حرام کرتا ایک بار دودہ پی لینا یا دو بار دودہ پی لینا

وَفِیْ رِوَایَۃٍ عَائِشَۃَ قَالَ لَا تُحَرِّمُ الْمَصَّۃُ وَالْمَصَّتَانِ وَفِیْ اُخْرٰی لِاُمِّ الْفَضْلِ

اور بیچ روایت عائشہ کے یون ہے کہ فرمایا حضرت نے نہین حرام کرتا ایک بار چوسنا اور دو بار چوسنا اور اور روایت ام الفضل کی یون آئی ہے

قَالَ لَا تُحَرِّمُ الْاِمْلَاجَۃُ اَوِ الْاِمْلَاجَتَانِ ھٰذِہٖ رِوَایَاتُ لِمُسْلِمٍ وَعَنْ

کہ فرمایا حضرت نے نہین حرام کرتا ایک بار دودہ داخل کرنا چھاتی کا یا دو بار داخل کرنا یہ روایتین ہین مسلم کی ۔ اور روایت ہے

عَائِشَۃَ قَالَتْ کَانَ فِیْمَا اُنْزِلَ مِنَ الْقُرْاٰنِ عَشْرُ رَضَعَاتٍ مَعْلُوْمَاتٍ یُحَرِّمْنَ

حضرت عائشہ سے کہ کہا تھا یہ چیز اوسچیز کے اتاری گئی قرآن مین یہ کلام کہ دس بار دودہ پینا کہ معلوم ہو وجود اوسکا حرام کرتا ہے

ثُمَّ نُسِخْنَ بِخَمْسٍ مَعْلُوْمَاتٍ فَتُوُفِّیَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَھِیَ فِیْمَا یُقْرَأُ

پھر منسوخ ہوا یہ حکم ساتھ پانچ بار دودہ پینے کے کہ معلوم ہو پھر وفات کئے گئے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم اور حال انکہ یہ آیت پڑھی جاتی تھی

مِنَ الْقُرْاٰنِ رَوَاہُ مُسْلِمٌ وَعَنْھَا اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ دَخَلَ

قرآن مین نقل کی یہ مسلم نے ۔ اور روایت ہے عائشہ سے یہ کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم آئے

عَلَیْھَا وَعِنْدَھَا رَجُلٌ فَکَاَنَّہٗ کَرِہَ ذٰلِکَ فَقَالَتْ اِنَّہٗ اَخِیْ فَقَالَ انْظُرْنَ

اون کے پاس اور نزدیک اونکے تھا ایک شخص بیٹھا پس گویا کہ مکروہ جانا اوسکو حضرت نے پس کہا عائشہ نے کہ تحقیق یہ شخص بھائی

مَنْ اِخْوَانُکُنَّ فَاِنَّمَا الرَّضَاعَۃُ مِنَ الْمَجَاعَۃِ مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ وَعَنْ عُقْبَۃَ بْنِ

کہ کون ہین بھائی تمہارے پس سوا اسکے نہین کہ شیر معتبر دودہ پینا وقت بھوک کے ہر مستفق علیہ ۔ اور روایت ہے عقبہ بیٹے

الْحَارِثِ اَنَّہٗ تَزَوَّجَ اِبْنَۃً لِاَبِیْ اِھَابِ بْنِ عَزِیْزٍ فَاَتَتِ امْرَاَۃٌ فَقَالَتْ قَدْ

حارث کے سے یہ کہ اوسنے نکاح کیا بیٹی ابواہاب بیٹے عزیز کے سو پھر آئی ایک عورت اور کہا کہ تحقیق

اَرْضَعْتُ عُقْبَۃَ وَالَّتِیْ تَزَوَّجَ بِھَا فَقَالَ لَھَا عُقْبَۃُ مَا اَعْلَمُ اَنَّکِ اَرْضَعْتِنِیْ وَلَا اَخْبَرْتِنِیْ

دودہ پلایا مینے عقبہ کو اور اس عورت کو کہ نکاح کیا عقبہ نے اوس سے پس کہا اوسکو عقبہ نے کہ نہین جانتا مین کہ تحقیق تو نے دودہ پلایا

فَاَرْسَلَ اِلٰی اٰلِ اَبِیْ اِھَابٍ فَسَاَلَھُمْ فَقَالُوْا مَا عَلِمْنَا اَرْضَعَتْ صَاحِبَتَنَا فَرَکِبَ اِلَی النَّبِیِّ

پس بھیجا عقبہ نے ایک شخص کو طرف لوگون ابی الاہاب کے پس پوچھا اوسنے کہ تمہارے لڑکی کو دودہ پلایا ہے اس عورت نے پس کہا انہون نے

صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ بِالْمَدِیْنَۃِ فَسَاَلَہٗ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ کَیْفَ وَقَدْ قِیْلَ

صلے اللہ علیہ وسلم کی کہ تھے مدینہ مین اور پوچھا حضرت سے حکم اس نکاح کا پس فرمایا رسول خدا صلعم نے کہ کسطرح اور تحقیق کہا گیا ہے

فَفَارَقَهَا عُقْبَةُ وَنَكَحَتْ زَوْجًا غَيْرَهُ رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ وَعَنْ أَبِي سَعِيدٍ
پس جدا کر دیا اوس عورت کو عقبہ نے اور نکاح کیا اوس عورت نے اور خاوند سوا اوسکے کہ قتل کی یہ بخاری نے۔ اور روایت ہے ابی سعید

الْخُدْرِيِّ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ حُنَيْنٍ بَعَثَ جَيْشًا إِلَى أَوْطَاسٍ
خدری سے یہ کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے دن حنین کے بھیجا ایک لشکر طرف اوطاس کے

فَلَقُوا عَدُوًّا فَقَاتَلُوهُمْ فَظَهَرُوا عَلَيْهِمْ وَأَصَابُوا لَهُمْ سَبَايَا فَكَأَنَّ نَاسًا
پس ملے دشمنوں سے اور لڑے دشمنوں سے پس غالب آئے یہ دشمنوں پر اور پائی وسطی اپنے بندی پس گویا کہ بیٹھے آدمیوں نے

مِنْ أَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَحَرَّجُوا مِنْ غِشْيَانِهِنَّ مِنْ أَجْلِ أَزْوَاجِهِنَّ
صحابیوں نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے سے پرہیز کیا صحبت کرنے ان لونڈیوں کی سے سبب ہونے خاوندوں ان کے

مِنَ الْمُشْرِكِينَ فَأَنْزَلَ اللّٰهُ فِي ذٰلِكَ وَالْمُحْصَنَاتُ مِنَ النِّسَاءِ إِلَّا مَا مَلَكَتْ
کہ مشرک ہے پس اتاری اللہ تعالیٰ نے اس معاملہ میں یہ آیت اور حرام کی گئی ہیں تم پر عورتیں خاوند والیاں مگر وہ عورتیں کہ مالک ہوئی ہیں

أَيْمَانُكُمْ أَيْ فَهُنَّ لَكُمْ حَلَالٌ إِذَا انْقَضَتْ عِدَّتُهُنَّ رَوَاهُ مُسْلِمٌ
ہاتھ تمہارے پس یہ لونڈیاں واسطے تمہارے حلال ہیں جبوقت کہ گذر جاوے عدت اونکی روایت کی یہ مسلم نے۔

الْفَصْلُ الثَّانِي عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى أَنْ

فصل دوسری روایت ہے ابی ہریرہ رضہ سے یہ کہ پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے منع فرمایا اس سے

تُنْكَحَ الْمَرْأَةُ عَلَى عَمَّتِهَا أَوِ الْعَمَّةُ عَلَى بِنْتِ أَخِيهَا وَالْمَرْأَةُ عَلَى خَالَتِهَا أَوِ
کہ نکاح کیجاوے عورت اوپر پھوپی اپنی کے یا پھوپی کے اوپر بھتیجی اپنی کے اور منع فرمایا اس سے کہ نکاح کی جاوے عورت اپنی خالہ پر یا

الْخَالَةُ عَلَى بِنْتِ أُخْتِهَا لَا تُنْكَحُ الصُّغْرَى عَلَى الْكُبْرَى وَلَا الْكُبْرَى عَلَى
خالہ اپنی بھانجی پر نہ نکاح کی جاوے چھوٹے نانے والی بڑے نانے والی پر اور نہ بڑے نانے والی

الصُّغْرَى رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَأَبُو دَاوُدَ وَالدَّارِمِيُّ وَالنَّسَائِيُّ وَرِوَايَتُهُ
چھوٹے نانے والی پر روایت کی یہ ترمذی اور ابوداؤد اور دارمی اور نسائی نے اور روایت نسائی کے لفظ

إِلَى قَوْلِهِ بِنْتِ أُخْتِهَا وَعَنِ الْبَرَاءِ بْنِ عَازِبٍ قَالَ مَرَّ بِي خَالِي أَبُو بُرْدَةَ
بنت اختہا تک ہیں۔ اور روایت ہے براء بن عازب سے کہ کہا گذرا مجھپر ماموں میرا ابو بردہ

ابْنُ نِيَارٍ وَمَعَهُ لِوَاءٌ فَقُلْتُ أَيْنَ تَذْهَبُ فَقَالَ بَعَثَنِي النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
بن نیار رضہ اور تھا ساتھ اوسکے نشان پس کہا میں نے کہاں جاتے ہو پس کہا بھیجا مجھکو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے

إِلَى رَجُلٍ تَزَوَّجَ امْرَأَةَ أَبِيهِ أَبِيهِ بِرَأْسِهِ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَأَبُو دَاوُدَ وَ

طرف ایک شخص کی کہ نکاح کیا ہی اوسنے اپنے باپ کی بیوی سے ۵ لاوین حضرت ہم کو پاس سر اوسکا روایت کی یہ ترمذی اور ابو داؤد نے اور

فِي رِوَايَةٍ لَهُ وَلِلنَّسَائِيِّ وَابْنِ مَاجَةَ وَالدَّارِمِيِّ فَأَمَرَنِي أَنْ أَضْرِبَ عُنُقَهُ

ایک روایت ابو داؤد کی مین اور نسائی اور ابن ماجہ اور دارمی کی روایت مین یون آیا ہی کہ پس حکم کیا مجکو حضرت صلعم نے کہ مارو مین

وَآخُذَ مَالَهُ وَفِي هٰذِهِ الرِّوَايَةِ قَالَ عَمِّي بَدَلَ خَالِي وَعَنْ أُمِّ سَلَمَةَ قَالَتْ

اور لے آؤن مال اوسکا اور اس روایت مین کہا چچا میرا بدلے ماموں میرے کی - اور روایت ہی ام سلمہ سے کہا

قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يُحَرِّمُ مِنَ الرَّضَاعِ إِلَّا مَا فَتَقَ الْأَمْعَاءَ فِي

فرمایا پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے نہین حرام کرتی دودہ پینے سے کوئی قسم اوسکی مگر وہ قسم کہ پہونچے انتڑیونکو پہونچے

الثَّدْيِ وَكَانَ قَبْلَ الْفِطَامِ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَعَنْ حَجَّاجِ بْنِ حَجَّاجٍ الْأَسْلَمِيِّ

پینے چھاتی کے اور ہو وے پہلے وقت دودہ چھڑانیکے روایت کی یہ ترمذی نے - اور روایت ہی حجاج بیٹے حجاج اسلمی کے سے

عَنْ أَبِيهِ أَنَّهُ قَالَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ مَا يُذْهِبُ عَنِّي مَذَمَّةَ الرَّضَاعِ فَقَالَ

کہ روایت کی اوسنے اپنے باپ سے تحقیق اوسنے کہا یا رسول اللہ کیا چیز دور کرتی ہے مجھ سے حق دودہ کو پس فرمایا

غُرَّةُ عَبْدٍ أَوْ أَمَةٍ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَأَبُو دَاوُدَ وَالنَّسَائِيُّ وَالدَّارِمِيُّ وَعَنْ

سیاہ بردہ غلام ہو یا لونڈی روایت کی یہ ترمذی اور ابو داؤد اور نسائی اور دارمی نے - اور روایت ہی

أَبِي الطُّفَيْلِ الْغَنَوِيِّ قَالَ كُنْتُ جَالِسًا مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذْ

ابی طفیل غنوی سے کہا تھا مین بیٹھا ہوا ساتھ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے کہ ناگہان

أَقْبَلَتِ امْرَأَةٌ فَبَسَطَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رِدَاءَهُ حَتَّى قَعَدَتْ عَلَيْهِ فَلَمَّا

آئی ایک عورت پس ۵ بچھادی نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے چادر اپنی یہانتک کہ بیٹھ گئی وہ چادر پر پس جب

ذَهَبَتْ قِيلَ هٰذِهِ أَرْضَعَتِ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَوَاهُ أَبُو دَاوُدَ وَعَنِ ابْنِ

چلی گئی کہا گیا کہ اس عورت نے دودہ پلایا تھا نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو نقل کی یہ ابو داؤد نے - اور روایت ہی ابن

عُمَرَ أَنَّ غَيْلَانَ بْنَ سَلَمَةَ الثَّقَفِيَّ أَسْلَمَ وَلَهُ عَشْرُ نِسْوَةٍ فِي الْجَاهِلِيَّةِ

عمر رضہ سے یہہ کہ غیلان بن سلمہ ثقفی مسلمان ہوا اسحالمین کہ اوسکی تھین دس عورتین جاہلیت مین

فَأَسْلَمْنَ مَعَهُ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَمْسِكْ أَرْبَعًا وَفَارِقْ سَائِرَهُنَّ

پس عورتین بھی مسلمان ہوئین ساتھ اوسکے پس فرمایا پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے رکھہ لو تجہ عورتون کو اور جدا کر تو باقیون کو

۱ آنحضرت صلعم کے لیے خاص ہے کہ ایک شخص نے اپنے باپ کی بیوی سے نکاح کیا تھا اور آپ نے اسکے قتل کا حکم دیا
۲ نسب کی طرح رضاعت سے بھی حرمت ہوتی ہے
۳ اس حدیث سے معلوم ہوا کہ دودہ کی ماں بھی نسبی ماں کی طرح تعظیم کرنے کے لیے اس
۴ اور ہوسکتا ہے کہ اس عورت نے دودہ چھڑانے کے وقت دودہ چھڑانے کے لیے کچھ دوا لگائی ہو
۵ یہ بات حضرت صلعم کے کمال علم کی دلیل ہے اور اس حدیث سے معلوم ہوا کہ دودہ کی ماں نسبی ماں کی طرح تعظیم کرنے کے لائق ہے

رواہ احمد والترمذی وابن ماجۃ وعن نوفل بن معاویۃ قال اسلمت

نقل کی یہ احمد اور ترمذی اور ابن ماجہ نے۔ اور روایت ہے نوفل بن معاویہ سے کہا مسلمان ہوا میں

وتحتی خمس نسوۃ فسألت النبی صلی اللہ علیہ وسلم فقال فارق واحدۃ وامسک

اور تہ میں نکاح میرے میں پانچ عورتیں پس پوچھا میں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے پس فرمایا چھوڑ دے ایک کو اور رکھ

اربعا فعمدت الی اقدمہن صحبۃ عندی عاقر منذ ستین سنۃ

چار کو پس قصد کیا میں نے طرف پہلی نکاحی بانجھ کے کہ سب سے پہلے تھی صحبت میں نزدیک میرے ساٹھ برس سے

ففارقتہا رواہ فی شرح السنۃ وعن الضحاک بن فیروز الدیلمی عن ابیہ

پس جدا کر دیا میں نے اوسکو نقل کی یہ شرح السنہ میں۔ اور روایت ہے ضحاک بیٹے فیروز دیلمی کے سے کہ نقل کی اپنے باپ سے

قال قلت یا رسول اللہ انی اسلمت وتحتی اختان قال اختر ایتہما

کہا کہا میں نے یا رسول اللہ تحقیق میں مسلمان ہوا اور نکاح میرے میں دو بہنیں ہیں فرمایا تم نے اختیار کر لے اون دونو

شئت رواہ الترمذی وابوداود وابن ماجۃ وعن ابن عباس قال

جسکو چاہے نقل کی یہ ترمذی اور ابوداؤد اور ابن ماجہ نے۔ اور روایت ہے ابن عباس سے کہ کہا

اسلمت امرأۃ فتزوجت فجاء زوجہا الی النبی صلی اللہ علیہ وسلم فقال یا رسول

مسلمان ہوئی ایک عورت تھے پھر نکاح کیا پھر آیا پہلا خاوند اوسکا طرف نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے اور کہا یا رسول اللہ

اللہ انی قد اسلمت وعلمت باسلامی فانتزعہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ

تحقیق میں مسلمان ہوا تھا تھے اور جانتا تھا اسنے اسلام میرا پس نکالا اس عورت کو پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے

من زوجہا الآخر وردہا الی زوجہا الاول وفی روایۃ انہ قال

دوسرے خاوند کے نکاح سے اور حوالہ کیا اوس عورت کو طرف خاوند پہلا اوسکے اور ایک روایت میں یہ ہے کہ اور پہلے خاوند

انہا اسلمت معی فردہا علیہ رواہ ابوداود وروی فی شرح السنۃ

کو وہ عورت مسلمان ہوئی ساتھ میرے پس حوالہ کی حضرت نے وہ عورت اوسکو نقل کی یہ ابوداؤد نے اور روایت کی گئی شرح السنہ میں

ان جماعۃ من النساء ردہن النبی صلی اللہ علیہ وسلم بالنکاح الاول علی ازواجہن

کہ تحقیق کتنی ہی عورتوں کو پھیر دیا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے بسبب پہلے نکاح اونکے خاوندوں پر

عند اجتماع الاسلامین بعد اختلاف الدین والدار منہن بنت الولید

نزدیک جمع ہونے اسلام خاوند اور بی بی کے پیچھے مختلف ہونے دین کے اور ملک کے اونمیں سے بیٹی ولید

ابن مغیرۃ کانت تحت صفوان بن امیۃ فاسلمت یوم الفتح
بیٹے مغیرہ کی تھی نکاح صفوان بیٹے امیہ کے میں پس اسلام لائی وہ دن فتح مکہ کے

وھرب زوجھا من الاسلام فبعثت الیہ ابن عمھا وھب بن عمیر برداء
اور بھاگ گیا خاوند اوسکا اسلام لانے سے پس بھیجا حضرت نے طرف اوسکی بیٹے چچا اوسکے کو نام اوسکا وہب بن

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم امانا لصفوان فلما قدم جعل لہ رسول اللہ صلی اللہ
اپنے کے رحمت ہو اللہ کی اوپر اور سلام واسطے اللہ ان دینے صفوان کے پس جب آیا واسطے اوسکے رسول خدا صلے اللہ

علیہ وسلم تسیر اربعۃ اشھر حتی اسلم فاستقرت عندہ واسلمت ام حکیم
علیہ وسلم نے سیر کرنا چار مہینے کا یہاں تک کہ شہ مسلمان ہوا صفوان پس ٹھیری بیٹی رہی کہ بیوی اوسکی تھی اوسکے نکاح

بنت الحارث بن ھشام امرأۃ عکرمۃ بن ابی جھل یوم الفتح بمکۃ وھرب
بیٹی حارث بیٹے ہشام کی عورت عکرمہ بیٹے ابوجہل کے دن فتح مکہ کے مکہ میں اور بھاگا

زوجھا من الاسلام حتی قدم الیمن فارتحلت ام حکیم حتی قدمت
شہ خاوند اوسکا اسلام لانے سے یہاں تک کہ آیا یمن میں اور شہ چلی ام حکیم یہاں تک کہ آئی

علیہ الیمن فدعتہ الی الاسلام فاسلم فثبتا علی نکاحھما رواہ مالک
خاوند کے پاس یمن میں پس بلایا خاوند کو طرف اسلام کی پس مسلمان ہوا پس رہے دونو اپنے نکاح پر نقل کی یہ مالک نے

عن ابن شھاب مرسلا الفصل الثالث عن ابن عباس قال حرم من
ابن شہاب سے بطریق ارسال کے فصل تیسری روایت ہے ابن عباس سے کہا حرام ہوتی ہیں

النسب سبع ومن الصھر سبع ثم قرأ حرمت علیکم امھتکم الآیۃ رواہ
نسب سے شہ سات عورتیں اور شہ مصاہرت سے سات پھر پڑھی یہ آیت حرام کی گئیں تم پر مائیں تمہاری آخر آیہ تک نقل کی یہ

البخاری وعن عمرو بن شعیب عن ابیہ عن جدہ ان رسول اللہ صلی اللہ
بخاری نے۔ اور روایت ہے عمرو بن شعیب سے کہ نقل کی اپنے باپ سے اوسنے نقل کی اپنے دادا سے یہ کہ رسول خدا صلے اللہ

علیہ وسلم قال ایما رجل نکح امرأۃ فدخل بھا فلا یحل لہ نکاح ابنتھا وان
علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص کہ نکاح کرے کسی عورت سے پھر صحبت کرے اوس سے پس نہیں درست اوسکو نکاح کرنا اوسکی بیٹی سے اور اگر

لم یدخل بھا فلینکح ابنتھا وایما رجل نکح امرأۃ فلا یحل لہ ان ینکح
نہیں صحبت کی اوس سے پس جائز ہے نکاح بیٹی اوسکی سے اور جو شخص کہ نکاح کرے کسی عورت سے پس نہیں حلال ہے نکاح کرنا

امّها دخل بها اولم یدخل رواہ الترمذی وقال ھذا حدیث لا یصح
ہان اوسکی سہی صحبت کی ہو اوس عورت سے یا نہ صحبت کی ہو اوس سے روایت کی یہ ترمذی نے اور کہا یہ سلہ حدیث نہیں صحیح

من قبل اسنادہ انما رواہ ابن لھیعۃ والمثنی ابن الصباح عن عمرو بن
بسبب اسنادہ کے سوا اسکے نہیں کہ روایت کیا اسکو ابن لہیعہ نے اور مثنی بیٹے صباح کے نے عمرو بن

شعیب وھما یضعفان فی الحدیث باب المباشرۃ الفصل الاول عن
شعیب سے اور وہ دونوں منسوب طرف ضعیف کی کیے جاتے ہین پیچھے روایت کرنے حدیث کی باب ہے یہ بیان صحبت کرنیکے عورتون سے فصل اول روایت ہے

جابر قال کانت الیھود تقول اذا اتی الرجل امراتہ من دبرھا فی قبلھا
جابر سے کہ کہا تھے یہود کہتے جسوقت صحبت کرے مرد اپنی عورت سے پیچھے کیطرف سے اوسکی اگلی جانب مین

کان الولد احول فنزلت نساؤکم حرث لکم فاتوا حرثکم انی شئتم
ہوتا ہے لڑکا کانا بھینگا پس اوتری یہ آیت کہ عورتین تمہاری کھیتی ہین تمہاری پس آؤ تم اپنی کھیتی مین جس طور سے چاہو

متفق علیہ وعنہ قال کنا نعزل والقرآن ینزل متفق علیہ و
متفق علیہ۔ اور روایت ہے جابر سے کہ کہا تھے ہم عزل کرتے اوسحالمین کہ قرآن اوترتا تھا اور نہی نہ آئی روایت کی بخاری اور مسلم نے اور

زاد مسلم فبلغ ذلک النبی صلی اللہ علیہ وسلم فلم ینھنا وعنہ قال ان
زیادہ کیا مسلم نے پس پہونچی خبر اوسکی نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو پس منع کیا ہمکو۔ اور روایت ہے جابر سے کہ کہا تحقیق

رجلا اتی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فقال ان لی جاریۃ ھی خادمتنا وانا
ایک شخص آیا پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس اور کہا کہ تحقیق میرے پاس ایک لونڈی ہے کہ وہ خدمت کرتی ہے ہماری اور میں

اطوف علیھا واکرہ ان تحمل فقال اعزل عنھا ان شئت فانہ سیاتیھا
صحبت کرتا ہون اوس سے اور مکروہ جانتا ہون کہ حاملہ ہو پس فرمایا حضرت صلعم نے عزل کر اوس سے اگر چاہے تو پس تحقیق پیدا ہوگی اوس سے

ما قدر لھا فلبث الرجل ثم اتاہ فقال ان الجاریۃ قد حبلت فقال
وہ چیز کہ مقدر ہے اوسکے لیے پس دیر تک رہا وہ شخص پھر آیا حضرت صلعم کے پاس اور کہا کہ تحقیق وہ لونڈی حاملہ ہوگئی پس فرمایا

قد اخبرتک انہ سیاتیھا ما قدر لھا رواہ مسلم وعن ابی سعید الخدری
تحقیق خبر دی تھی میں تجکو کہ تحقیق پیدا ہوگی اوس سے وہ چیز کہ مقدر ہے اوسکے لیے اوسکو نقل کیا یہ مسلم نے۔ اور روایت ہے ابی سعید خدری سے

قال خرجنا مع رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فی غزوۃ بنی المصطلق فاصبنا سبیا
کہ کہا نکلے ہم ساتھ پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے بیچ غزوے بنی المصطلق کے پس پائی ہم نے بندی

اگرچہ قرآن میں موجود ہے لیکن یہ حکم منسوخ ہے
کہ ایک شخص کو دو دو لونڈیان ہون
آدمی کو نہین رہتا اور کسی وجہ سے جہان بچہ ڈالنے کو
جہان بچہ ضائع ہو
ذکر عورت کے ساتھ ہے یا نہ ہو عزل جائز ہے
کراہیت کے ساتھ اوسکی اجازت ہے اور آزاد عورت
باب المباشرۃ
سے عزل کرنیکی اجازت سے اور عزل کرنیکی
اجازت سے اور عزل کی حدیثین
راوی کے عزل کرنے سے حضرت
صلعم کے منع کرنے
عزل کرنے سے اجازت ہے اور
ابن جابر کی فصل ثانی میں
اسکی بحث آئیگی انشاء اللہ تعالیٰ
حاملہ ہوگئی لونڈی
عزل کرنے سے منع کرنا ہے وجوب
عزل سے منع نہیں کیا
لونڈی غلام

مِنْ سَبْيِ الْعَرَبِ فَاشْتَهَيْنَا النِّسَاءَ وَاشْتَدَّتْ عَلَيْنَا الْعُزْبَةُ وَاَحْبَبْنَا

بندے عرب کے سے پس سلہ رغبت کی ہمنے عورتون کی اور سخت مشکل ہوا ہمپر مجرد رہنا سلہ اور چاہا ہمنے

الْعَزْلَ فَاَرَدْنَا اَنْ نَّعْزِلَ وَقُلْنَا نَعْزِلُ وَرَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَيْنَ اَظْهُرِنَا

عزل کرنا پس ارادہ کیا ہمنے عزل کرنیکا اور سلہ کہا ہمنے عزل کرین ہم اسحالمین کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم درمیان ہمارے ہین

قَبْلَ اَنْ نَّسْاَلَهٗ فَسَاَلْنَاهُ عَنْ ذٰلِكَ فَقَالَ مَا عَلَيْكُمْ اَنْ لَّا تَفْعَلُوْا مَا

پہلے اس سے کہ سلہ پوچھین ہم اوسسے پھر پوچھا ہمنے اوسسے حکم اسکا پس فرمایا نہین نقصان حکمو پر کہ نہ کرو عزل کو نہین

مِنْ نَسَمَةٍ كَائِنَةٍ اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ اِلَّا وَهِيَ كَائِنَةٌ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَعَنْهُ

کوئی جان پیدا ہونیوالی قیامت تک سلہ مگر کرہ ہونے والی ہے متفق علیہ۔ اور روایت ہی ابی سعید خدری کی

قَالَ سُئِلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الْعَزْلِ فَقَالَ مَا مِنْ كُلِّ الْمَاءِ يَكُوْنُ

کہا پوچھے گئے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم حکم عزل کرنے کے سے پس فرمایا نہین ہوتا ہر آب سے

الْوَلَدُ وَاِذَا اَرَادَ اللّٰهُ خَلْقَ شَيْءٍ لَّمْ يَمْنَعْهُ شَيْءٌ رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَعَنْ سَعْدٍ

فرزند اور جسوقت کہ ارادہ کرتا ہی اللہ تعالیٰ پیدا کرنے کسی چیز کا تو نہین باز رکھتی اوسکو کوئی چیز نقل کی ایسلم نے۔ اور روایت ہی سعد

ابْنِ اَبِيْ وَقَّاصٍ اَنَّ رَجُلًا جَاءَ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ اِنِّيْ اَعْزِلُ

بن ابی وقاص سے یہہ کہ ایک شخص آیا طرف رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے اور کہا کہ تحقیق مین عزل کرتا ہون

عَنِ امْرَاَتِيْ فَقَالَ لَهٗ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِمَ تَفْعَلُ ذٰلِكَ فَقَالَ الرَّجُلُ اَشْفَقُ

عورت اپنی سے پس کہا واسطے اوسکے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ کیون کرتا ہی تو یہ پس کہا اوس شخص نے کہ سلہ ڈرتا ہون مین

عَلٰى وَلَدِهَا فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَوْ كَانَ ذٰلِكَ ضَارًّا ضَرَّ فَارِسَ

اوپر لڑکے اوسکے کے پس فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ اگر سلہ یہ ضرر کرتا تو ضرر کرتا فارس

وَالرُّوْمَ رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَعَنْ جُدَامَةَ بِنْتِ وَهْبٍ قَالَتْ حَضَرْتُ رَسُوْلَ

اور روم کو نقل کی یہ مسلم نے۔ اور روایت ہی جدامہ بیٹی وہب کی سے کہ حاضر ہوئی مین رسول

اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ اُنَاسٍ وَّهُوَ يَقُوْلُ لَقَدْ هَمَمْتُ اَنْ اَنْهٰى عَنِ الْغِيْلَةِ

خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس بیچ گنتے لوگونکی اسحالمین کہ وہ فرماتے تھے تحقیق قصد کیا مینے یہ کہ سلہ منع کرون مین غیلہ سے

فَنَظَرْتُ فِي الرُّوْمِ وَفَارِسَ فَاِذَا هُمْ يُغِيْلُوْنَ اَوْلَادَهُمْ فَلَا يَضُرُّ اَوْلَادَهُمْ

پھر دیکھا مینے بیچ حال روم اور فارس کے کہ وہ غیلہ کرتے ہین اپنی اولاد کو پس نہین ضرر کرتا اونکی اولاد کو

ذٰلِكَ شَيْئًا ثُمَّ سَاَلُوْهُ عَنِ الْعَزْلِ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذٰلِكَ الْوَاْدُ

یہ کچھ پھر پوچھا لوگوں نے حضرت ﷺ سے حکم عزل کرنیکا پس فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے یہ کہ یہ زندہ گاڑنا

الْخَفِيُّ وَهِيَ وَاِذَا الْمَوْءٗدَةُ سُئِلَتْ رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَعَنْ اَبِيْ سَعِيْدٍ قَالَ قَالَ

پوشیدہ اور یہ خصلت داخل ہے اس آیت میں اور جسوقت جیتے گاڑی ہوئی پوچھی جاوینگی نقل کی یہ مسلم نے۔ اور روایت ہے ابی سعید سے کہا

رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ اَعْظَمَ الْاَمَانَةِ عِنْدَ اللّٰهِ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ وَفِيْ رِوَايَةٍ

رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے تحقیق بڑی امانت نزدیک اللہ تعالیٰ کے دن قیامت کی اور ہے ایک روایت میں

اِنَّ مِنْ اَشَرِّ النَّاسِ عِنْدَ اللّٰهِ مَنْزِلَةً يَوْمَ الْقِيٰمَةِ الرَّجُلُ يُفْضِيْ اِلٰى اِمْرَاَتِهٖ

تحقیق بدترین لوگوں کا نزدیک اللہ کے باعتبار مرتبہ کے دن قیامت کے وہ شخص ہے کہ پہنچے طرف عورت اپنی کے

وَتُفْضِيْ اِلَيْهِ ثُمَّ يَنْشُرُ سِرَّهَا رَوَاهُ مُسْلِمٌ اَلْفَصْلُ الثَّانِيْ عَنِ

اور پہنچے عورت طرف اوسکے پھر ظاہر کرے بھید اوسکا نقل کی یہ مسلم نے۔ فصل دوسری روایت ہے

ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ اَوْحَى اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نِسَاؤُكُمْ حَرْثٌ لَّكُمْ فَاْتُوْا حَرْثَكُمْ

ابن عباس سے کہا وحی کی گئی طرف رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے کہ عورتیں تمہاری کھیتیاں ہیں واسطے تمہارے پس آؤ تم اپنی

اَنّٰى شِئْتُمْ وَاَدِيْرُوا وَاتَّقُوا الدُّبُرَ وَالْحَيْضَةَ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ

آخر آیت تک اگلی جانب میں اگلی طرف سے اور پچھلی طرف سے اگلی جانب میں اور بچو پرہیز کرو داخل کرنے سے مقعد میں اور حالت حیض میں

وَالدَّارِمِيُّ وَعَنْ خُزَيْمَةَ بْنِ ثَابِتٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِنَّ اللّٰهَ لَا

اور دارمی نے۔ اور روایت ہے خزیمہ بن ثابت سے یہ کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تحقیق اللہ تعالیٰ نہیں

يَسْتَحْيِيْ مِنَ الْحَقِّ لَا تَاْتُوا النِّسَاءَ فِيْ اَدْبَارِهِنَّ رَوَاهُ اَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِيُّ

حیا کرتا بیان کرنے حق کے سے نہ آؤ تم عورتوں کی پاس مقعدوں انکی میں نقل کی یہ احمد اور ترمذی

وَابْنُ مَاجَةَ وَالدَّارِمِيُّ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

اور ابن ماجہ اور دارمی نے۔ اور روایت ہے ابی ہریرہ سے کہا فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے

مَلْعُوْنٌ مَّنْ اَتٰى اِمْرَاَتَهٗ فِيْ دُبُرِهَا رَوَاهُ اَحْمَدُ وَاَبُوْدَاوٗدَ وَعَنْهُ قَالَ

